UNIVERSAL
LIBRARY
OU_232705
UNIVERSAL
LIBRARY

# برہان لائح فی تحقیق امر الذبائح

تصنیفِ شمع افروز کاشانۂ تحقیق + فروغ بخش سوادِ دیدۂ تدقیق + قدوۂ ساداتِ
عظام + زبدۂ ثقاتِ کرام یعنی صدرِ اربابِ استدلال + بدرِ آسمانِ فضل و کمال
جناب مولانا سید قمر الدین احمد عم فیضہ ما طلع الشمس و لمع الہلال کہ شرع
شریف کی جو جو مصلحتیں اور حکمتیں مقدمۂ ذبحِ حیوانات مین پوشیدہ تھین
اور بعض کو سادہ لوحون کی چشمِ ظاہر بین بوجہ زنگِ شکوک و اوہام بشکلِ
قبیح نظر آتی تھین اونکے جوہرِ حقیقت کو صیقلِ بیان سے آئینہ کی طرح چمکایا + احکامِ
نقلیہ کو دلائلِ عقلیہ سے مدلل فرمایا + سچ پوچھیے تو امورِ شرعیہ کو براہینِ حکمیہ سے
مطابق کرنا آسان نہین نہایت مشکل کام ہے + ذکاوت اسکو کہتے ہین اور نتیجہ
کمالِ استعداد علمِ معقول اسکا نام ہے + بوساطتِ سراپا ذوقِ سلیم رای ارفع
شیخ محمد یعقوب مہتمم مطبع اہتمام سے راجی غفران محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مرحوم
و تربیت یافتۂ خدمتِ او معظم محمد مصطفی خان مغفور کے نہایت خوشخط کاغذ سفید و شفاف

## مطبع نظامی واقع کانپور مین چھپا

# اعلام عام رسالۂ عجالہ المسمیٰ

# بالبرہان اللائح فی تحقیق امر الذبائح

مخفی و محتجب نہ ہے کہ یہ کتاب لاجواب جواب مین ہے اون اشخاص کے کہ بوجہ
رکھنے مذہب عقلی محض کے یا اور کسی مذہب خاص کے ذبح حیوانات کو
ظلم صریح اور ناجائز سمجھتے ہین اور مجوزین ذبح حیوانات سے
واسطے اثبات جواز و استحسان ذبح حیوانات کے ایسے ادلۂ عقلیہ اور
براہین قطعیہ طلب کرتے ہین کہ جن مین مقدمات نقلیہ کا اصلاً دخل و
مساس ہی نہو ہر چند بحث اس مسئلۂ خاصہ کی ہنود اور اہل اسلام مین بھی
اکثر ہوا کی ہے لیکن اول تو در اصل نفس مسئلۂ ذبح و اکل لحم مین مخالفت
اور بحث و کلام درمیان ہنود اور اہل اسلام کے واقع نہین ہے بلکہ جو کچھ
مخالفت و بحث و کلام درمیان ہنود اور اہل اسلام کے واقع ہوئی وہ تمام
مخالفت و بحث و کلام مبتنی تھے صرف ایک اختلاف خاص ذبح بقر پر
علاوہ اسکے جوابات اہل اسلام تو ہنود کے مقابلے مین صرف ایک
الزامی ہی طور پر مروج و مشتہر ہین رہا طریق استدلال عقلی محض اس طریق
انیق پر اثبات جواز و استحسان ذبح حیوانات ایک دو دلیل کے ساتھ

دی کسی کتاب یا رسالہ مین کمتر نظر آیا ہی مصنفین رد اعتراضات ہنود
نے طریق استدلال عقلی محض کیطرف بسبب عدم ضرورت کے شاید
کہین اتفاقی ہی تعرض و اعتنا فرمایا ہی اور کوئی خاص کتاب تو اس باب
مین متضمن ایسے ادلہ قویہ اور براہین قطعیہ کے کبھی کسی وقت مین
تصنیف ہی نہین ہوئی اور شاید تصنیف ہوئی ہو لیکن کوئی ایسی
تصنیف شائع تو ہرگز ہونے نہین پائی بلکہ کسیکے دیکھنے اور سننے مین
بھی شاید کبھی نہین آئی پس یہ کتاب لاجواب اس باب خاص مین
اگر حقیقت پوچھیے تو بالکل عجیب و جدید ہی مثل اور مولفات زمان
حال کے کچھہ تالیف نہین بلکہ تصنیف ہی اور تصنیف بھی نہایت یکتا و
وحید ہی اگرچہ غذاے گوشت تو سوا اہل اسلام کے اور اکثر فرق اور
اقوام بھی برابر کھاتے ہین کیا یہود کیا نصاری جملہ اہل کتاب اس
غذای بےمثل و نایاب کو بلا خوف و مبالات جان حیوان ہر شب و روز
نوش جان فرماتے ہین لیکن اگر دلیل و توجیہ تجویز و استحسان قتل نفس
حیوان کی پوچھیے تو لاکھہ مین ایک بھی اوس سے واقفیت نہین رکھتا
معترضین ذبح کے جوابمین سوا اس بات کے کہ ہمارے مذہب مین
ذبح کرکے کھانا ان حیوانات کا جائز ہی اور کچھہ دلیل اسکے جواز و استحسان
کی ایک آدھی بھی کوئی شخص بیان نہین کرسکتا پس جس قدر ارباب
مذاہب مجوزین ذبح کہ گوشت ہاے انواع حیوانات باتباع رسم مذہبی
و اقتضاے خواہش نفسانی رات دن چکھتے تھے لیکن وجوہ و

دلائل عقلیہ جواز و استحسان ذبح حیوان سے کچھ اصلا خبر ہی نہین رکھتے تھے اون سب حضرات کو مژدہ ہو کہ جو عجز و سکوت معترضین ذبح کے جواب مین اونکو ہوتا تھا اب اس کتاب لاجواب کے سبب سے وہ عجز و سکوت بالکل دفع ہو گیا اور جو تخطیہ اور الزام منکرین کی طرف سے عقل و حواس اکثر ناواقفون کے کھوتا تھا اس رسالہ نایاب کے باعث سے وہ تخطیہ اور الزام سرتاسر رفع ہو گیا اگرچہ حضرت مصنف نے خاصتہً اہل اسلام ہی کی طرف سے یہ جواب باصواب معترضین کو دیا ہی لیکن اگر بغور ملاحظہ کیجیے تو تمامی ارباب مذاہب مختلفہ مجوزین ذبح کو جو کہ اصلا واقفیت دلائل جواز و استحسان قتل نفس حیوان سے نہین رکھتے تھے اس صلاے ہدایت عام اور فیض تام سے ممنون احسان بے پایان اپنے کا کیا ہی الحق مزید تائید اس تصنیف لطیف کی جملہ اہل مذاہب مجوزین ذبح کے واسطے عام ہی فی الواقع کل اہل مذاہب مجوزین ذبح کے غلبہ و نصرت کے لیے یہ رسالہ ایک برہان قوی اور حجت تام ہی پس چاہیے کہ سوا اہل اسلام کے باقی تمام حضرات مجوزین ذبح بھی قطع نظر تعصب مذہبی سے فرما کر استفادہ دلائل قویہ اور براہین قطعیہ اس کتاب لاجواب کا اپنے ہم و الا ہم پر واجب و لازم جانین اور گو تعصب مذہبی اس استفادہ سے اونکو کتنا ہی مانع بھی ہو لیکن ایسے امر اہم اور فائدہ اتم مین منع متعصب کو ہرگز ہرگز نہ مانین اور بلاشک و شبہہ جو حضرات فرق مجوزین ذبح سے مطالعہ اس کتاب لاجواب کا فرمائینگے تو اس نسخہ نایاب

کے سبب سے بحث خاص جواز و استحسان و عدم جواز و استحسان
ذبح حیوان مین بہت کچھہ فوائد عجیب پائینگے اور منافع غریب اوٹھائینگے
استفادہ اون فوائد عجیب اور منافع غریب کا مستفیدان باعقل و نظر
کو غایت درجہ ممنون و شکر گذار مصنف والا تبار بنائیگا سوا حسنت
وجزاک اللہ کہنے خدا چاہیے اور کچھہ زبان انصاف بیان حضرات ممدوح پر
نہ آئیگا خلاصہ کلام یہ کہ اس گوہر یکتا اور دُر بے بہا کی قدرشناسی مین فائدہ
نفس ذات قدرشناس ہی سرتاسر متصور سمجھنا چاہیے ورنہ
خود تو یہ گوہر یکتا اور دُر بے بہا احتیاج کسیکی قدردانی
کی بھی نہین رکھتا بقول سعدی

حاجت مشاطہ نیست روی دلارام را

والسلام علے
من اتبع الہدی

✣

# ما شاء الله ولا قوة الا بالله

بفضل خداوند انام نسخهٔ مفید خاص و عام در جواز ذبح حیوانات بدلائل عقلیه و نقلیه

# البرهان الجلی فی تحقیق امر الذبیحة

از افادات علامهٔ یگانه نحریر زمانه کشاف دقائق فنون عقلیه [illegible]

باهتمام راجی غفران محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مغفور و تربیت بانیه حضرت معظم محمد مصطفی خان مسرور

در مطبع نظامی واقع کانپور مطبوع گردید ۱۲۹۲ھ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

صد ہزار شکر اوس خدای بیہمتا کی جناب مستطاب مین سزاوار ہین جسنے انسان
ضعیف البنیان کو اپنے کارخانہ قدرت سے شرف وجود جملہ مخلوقات جہان
پر عنایت کیا اور باقتضای اعطای منصب خلافت عظمی سائر موجودات جہان
پر قبضہ و اختیار حکم و تصرف کامل کا اوسکو دیا اوسی عاجز بے سروسامان
کے منافع و مصالح ذاتی کے واسطے تمام جمادات و نباتات و حیوانات کو
خلق فرمایا اوسی کمزور ضعیف البنیان کو تمام جہان پر قابض و حکمران
کر دکھایا سبحان اللہ کیسا قادر مطلق او حاکم برحق کہ جسکی قدرت حکم اور
حکم قدرت سے ایک حیوان دوسرے حیوان کے واسطے غذاے خلقی
مقدر ہوا ایک ذی روح فانی موجل کا رزق دوسرے ذی روح فانی معجل سے
اوسکے کارخانہ قدرت مین مقرر ہوا انسان اگرچہ سراپا عقل و ادراک ہی
لیکن بعد مرنے کے اوسکا جسم بھی زمین کے کیڑون یا دریا کے جانورون

کی گویا ایک مقرری خوراک ہی واہ کیا قدرت کے نیرنگ ہین اور کیسے کیسے
اوس رزاق بے منت کے رزق رسانی کے ڈھنگ ہین جسم لطیف
اشرف مخلوقات کو توسط کرم پیوند خاک یا دودہاے زمین کی خوراک قرار پانا
اوسکے حکم محکم سے عین اقتضای شرف وکمال ہی اور اجسام بعض حیوانات
کو بعد تزکیہ ذبح لقمہ طیب حضرت اشرف المخلوقات بنانا اوسکی حکمت اتم سے
آکل وماکول دونون کے حق مین کمال تقاضای مرحمت وافضال ہی پاک
جانورون کو حرکت آنی ذبح کے سبب سے شدت تکلیف مرض الموت سے بچانا
کیسا اوسکا لطف عام ہی انسان پاک سرشت کو باوجود آسان ہونے موت
ذبح کے شدت موت مرض کے ساتھ مخصوص بابتلا فرمانا کمال اوسکا اقتضای
تشریف واکرام ہی اور درود کامل نازل ہوا وپر اوس نبی امی کے جسنے
شرف ذبح کے اظہار کے واسطے اپنے تئین ازروی کمال افتخار مخاطب
بخطاب مستطاب ابن الذبیحین فی سبیل اللہ فرمایا اور امر ذبح کو باتباع
اپنے جد جلیل سیدنا ابراہیم خلیل ع کے واسطے منافع عام اہل اسلام کے
جائز اور مرخص ٹھہرایا اور بھی اوپر آل اطہار اور اصحاب کبار اوس نبی عربی
کے جو کہ قربان اور فدا ہونے والے تھے راہ خدا مین بنفوس و اموال اپنے سے
امابعد افقر بارگاہ صمد فقیر حقیر سید قمر الدین احمد ابن مبرور مغفور
مولوی سید مجد الدین احمد الکنوی مولدًا والسینپوری موطنًا خدمات عالیہ جنابات
صاحبان عقل وذکا مین بصد انکسار عرضہ گزار ہی کہ اصل باعث تحریر اس
رسالہ عجالہ مسمی بہ **برہان لائح فی تحقیق امر الذبائح** کا خاکسار

ذرۂ بیمقدار کو یہ ہوا کہ اتفاقاً ایک روز ایک کرمفرمانے فقیر خانہ عجز کاشانہ پر
رونق افروز ہوکر یون ارشاد فرمایا کہ ہمارے ایک آشنای معزز بابو صاحب
جوکہ مذہب برہما سماج رکھتے ہین اور اکثر فنون وکمالات مین اونکو دستگاہ
کامل حاصل ہی کئی روز ہوئے کہ حسب عادت ہم اونکی ملاقات کیواسطے گئے تھے
ناگہان ہمارے اور اونکے درمیان مین کچھہ تذکرہ مذاہب و ادیان مختلفہ
کا آگیا ہرچند وہ سوا مذہب برہما سماج کے اور کسی مذہب کے قائل نہین
ہین لیکن عند المکالمہ اوس روز ایسا معلوم ہوا کہ جملہ مذاہب دیگر سے مذہب
اہل اسلام کو وہ نہایت پسند کرتے ہین یہان تک کہ بعض بعض مسائل و
احکام مین تو خاصتہً دم توصیف مذہب اہل اسلام ہی بھرتے ہین اور
قرائن حالی و مقالی سے تو ایسا خیال مین آتا ہی بلکہ یقینی پایا جاتا ہی کہ اگر
بعض مسائل دین متین جوکہ فہم خاص اونکی سے دور و مستور رہین اس دین
متین مین داخل نہوتے یا آنکہ کوئی شخص سمجھانے والا اس قسم مسائل کا
اونکو ملجاتا اور غنچہ اونکے دل متحیر منزل کا اہتزاز نسیم تفہیم سے کھلجاتا تو بغالب ظن
بلکہ یقیناً وہ مذہب اسلام کو فی الفور قبول ہی کرلیتے اور مینے اونسے وعدہ
کیا ہی کہ مین کسی ایسے مسلمان ذی علم ولیاقت سے آپکی ملاقات کرادونگا
کہ جسکے سبب سے گتھی آپکی دقت واشکال کی فہم مسائل دین اسلام مین بخوبی تمام
کھلجائیگی اور جو گرد شکوک آپکے دامان خاطر عاطر پر بیٹھی ہی ترشح آب زلال
استدلال سے بوجہ احسن و طرز احسن دھلجائیگی پس بموجب اوس اپنے
وعدے کے مین تمھارے ساتھہ بابو صاحب کی ملاقات کرانا چاہتا ہون

جس وقت یہ سب تقریر اپنے کرمفرما کی مینے سنی تو اول مینے اون سے
یہ پوچھا کہ فرمائیے کونسے ایسے مسائل واحکام دین اسلام ہین جن مین
آپکے دوست بابو صاحب کو شک وتردد واقع ہے اس میرے استفسار
کے جواب مین اونھون نے یہ فرمایا کہ حقیقت تو یہ ہے کہ سوا دو امر کے اور کسی
امر مین بھی اونکو شک وتردد واقع نہین ہے ایک مسئلہ ثبوت ضرورت نبوت
دوم مسئلہ حلت ذبح حیوانات اگر یہ دونون مسئلے اونکو بدلائل عقلیہ سمجھا دیے
جائین تو غالبًا وہ اس دین متین کو بلا حجت وتکرار اختیار ہی کرلین پھر کسی
حکم مین احکام دین اسلام سے اونکو شک وتردد کسی طرحکا اصلا باقی نرہے
یہ بات سنکر مینے اونسے پوچھا کہ آیا بابو صاحب زبان اردو یا فارسی بخوبی
سمجھتے ہین یا نہین اونھون نے فرمایا کہ سوا زبان بنگالی یا انگریزی کے تو وہ
کوئی زبان بھی نہین سمجھتے تب اونکی خدمت مین مینے عرض کیا کہ اس
صورت مین مین اونکے سمجھانے سے معذور ومجبور ہون کس واسطے کہ
نہ اونکو زبان اردو یا فارسی خواہ عربی مین مداخلت ہے نہ مجھکو زبان بنگالی
یا انگریزی سے واقفیت یہ جواب واقعی تو مینے اپنے کرمفرما کو اوس وقت
دیدیا لیکن بعد اونکے تشریف لیجانے کے مین اپنے دل مین بہت کچھ
غور وتفکر اس مقدمے مین تا دیر کرتا رہا اور پس از غور وتفکر بسیار یہ بات
دل مین ٹھہرائی کہ دلائل اثبات ضرورت نبوّت کے مباحث تو اکثر کتب کلامیہ
وغیرہ مین موجود ہین بلکہ بعض رسائل خاص بھی اس باب مین دستیاب
ہوسکتے ہین جنکے ملاحظے سے تعلیم وتفہیم ہر تفسر صاحب عقل سلیم کے

بخوبی تمامتر مشہور ہی لیکن مسئلہ رخصت و اباحت ذبح حیوانات اس کے دلائل عقلی کا کوئی رسالہ مشہور البتہ نظر سے نہین گذرا جسکے ذریعے سے کسی معترض کو جواب باصواب دیا جاے یا کسی شاک متردد کا تشفی و اطمینان خاطر کیا جاے اور ہر چند کہ ہدایت تو منکرین کی بدون حکم و ارادہ الٰہی کے کسی سے بھی نہین ہو سکتی لیکن نیت خیر اور قصد ثواب سے جو کام کیا جایا کرتا ہی اجر اوسکا کبھی ضائع نہین ہوتا پس اگر بیان وجوہ و دلائل عقلی اور حل اعتراضات ذبح مین ایک رسالہ مختصر لکھا جاے تو خالی اجر و ثواب سے کسیطرح نہین ہی اور شاید کہ خداوند موفق حقیقی اوس رسالے کے سبب سے بابو صاحب کو راہ ہدایت پر لائے یا آیندہ اور کوئی شخص ہی بعون عنایت خداوندی توفیق ہدایت پائے پس حصول اس اصل ما مول کا بھی افضال بیہال خداوند مجید سے کچھہ بعید معلوم نہین ہوتا ہر گاہ یہ سب بات اس فقیر سراپا تقصیر کی خاطر فاتر مین بخوبی منتقش ہو گئی تو اوسی وقت خاکسار ذرۂ بیمقدار نے واسطے تحریر اس رسالہ عجالہ کے دست و قلم کو متوجہ کیا اور توفیق طریق رہنمائی کے خداوند ہادی بحق مفیض مطلق سے چاہئے ہو الموفق بالصواب و عندہ علم الکتاب

## آغاز کلام بہ تمہید بعض مقدمات ضروری الاعلام

قبل ذکر دلائل جواز و استحسان امر ذبح اور ردّ اعتراض معترضین کے بیان بعض مقدمات ضروری کا کیا جاتا ہی حضرات مستمعان والاشان کو اول اون مقدمات کا سُن لینا چاہیے **مقدمۂ اول** جاننا چاہیے کہ مباشرت بفعل ذبح و اکل لحم نہ شرائط دین اسلام سے ہی نہ داخل اصول و ارکان

دین متین بلکہ خصوصیات خاصۂ دین متین سے بھی نہین ہی یہانتک کہ اگر
کوئی مسلمان تمام عمر بھی مباشران دونون افعال کا نہو تو عدم اشتغال
واستعمال افعال مذکور کے سبب سے وہ شخص ملت اسلام سے کسی طرح خارج
نہین ہوسکتا بلکہ یہ عدم اشتغال واستعمال ان دونون افعال کا اوسکے کمال
اتقا اور دینداری مین بھی کسی طرح حارج نہین ہوسکتا پس عدم درک ایسے ایک امر
سے جو کہ حقیقت دین اسلام سے درحقیقت ایک شے علیحدہ ہی اور کچھہ خصوصیت
خاصہ بھی دین اسلام کے ساتھہ نہین رکھتا نفس حقیقت
دین اسلام کو مقدوح ونامستحسن جاننا کسی طرح اقتضاے عقل و
انصاف نہین ہی تقاضاے عقل وانصاف تو یہ ہی کہ دریافت حقیت
واستحسان دین اسلام کے واسطے اول اوسکے اصول وارکان کی طرف
نظر کرین پھر تمام فروع ولوازم وخصوصیات خاصہ کو بچشم عقل وانصاف
دیکھین رہے وہ امور کہ حقیقت دین اسلام سے تو خارج ہین اور شرائط
یا خصوصیات خاصہ دین اسلام مین داخل نہین ایسے امور کے سبب سے
دین اسلام کو مقدوح اور مطروح سمجھنا عقل سے بھی بعید ہی اور انصاف سے
بھی خلاف بلکہ کمال تقاضاے عقل وانصاف تو درحقیقت مقتضی اسبات
کا ہی کہ ہرگاہ تمام اصول دین متین بادلہ قاطعہ وحجج ساطعہ ثابت و متحقق
ہوجائین توخود اگر فروع وخصوصیات خاصۂ دین متین مین بھی سمجھنا کسی
ایک جزئی خاص کا مشکل ودشوار یا بظاہر خلاف عقل واعتبار ہو تو ایک
فرع جزئی خاص کے فہم مین نہ آنے سے یا بظاہر خلاف عقل واعتبار

پائے جانے سے اوس دین محقق و مدلل کو جسکے ادلہ اصول تمام مسلم و مقبول ہو چکے ہون مقدوح ماننا اور مورد طعن و تشنیع گرداننا ہرگز نہین چاہیے کیونکہ اصل اعتبار اصول کا ہی نہ فروع کا علاوہ اسکے اگر کسی دین یا آئین کے تمام احکام مقبول و معقول ہون اور احیاناً اوس دین و آئین مین ایک دو حکم ایسے بھی پائے جائین جنکا سمجھ مین آنا دشوار ہو یا بظاہر خلاف عقل و اعتبار ہو تو اون بعض شاذ احکام کے سمجھ مین نہ آنے سے یا بظاہر خلاف عقل و اعتبار پائے جانے سے وہ دین و آئین قطع نظر از اعتبار ادلہ اصول بھی نامقبول اور غیر معقول تو نزدیک عقلا کے نہین ہوسکتا خیال کرو کہ اگر کسی عالم یگانہ یا شاعر اوستاد زمانہ نے کوئی کتاب لاجواب یا دیوان بلاغت عنوان ایسا تصنیف کیا ہو جسکے تمام مضامین لطافت قرین اور اشعار آبدار نہایت مقبول اور سزاوار پسند ارباب عقول ہون لیکن احیاناً بعض مضمون اوس کتاب نایاب کے یا دو چار اشعار اوس دیوان لاجواب کے فہم عقل ظاہر سے دور و مستور بھی واقع ہوے ہون تو کیا دستور عقلا یہ ہی کہ اون بعض مضامین کتاب نایاب اور چند اشعار دیوان لاجواب کو عدم درک کے سبب سے نامقبول اور غیر معقول گمان کرین چہ جاے کہ اون بعض مضامین واہیات کے سبب سے تمام کتاب اور دیوان لاجواب کو نمانین اور مطرود و ناپسند جانین پس اگر مسئلہ ذبح جملہ احکام مخصوصہ دین اسلام سے بھی فرض کیا جاے اور وجہ اسکی اہل ظاہر کے فہم قاصر مین نہ آئے تو بھی عدم فہم کے سبب سے اس خوبی خاص

کونا معقول یا اسکے باعث سے اور تمام احکام مسلّمہ دین متین کو نامسلم
اور غیر معقول جاننا کسی طرح سزاوار عقل و اعتبار نہین ہے
**مقدمہ دوم** قبل بحث دلائل جواز و عدم جواز ذبح کے جاننا
اس بات کا بھی ضرور ہے کہ منکرین جو امر ذبح کو سخت نامناسب اور فعل
مذموم سمجھتے ہین یہ سمجھنا انکا صرف باقتضاے رقت جنسیت اور قیاس
کرنے جانون جملہ حیوانات کے اوپر جان عزیز اپنے کے ہوا کرتا ہے معہذا
سخت نامناسب اور مذموم سمجھنا فعل ذبح کا چار وجہون سے خالی نہین ہو سکتا
**وجہ اول** مٹانا کسی مصنوع الہی کا **وجہ دوم** جائز رکھنا صدمہ حرمان
تمتع بقیہ حیات کا کسی جاندار پر **وجہ سوم** تجویز نفس محرومی جاندار تمتع بقیہ
حیات مستعار سے **وجہ چہارم** ایصال تکلیف اشد ذبح کا جاندار غیر خطاوار
پر ہرگاہ یہ چارون وجہین نامناسب ہونے امر ذبح کے بیان کی گئین تو اب
اس بات کا دریافت کرنا ضرور ہے کہ آیا یہ چارون وجوہ نامناسب ہونے
کے قتل نفس انسانی اور نفس حیوانی دونون مین برابر متصور ہین یا کیا پس
اس امر کے دریافت کرنے کے واسطے بیان ان چارون وجوہ کا علحدہ
علحدہ سننا چاہیے **اما وجہ اول** پس مخفی نرہے کہ مٹانا کسی مصنوع الٰہی
کا اس سبب سے تو ناجائز ہی نہین کہ خداوند تبارک و تعالیٰ کو اوسکے مٹانے
سے کچھ ضرر و نقصان نعوذ باللہ منہا پہونچتا ہے یا اوسکے خزانہ مخلوقات مین
کسی ایک چیز یا بہت سی چیزون کے معدوم ہونے سے کمی اور خسارہ کی
صورت پیدا ہوتی ہے یا یہ کہ جس طرح آدمی کسی چیز کی صنعت مین کمال دقت

اور مشقت اوٹھاتے ہین اسی طرح خداوند تعالے کو بھی اوسکے بنانے
مین دقت اور مشقت ہوئی تھی لہذا مٹا دینے اوس مصنوع سے تضیع اوس
دقت اور مشقت کی لازم آتی ہے یا صانع حقیقی کو اوس جاندار کا بارِ دگر پیدا
کرنا ممکن نہین یا سابقہ امکان کے مشقت طلب ہے ان صورتون مین سے
توکوئی صورت بھی اس جگہ کسیطرح متصور نہین ہوسکتی ہان اس قدر قباحت
اس مٹانے مین عقلاً البتہ بظاہر لازم آتی ہے کہ خداوند عالم نے ہرگاہ کسی
چیز کو اپنی مشیت اور کمال صنعت اور قدرت سے بنایا اور خلق فرمایا تو
انسان کو اوس مصنوع قدرت کا مٹا دینا کب سزاوار ہے جادۂ عقل وادب سے
تو یہ امر بالضرور دور معلوم ہوتا ہے کیونکہ اوس خالق حقیقی نے تو ایک چیز کو
اپنی مشیت و قدرت سے بنایا دوسرا کوئی مخلوق جو اوسکو مٹا دے تو یہ
مٹانا اوسکا خلاف مرضیات حضرت خالق کائنات ضرور ہوگا علاوہ اسکے
جو جو حکمتین اور مصلحتین اوسکے پیدا کرنے مین رکھی گئی ہین ادن حکمتون اور
مصلحتون کا مٹانا بھی ضرور ہی لازم آئیگا پس جبکہ اصل منشاء اس وجہ کی
قباحت کا معلوم ہوا تو جاننا چاہیے کہ اگرچہ اسمین کوئی شک وشبہہ نہین کہ
جملہ اشیا اس عالم کی حکم ومشیت خداوندی ہی سے پیدا ہوئی ہین اور وجود
کسی شئے کا حکمت ومنفعت سے خالی نہین پیدا کیا گیا لیکن جس طرح پیدا
ہونا ہر شئ کا حکم ومشیت سے ہے اور خالی حکمت ومصلحت سے نہین ہوتا
اسیطرح ہلاک ہونا بھی ہر شی کا اوسی خداوند حقیقی کے حکم ومشیت سے
ہے اور خالی حکمت اور مصلحت سے بھی ہرگز نہین ہوتا اور اگر اہلاک ان

تمام مخلوقات کا خالی حکمت اور مصلحت سے کہا جاے تو قول محقق فعل الحکیم لایخلو عن الحکمۃ کا ابطال ضرور لازم آئے علاوہ اسکے یہ بات بھی اپنی جگہ پر بتحقیق تمامتر مقرر ہو چکی ہی کہ خداوند عالم نے جملہ اشیا کو اس جہان مین واسطے منافع اور مصالح ذاتی نوع انسان ہی کے خلق کیا ہی اور بسبب محتاج ہونے انسان کے طرف ان جملہ اشیا کے حکم عقلی اور اختیار قدرتی دخل و تصرف جملہ اشیا کا انسان کو دیا ہی پس اس صورت مین جسطرح نوع انسان کو اپنے منافع ذاتی کے واسطے پیدا ہونے تمام انواع مخلوقات کیطرف احتیاج ہی اسیطرح ان سب انواع کی ہلاکت و انعدام کیطرف بھی ضرور ہی احتیاج ہی بلکہ پیدا ہونے اکثر انواع سے مستہلک و منعدم ہو جانا اونکا تصرف و انتفاع ذاتی انسان کیواسطے یہی عین مقصود ہی یہی عدم درحقیقت اونکا اصل سبب وجود ہی دیکھو اوس صانع بیچون نے کیسی کیسی اشیا عجیب و غریب نباتات و معدنیات و حیوانات مین خلق فرمائی ہین کیا کیا صنعتین اوس خلاق بیشبہہ و نمونہ نے ان سب اشیا کے خلق کیواسطے ظہور مین آئی ہین اور بالآخر تمام عجائب قدرت کی خوبی صنعت کا مآل اور مرتبہ کمال بحکم تحقیق حقیق یہی ہی کہ حضرت انسان ان سب اشیا کو اپنے دخل و تصرف مین لائے اور قسم قسم کے منافع ذاتی ہر ایک نوع کے دخل و تصرف سے پائے اور فوائد و ثمرات اوٹھائے پس اگر مٹانا جملہ اشیای مصنوع قدرت کا مطلقاً خلاف مرضیات حضرت خالق کائنات ہوتا تو دخل و تصرف انسان کا نباتات و معدنیات مین بھی کب جائز ٹھہرتا کیونکہ ان سب تصرفات مین قطع اور برید اور تبدیل و تغییر اور بالآخر محو و معدوم کر دینا ہر ایک شی یا اکثر اشیا کا تو ضرور ہی

لازم ہوتا ہی بلکہ تصرف تام نام اسی منقلب اور محو ومنعدم کردینے کا رکھا گیا ہی
اور بدون اس تصرف تام کے انسان کی ضرورتون کا سرانجام کسی طرح پر متصور
نہین ہوسکتا رہا یہ کہنا کہ ایسا تصرف جوکہ محو اور منعدم کردینے کا سبب ہو
نباتات ومعدنیات وغیرہ مین جائز حیوانات مین جائز نہین اسکا جواب
یہ ہی کہ نفس نسبت مصنوعیت کے سبب سے تو ایسا تفاوت ہو ہی نہین سکتا
کیونکہ جس طرح نباتات ومعدنیات مخلوق ومصنوع اوس صانع حقیقی کے
ہین اوسیطرح حیوانات بھی مخلوق ومصنوع ہین اور یہ بات بھی نہین کہ
ایک نوع کا خلق کرنا خداوند صانع حقیقی پر آسان اور دوسرے نوع کا
خلق دشوار وگرانبار ہو پس مصنوع ومقدور ہونے کی نسبت سے تو جملہ
انواع مخلوقات ایک ہی مرتبہ مین برابر متصور ہین ہان اگر اس سبب سے
یہ تفاوت قرار دیا جاے کہ نباتات ومعدنیات کے تصرف مین کچھ کسیطرح کی
ایذا اونکو نہین ہوتی اور حیوان ذی روح کے تصرف مین متاذی ہونا
اوسکا ضرور ہی اس وجہ سے تفاوت ہونا ان دونون تصرفات مین
درصورت عدم قول باثبات حس نباتات جیساکہ مذہب بعض حکما کا ہی
البتہ مسلم لیکن مآل عدم تجویز تصرف مُفنیہ کا اس تقدیر پر عدم جواز تغیر وتصرف
مصنوع کیطرف راجع نہوا بلکہ صرف تاذی ذی روح کے سبب سے یہ تصرف
ناجائز ٹھہرا پس درحقیقت مآل عدم جواز کا اس صورت مین راجع ہوا طرف
وجہ رابع کے وجوہ اربعہ مذکورہ بالا سے نہ طرف وجہ اوّل یعنی عدم جواز ہدم بنیان
مصنوع کے اور بیان وجہ رابع کا آگے چلکے معلوم ہوگا علاوہ اسکے

آگے چلکے یہ بات بھی بتصریح و توضیح تمام معلوم ہوجائیگی کہ ضرورت اور مصلحت کی نظر سے تو خود بعض افراد انسانی کا معدوم و مہدوم کرنا بھی جائز بلکہ واجب ہوجایا کرتا ہی پس ہرگاہ عدم جواز ہدم بنیان مصنوع کی نظر سے خود نفس اشرف انسانی کا مٹانا بھی مطلقاً ناجائز نہین ٹھہرا تو ہدم نفوس حیوانیہ کا عدم جواز اس وجہ سے کب مطلقاً سزاوار قبول ارباب عقول ہوگا بلکہ جن وجوہ و ضرورات کے سبب سے ہدم وجود انسان عقلاً جائز ہی ہدم وجود حیوان تو اون مراتب سے کمتر مرتبہ پر بھی عقلاً مجوز ہوسکیگا

**اما وجہ دوم** یعنی جائز رکھنا صدمہ حرمان تمتع بقیہ حیات کا کسی جاندار پر یہ وجہ تو عقلاً ذبح حیوانات مین کسیطرح پر متصور ہی نہین کیونکہ ایسا صدمہ اور تاسف عقلاً مخصوص ہی ساتھہ اوس جاندار کے کہ مدرک ہو حیوانات غیر مدرک کو لحوق ایسے صدمے اور تاسف کا کب ہوسکتا ہی الحق صدمہ عقلی جوکہ اعظم و اشد اقسام صدمات سے ہی اوس قسم صدمہ اشد سے تو حیوانات بالکل ماموں و مصون ہی پیدا کیے گئے ہین رہا صدمہ حسی اس صدمہ قسم غیر اشد سے جس قدر حصہ حیوانات بحکم عقل و نظر مقرر ثابت ہوا ہی حقیقت اوسکی آگے چلکر بخوبی واضح کی جاے گی +

**اما وجہ سوم** یعنی تجویز نفس محرومی جاندار تمتع بقیہ حیات مستعار سے بیان اسکا یہ ہی کہ قطع کرنا سلسلہ انقطاع کسی متمتع کا مطلقاً تو محذور اور خلاف عقل و شعور ہی نہین ہوا چاہیے تھا کہ تصرف نباتات و اشجار بھی عقلاً ناجائز ہوتا کسواسطے کہ تمتعات نشو و نما اور تغذیہ و تنمیہ کے تو نباتات

واشجار کے واسطے بھی بالبداہہ ثابت ہین ساتھ اسکے منقطع کرنا سلسلہ تمتع نباتات واشجار کا اور محروم رکھنا اونکو اس تمتع سے کسی عاقل کے نزدیک محذور اور خلاف عقل وشعور نہین ہی اور وجہ اسکی سوا اسکے اور کچھہ معلوم نہین ہوتی کہ چونکہ نباتات مین قوت ادراک علی المذہب الاصح پائی نہین جاتی لہذا قطع کرنا اونکے سلسلہ تمتع کا کسی عاقل کے نزدیک دور و محذور اور خلاف انصاف نہین سمجھا گیا پس معلوم ہوا کہ محذور و نامحذور ہونے قطع سلسلۂ تمتع کا مدار و اعتبار صرف اوپر ثبوت ادراک و عدم ادراک اوس متمتع کے ہوا کرتا ہی ہرگاہ یہ بات مقرر ہو چکی تو اب کیفیت درک حیوانات کو اور اونکے جملہ اقسام تمتعات کو دریافت کرنا چاہیے تاکہ محذور یا نامحذور ہونا قطع سلسلۂ تمتع حیوانات کا اوس تحقیق سے بخوبی معلوم ہو جاوے اور جو قدر تفاوت درمیان سلسلہ تمتع حیوان اور سلسلہ تمتع انسان کے واقع ہی وہ قدر تفاوت بھی بوجہ احسن مفہوم ہو جاوے مخفی نرہے کہ تمتع حیوانات کی دو قسمین ہین ایک تمتع نفس وجود و حیات دوسرے تمتع اوسکے اور لوازم اور مستلذات کا لیکن قسم اول یعنی تمتع نفس وجود و حیات پس بیان اوسکا یہ ہی کہ درک و شناخت تو نفس وجود و حیات اپنے کی حیوانات کے واسطے ثابت لیکن یہ درک و شناخت حیوانات مین عقلی نہین ہی صرف درک حسی ہی لہذا حیوانات کو اس درک سے یہ بات حاصل نہین ہوتی کہ جسطرح انسان اپنے وجود و حیات کو پہچانتا ہی اور جملہ نعمای دیگر سے مقدم اور بالاتر سمجھکر قدر اوسکی جانتا ہی اور فرق و امتیاز

کرتا ہی درمیان مراتب وجود وعدم کے اسیطرح حیوان بھی اپنے وجود وحیات کو پہچانے اور جملہ مستلذات ونعماے دیگر سے اسی کو مقدم و معظم جانے اور فرق کرے درمیان مراتب وجود وعدم کے اور اوس فرق و امتیاز سے نعمت وجود کو غایت درجہ ایک شے عزیز اور نہایت عمدہ چیز خیال کرے غرض حیوانات کو نفس ادراک اپنے وجود کا اسطرح ہوا کرتا ہی جسطرح انسان کو بعض اوقات نفس معرفت اور شناخت کسی شی کی بدون لحاظ اوسکی بھلائی یا برائی کے اور مرغوب و نامرغوب ہونیکے حاصل ہو لہذا جسقدر قدر و منزلت اکل و شرب اور تمام مرغوبات اور مستلذات کی حیوانات کو ہوتی ہی اور ان لذائذ زائدہ مین سے ایک ادنی لذت کو یہ تمام حیوانات محبوب اور مرغوب جانتے ہین نفس نعمت وجود وحیات کی تو قدر منزلت اوسقدر بھی انکو نہین ہوتی بلکہ اوسکی قدر و منزلت سے تو یہ اصلا واقفیت ہی نہین رکھتے پس ہرگاہ حیوانات نے تمتع نفس وجود اپنے کی قدر و منزلت ہی نہ پہچانی تو زائل کرنا ایسی تمتع کا اونسے جسکی قدر و منزلت کا درک ہی انکو عنایت نہین ہوا ہی مثل زائل کرنے تمتع اشجار و نباتات کی کچھ محذور اور خلاف عقل و شعور نہین ٹھہرا یہ کہنا کہ حیوانات بھی تو اپنی جان کو نہایت عزیز رکھتے ہین کسواسطے کہ جملہ موذیات اور مضرات سے اپنے تئین بچانے مین ہر وقت بدل وجان کوشان رہا کرتے ہین اور علی ہذا القیاس طلب منافع کے واسطے بھی کمال کوشش اور جوشش انکی ظاہر و باہر ہی جواب اسکا یہ ہی کہ بچانا حیوانات کا اپنے تئین تمام آفات و موذیات سے کچھ باقتضاے درک عقلی اور شناخت قدر وجود اپنے کی نہین ہوتا بلکہ یہ امر ایک اقتضاے فطری اور کیفیت طبعی

اضطراری ہی خلاق مطلق اور حکیم برحق نے یہ اقتضا یعنی مادہ خوف جان کے
بچانے کا اصل فطرت ہر ذیحیات مین رکھدیا ہی عقل وادراک کی اسکیواسطے
کچھہ ضرورت نہین بلکہ مثل اقتضای قوت جذب مقناطیس وکہربا کی اس
اقتضا کو بھی سمجھنا چاہیے خود نوع انسانی مین بھی اس اقتضا کے واسطے
دخل عقل وادراک کی ضرورت نہین ہوتی چہ جاے حیوان اسیطرح طلب منافع
مین بھی کوشش کرنا حیوانات کا کچھہ بسبب درک عقلی اور شناخت قدر ومنزلت
نفس وجود کے نہین ہوتا بلکہ اس طلب کے واسطے بھی ایک اقتضای خاص
خلقت حیوانی مین رکھدیا گیا ہی اور ہر ایک طلب کی خواہش اسمین اس طرحپر
پیدا کی گئی ہی کہ بدون حاصل کرنے اپنے مطلوب کے کسی طرح صبر وقرار
ہی اوسکو نہین ہوتا الحاصل ان مقتضیات خاصہ کے غلبے کے سبب سے
کوشش کرنا حیوانات کا جلب منافع اور دفع مضرات وجود مین کچھہ ثبوت محبت
وقدر دانی نفس وجود پر دلیل نہین ہی اور الحق کہ پہچاننا قدر نعمت وجود کا
متفرع ہوا کرتا ہی اوپر درک عقلی کے نہ اوپر درک حسی کے دیکھو جب وقت کوئی
آدمی مرض جنون کے سبب سے لایعقل محض ہوجایا کرتا ہی اور اصلا شائبہ درک
عقلی کا اوسمین باقی نہین رہتا تو درک حسی کے ذریعے سے ادراک تو اپنے
نفس وجود کا اوسکو ضرور ہوتا ہی لیکن قدر ومنزلت وجود وحیات کو وہ اوس وقت
اصلا نہین پہچانتا اور کسی شے ادنی کے برابر بھی اوسکو عزیز نہین جانتا پس
جانورونکی نسبت بھی شناخت قدر نفس وجود کو قریب قریب اسی کے سمجھنا چاہیے
یہان تک بیان قسم اول تمتع حیوانات کا تھا لیکن تمتع قسم دوم پس بیان

اوسکا موقوف ہی اوپر تفصیل اقسام اور شرح مفصل اوسکے کے واضح ہو کہ تمتع و استلذاذ علاوہ نفس وجود حیات کے بھی دو قسمین ہین ایک تمتع اضطراری دوسرا تمتع غیر اضطراری تمتع اضطراری اوسکو کہتے ہین کہ جسکا کسب و استحصال کسی ضرورت لاحقہ کے سبب سے بناچاری لازم ہو اور باز رہنا اوسکی طلب وتحصیل سے کسیطرح ممکن نہو سکے اور تمتع غیر اضطراری کو نخلاف اسکے یعنی صرف نخواہش اختیاری و میلان غیر اضطراری سمجھنا چاہیے قسم ثانی اعلی درجہ تمتع و استلذاذ ہی تا آنکہ یہی قسم تمتع خاص کیا گیا ہی ساتھ اہل جنت کے یعنی جنت مین کسی لذت کے طلب کے واسطے رنج و اضطرار لاحق نہوگا پس کھائینگے اہل جنت اغذیہ لطیفہ اوسکی بدون لاحق ہونے تکلیف و اضطراب بھوک کے اور مباشرت کرینگے ساتھ اپنی ازواج کے بدون لاحق ہونے تکلیف و اضطراب شہوت نفسانی کے اور ساتھ عدم لحوق تکلیف و اضطرار غلبۂ خواہش کے تلذذ نعمای جنت کا اعلے مدارج پر ہوگا یہان اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ ہرگاہ غلبۂ خواہش ہی نہوا تو مزہ اون مستلذات کا کیا حاصل ہوسکیگا کسواسطے کہ ہر ایک چیز کا مزہ صرف غلبۂ خواہش ہی کے سبب سے ہوا کرتا ہی اور جسقدر غلبۂ خواہش زیادہ ہوتا ہی اوسی قدر شی مطلوب زیادہ تر مرغوب ہوتی ہی بدون پیاس کے اگر پانی پیین تو کچھہ بھی مزہ اوسکا حاصل نہین ہوتا اور اگر حالت تشنگی مین پیین تو غلبۂ تشنگی جسقدر زیادہ تر ہوگا پانی کا مزہ بھی اوسیقدر زیادہ تر ہوگا جواب اس اعتراض کا یہ ہی کہ غلبۂ اضطرار خواہش مولمہ مین جو کوئی چیز نہایت مرغوب ہوا کرتی ہی تو یہ نہایت مرغوب

ہونا صرف دفع رنج و تکلیف خواہش مولمہ کے سبب سے ہوتا ہی نہ نفس
مدرک لذت و خوبی مستلذ کی سبب سے پس اوس تلذذ اضطراری کو اس طرح
سمجھنا چاہیے جسطرح کسی شخص کے پیٹ مین بشدت درد اوپیچ لاحق ہو جسکے
سبب سے وہ شخص تڑپنے لگے پس اوس وقت کوئی شے اوسکو زیادہ اس سے
مرغوب نہین ہوتی کہ کسی طرح وہ تکلیف درد اوسکے دفع ہو جاے ہرگاہ وہ
شخص بیت الخلا جاتا ہی اور دفع ریاح و فضلات سے اوس درد لاحق مین تسکین
پاتا ہی تو اوس تسکین کے وقت جیسی کچھہ راحت اور کمال تلذذ کی کیفیت اوسکو
حاصل ہوتی ہی اوس راحت و تلذذ کو خیال کرنا چاہیے کہ جملہ مستلذات و
مرغوبات جہان سے اوس وقت وہ کیفیت خاص اوسکو زیادہ تر پسندیدہ و
مرغوب ہوا کرتی ہی حال آنکہ وہ کیفیت انعدام درد کی فی نفسہ کوئی شی تلذذ
کی نہین ہوتی اور اگر کوئی شی تلذذ کی ہوتی تو چاہیے تھا کہ قبل لحوق درد
کے بھی باعث تلذذ ضرور ہوتی کس واسطے کہ حالت صحت مین قبل لحوق درد
کے بھی تو یہی حالت آسایش جو کہ بعد سکون درد کے حاصل ہوئی حاصل
تھی اوس وقت تو ادنی لذت و مسرت بھی اوسکی اس شخص کو معلوم نہوئی
اسی طرح وقت لحوق درد کے کسی عضو ظاہری مین زور سے پکڑنا اور دبانا
اوس عضو کا کس قدر باعث راحت و آسایش کا ہوتا ہی حالانکہ بدون لحوق
درد کے اوس طرح زور سے پکڑنا اور دبانا اصلا موجب راحت و آسایش کا
نہین ہوتا بلکہ موجب کسی قدر ایذا اور تکلیف کا ہوا کرتا ہی یا وقت غلبہ خارش
کے کھجلانا بدن کا لذت اس کھجلانے کی جیسی کچھہ ہی بر ظاہر حال آنکہ کھجلانا

فی نفسہ کوئی چیز تلذذ کی نہین ہی بلکہ درحقیقت تو وہ ایک موذی اور مکلف شی
ہی اگر بدون خارش کے کسی محل بدن کو کھجلائین تو بغایت مکلّف وناگوار ہو
مگر صرف دفع تکلیف مولمہ خارش کے سبب سے جسقدر لذت اس امر غیر مرغوب
کی ہوا کرتی ہی بیان اوسکا نہین ہوسکتا پس حالت غلبہ خواہش مولمہ مین نہایت
مرغوب معلوم ہونا کسی شی کا صرف دفع رنج وتکلیف کے سبب سے ہوا کرتا ہی نہ بسبب
نفس تلذذ شے مطلوب کے نفس تلذذ شی مطلوب تو غلبۂ خواہش مولمہ کے سبب سے
مغلوب بلکہ مسلوب ہی ہوجایا کرتا ہی دیکھو شدت غلبہ جوع کے وقت کیسی ہی
کوئی بدمزہ اور نالائق شی کھالیجائے نہایت مرغوب معلوم ہوتی ہی اصلا برائی
یا بدمزگی اوسکی ظاہر نہین ہوتی الحق جملہ مرغوبات جہان کا اصل ذائقہ اور
مزہ حالت اختیار اور عدم لحوق اضطرار ہی مین دریافت کرنا چاہیے والا غلبۂ
اضطرار خواہش تو درحقیقت مانع ادراک اصل ذائقہ کا ہوا کرتا ہی اور محصل کلام
اس مقام مین یہ ہی کہ اگرچہ نفس خواہش تو تمتع غیر اضطراری مین بھی ضرور ہوتی ہی
لیکن وہ خواہش کچھہ خواہش تمتع اضطراری کی طرح ایسی غالب نہین ہوتی کہ باز رہنا
اوس سے کسی طرح ممکن نہوسکے اور ساتھہ عدم غلبۂ خواہش مذکور کے بھی تلذذ
تمتع غیر اضطراریکا اعلے مدارج تلذذ ہوا کرتا ہی جس طرح تلذذ میوہ کہ انبہ وغیرہ
کہ باوجود غالب اضطراری نہونے خواہش میوہ مذکور کے تلذذ
اوسکا اعلی مدارج تلذذ ہی پس اصل تلذذ اور یہین اقسام تلذذ اس تلذذ تمتع
غیر اضطراری ہی کو سمجھنا چاہیے کہ ادراک اسکے کمال خوبی اور مرغوبی کا کچھہ
بسبب رفع الم خواہش مولمہ اضطراری کے نہین ہوتا بلکہ اصل درک لذت شے

مطلوب مرغوب کے سبب سے ہوا کرتا ہی ہرگاہ اصل ماہیت اور کیفیت
تمتع اضطراری اور غیر اضطراری کی معلوم کی تو اس بات کو سمجھنا چاہیے کہ
چونکہ حصول تلذذ تمتع اضطراری کا صرف حدوث و انعدام حالت احتیاج و اضطرار
کے سبب سے ہوا کرتا ہی نہ بدون اسکے لہذا باز رکھنا کسی متمتع کا اس تلذذ
سے دو طریق پر متقرر ہی ایک یہ کہ حالت احتیاج اور اضطرار کی باقی رہے
اور ساتھ باقی رہنے اس احتیاج کے تمتع شے مطلوب و محتاج الیہ سے باز رکھین
جسطرح باز رکھنا کھجلانے سے باوجود موجود رہنے غلبۂ خارش کے دوسرے
یہ کہ اصل حالت احتیاج کی باقی نرہنے یا باقی نرکھنے کے ساتھ اوس
تمتع سے باز رکھین جسطرح باز رکھنا کسی صاحب خارش کا کھجلانے سے ساتھ
دفع ہونے یا دفع کرنے اصل مادۂ خارش کے پس ظلم اور بیرحمی اگر متصور ہی
تو صورت اول مین ہی نہ صورت ثانی مین کیونکہ ہرگاہ اصل منشاء اضطراری کا
باقی نرہا تو باز رکھنا تمتع اضطراری سے ظلم اور بیرحمی کب ٹھرا بعد سننے اس
تمام تمہید کے مخفی نرہے کہ اغلب تمتعات اور اصل اصول تمتعات جملہ
حیوانون کے اضطراری ہین نہ اختیاری کسواسطے کہ کھانا پینا ہگنا موتنا
یہی سب تمتعات اضطراری ہین جنمین تمام حیوانات شب و روز مشغول و
منہمک رہا کرتے ہین پس ایسے تمتعات اضطراری سے باز رکھنا حیوانات کا
اگر اس طرح پر ہو کہ ساتھ باقی رہنے کیفیت اضطرار کے ان تمتعات سے باز
رکھین اور ترسائین جس طرح باز رکھنا کسی بھوکے پیاسے جانور کا تمتع اکل و
شرب سے ساتھ موجود اور باقی رہنے کیفیت احتیاج و اضطرار کے

اس طرح کا محروم رکھنا تمتع مطلوب سے البتہ نہایت معیوب ہی اور موجب ظلم اور بیرحمی سراسر متصور ہو سکتا ہی رہا باز رکھنا ایسے تمتعات اضطراری سے دوسرے طریق پر یعنی یہ کہ اصل مادۂ اضطرار ہی باقی نرہے جس طرح کہ ساتھ دفع ہونے یا دفع کرنے اصل خواہش و اضطرار جوع و عطش کے تمتع اکل و شرب سے کسی جاندار کو باز رکھیں یہ باز رکھنا عقلاً ظلم اور بیرحمی کسی طرح نہین ہو سکتا اور اس قسم باز رکھنے مین کچھ کسیطرح کا اصلا رنج و آزار کسی جاندار کو نہین پہونچتا یہ سب تو بیان جواز و عدم جواز قطع سلسلۂ تمتع اضطراری کا تھا باقی رہا تمتع غیر اضطراری اگرچہ ایک قسم تمتع غیر اضطراری کی بھی حیوانات مین پائی تو جاتی ہی جس طرح کودنا اور کلیل کرنا چوپایون کا یا خوشی کے ساتھ سبزہ زارون مین اوڑتے ہوے پھرنا طیور کا ایسے تمتعات تو حیوانات مین بھی غیر اضطراری اور قبیل تمتعات اختیاری سے ہوا کرتی ہین لیکن اول تو خود اس قسم کی تمتعات ہی حیوانات مین نہایت کم ہین علاوہ اسکے خواہش اکل و شرب وغیرہ مقتضیات اضطراری کا غلبہ حیوانات مین اس قدر زیادہ تر رکھا گیا ہی کہ جسکے روبرو تمتعات غیر اضطراری کا ظہور ان مین نہایت کم بلکہ کالعدم سمجھنا چاہیے اور باانیہمہ قسم تمتعات غیر اضطراری سے تو باز رکھنا حیوانات کا انسان کے واسطے بضرورت اپنے فوائد اور منافع ذاتی کے باتفاق جملہ عقلا جائز ہی ٹھہر چکا ہی چنانچہ باندھکر رکھنا جانورون کا اور بہ سبب قید و بند کے محروم رکھنا اونکو کودنے اور کلیل کرنے سے اور باز رکھنا اونکے بچہ ہاے شیر خوار کا قرب و مجاورت مادر سے واسطے بچانے شیر کے یہ سب کام بلا بحث و کلام

مقبول بلکہ معمول جملہ عقلای انام کے ہو چکے ہین پس جسطرح حالت زندگی حیوانات
مین باز رکھنا اونکا اس قسم تمتعات غیر اضطراری سے انسان کے واسطے
جائز قرار دیا گیا اسیطرح ذبح کرنے کے ساتھہ بھی باز رکھنا اونکا اس قسم تمتعات
سے بلا شبہہ جائز ہی ٹھہرا بلکہ حالت زندگانی مین تو اونکو اس قسم تمتع سے
باز رکھنا بہ نسبت اس دوسری صورت کے نہایت اشد ہے کیونکہ اوس حالت مین
جیتے جی ترسانا حیوانات کا اس قسم مستلذات سے ہوا کرتا ہی بخلاف اس صورت
دوم کے کہ جیتے جی ترسانا اونکا لازم نہین آتا الحاصل بوجوہ مصرحہ مذکورہ قیاس
کرنا سلسلہ تمتعات حیوانی کا اوپر سلسلہ تمتعات انسانی کے کسی طرح سزاوار
قبول ارباب عقول نہین ہو سکتا علاوہ اسکے نوع انسان کو سوا ان تمتعات
فانی جسمانی کے تمتعات باقی نفسانی بھی ہزارون ثابت ہین پس سبب اسکے
کہ تمتعات عقلی و نفسانی نوع انسانی کے اعلے قسم تمتعات سے ہین اور وہ
سب تمتعات ساتھہ بقاے نفس ناطقہ کے باقی دائمی ہوا کرتی ہین نہ مثل
تمتعات جسمانی کے فانی انی لہذا بسبب ماسول ہونے حصول ایسے تمتعات
عمدہ اور باقی کے یا محتمل ہونے ظہور و صدور اون منافع تام اور فوائد عام کے
جنکے آثار و اطوار ہمیشہ کے واسطے یا بہت مدتون کے لیے اس جہان فانی
مین باقی رہ سکتے ہین ہر ایک لحظہ بقاے حیات اور حصول تمتعات انسانی
کا نہایت ہی عزیز اور کمال درجہ بیش بہا چیز ہے بحدیکہ ہزار سال زندگانی حیوان
پر ایک لمحہ حیات انسان ضعیف البنیان کا تفوق و ترجیح صریح رکھتا ہے +

**اما وجہ چہارم** یعنی تکلیف ذبح پس اب بیان اوسکی حقیقت کا سننا چاہیے

یہ بات تو ظاہر ہے کہ کارخانہ تقدیر خداوند قدیر مین مدار و انحصار جملہ کاروبار
انسانی کا اوپر خلق انواع حیوانات ہی کے مقدر اور مقرر رکھا گیا ہے اور نوع
انسان ضعیف البنیان غایت درجہ حاجتمند پیدا کی گئی ہے اپنے کارہاے
ضروریہ کے روا اور اجرا مین طرف انواع حیوانات کے علاوہ اسکے یہ امر
بھی کسی طرح مخفی نہین کہ ہر انتفاع اور کارروائی انسان کی حیوانات سے
موقوف ہوا کرتی ہے اوپر تکلیف دہی اور رنج رسانی حیوانات کے کیونکہ بدون
تکلیف دہی اور رنج رسانی حیوانات کے تو اسکا کوئی کام بھی سر انجام نہین پا سکتا
یعنی تا وقتیکہ انسان حیوانات کو مقید و محبوس نہ رکھے اور ہلون مین تمام تمام دن
جوتنے اور منزلون مین سوار ہو کر تمام تمام دن ہانکنے اور دوڑانے کی تکلیف
نہ دے اور منون بار اپنا اور اپنے تمام حوائج و ضروریات کا اوپر نہ لادے اور
ان تمام مشقتہاے شاقہ کے لینے مین تمام تمام زد و ضرب نکرتا رہے
اور اوقات ضرورت مین بیرحم ہو کر سختی تمام مار مار کر اونکو نہ دوڑاے اور شدت
تب و تاب اور تعب و مشقت بیحد و حساب سے عرق عرق اونکو نہ کر دیا کرے تو
حصول مطلب اور اجراے کار اون سب حیوانات سے سراسر محال و دشوار ہے
لہذا اسی مصلحت اور ضرورت کی نظر سے حضرت حکیم مطلق اور صانع برحق نے
اپنی حکمت بالغہ کے اقتضا سے ایسی تدبیر قدرتی کے ساتھ ان حیوانات کو
خلق فرمایا ہے کہ قواے مدرکہ کو تو ان حیوانات کی بہ نسبت انسان کے نہایت
کند اور ضعیف الحس خلق فرمایا اور بعوض اسکے اونکی قوت طبعی اور مزاجی کو
بہ نسبت انسان کے غایت درجہ قوی اور مضبوط بنایا تا کہ جس وقت انسان

اونکو اپنے منافع اور ضرورات کے واسطے تکلیف دہی اور رنج رسانی کرنا چاہیے
تو اول تو بسبب ضعف اور کندی قوت حاسہ کے انکو حس و درک ہی اون
شدائد و تکالیف کا چندان نہو دوم اگر تکالیف کا احساس بھی ہو تو بسبب قوت
طبعی اور مزاجی کے جسقدر احساس رنج و تکلیف کا ہو اوسکو بخوبی اوٹھائین اور
شدائد و تکالیف لاحقہ کو چندان خیال مین نہ لائین پس ایسی حکمت بالغہ حکیم مطلق
کا سبب ہے کہ حیوانات کیسے کیسے شدائد و تکالیف پاتے ہین اور کیا کیا زور آور
زیادتیان انسانون کی اوٹھاتے ہین آدمی کیسا ہی مضبوط اور جفاکش کیون
نہو اگر عشر عشیر بھی اون شدائد و تکالیف کا پائے اور یکی از ہزار و اندکی
از بسیار بھی اون مشقتون مین سے اوٹھائے تو غالبًا ایک ہی دو روز
مین اون شدائد و تکالیف سے جانبر نہو سکے اور بھلا یہ شدائد و تکالیف
تو حیوانات پر صرف نوع انسان کے زور اور زبردستی کے سبب سے
ذکر کی گئین قطع نظر ان شدائد و تکالیف کے بھی فی نفسہ جو کچھ سامان
خلقی معیشت و زندگانی حیوانات کا مقرر ہے وہ خود بہ نسبت سامان معیشت
نوع انسان کے اس قدر سخت تر اور درشت تر واقع ہوا ہے کہ اگر انسان
اوس قسم سامان معیشت کے ساتھہ زندگی کرنا چاہے تو کسیطرح اوس سے
ممکن ہی نہو سکے جو وجوہ و اسباب کہ حیوانات کے واسطے سراسر
موجب آسایش و آرام ہین انسان کے حق مین وہی وجوہ و اسباب
سراپا باعث تعب و ایلام ہین دیکھیے اصل مدار سکونت و قرار حیوانات کا کچھہ
اون قصور و ایوانات پر جو کہ صدمات حر و برد وغیرہ آفات ارضی و سماوی

سے بچا سکین نہین رکھا گیا نہ پہننا لباس دافع رنج و ضرر کا اونکے واسطے مقرر ہوا ایس اصل وضع خلقی اونکی معیشت کی اکثر اسیطرح پر مقرر ہی کہ جسم عریان کے ساتھہ بلا قصور و مکانات کے بآسایش تمام بسر کرتے ہین نہ شدت تمازت آفتاب چندان اونکو ستاتی ہی نہ تکلیف ایام برف و برد اور صعوبت ہوای سرد سے جان سخت اونکی چندان رنج و ضرر اوٹھاتی ہی انسان ضعیف اگر اس طرح پر بسر کرنا چاہے تو نہایت دشوار اور خارج اوسکے حیز اختیار سے ہی علی ہذا القیاس قوای شامہ اور ذائقہ مین بھی حیوان اور انسان کے اتنا بعد و تفاوت رکھدیا ہی اور اس درجہ فرق و امتیاز مقرر کیا ہی کہ انسان کو کسی نہایت متعفن جگہ پر ایک دم ٹھہرنا یا کسی نہایت تلخ اور بدمزہ چیز کا اندک چکھنا اور زبان پر رکھنا موجب اذیت جانی اور باعث تکلیف روحانی کا ہوا کرتا ہی بخلاف جانورون کے کہ اگر کیسی ہی بدبودار متعفن جگہ پر گذرین یا ٹھہرین اوس تعفن و بدبو کی اصلا پروا بھی اونکو نہین ہوتی بلکہ اکثر بدبودار چیزین تو خود خوراک اصلی ان جانورون کی مقرر ہوئی ہین اسی طرح جو جو حشائش و نباتات تلخ و بدمزہ خوراک مرغوب اور غذاے مطلوب جانورون کی واقع ہوئی ہین انسان لطیف المزاج کو تو ذرا چکھنا اور زبان پر رکھنا بھی اونکا دشوار اور خارج از حیز اختیار ہی اور قوت لمس مین تو مابین انسان اور حیوانات کے اسقدر تفاوت شدید اور بون بعید واقع ہوا ہی کہ جن جن خار و خس کو حیوانات مثل حلواے بے دود ھ کے کھاتے ہین انسان ضعیف لطیف اگر ایک لقمہ بھی اونکا کھائے تو کمال سختی اور تیزی اور خشونت کے سبب سے حلق و دہان ہی اس بیچارے کا پھٹ جاے

اور یقین ہی کہ ایک ہی دو لقمہ مین خود مائدہ زندگانی سے ہاتھ اوٹھائے جانور جس مزے کے ساتھ خارہاے خشک کو مثل حلواے تر کے کھاتے ہین انسان لطیف و ضعیف تو کچے اناج کو بھی اوس طرح بے تکلف محض نہین کھا سکتا الحق اصل سبب ان تمام تفاوت و امتیازات شدید کا مابین انسان اور دیگر حیوانات کے یہی ہی کہ جانورون کو خداوند علیم حکیم نے بہ نسبت نوع انسان کے نہایت قوی الطبع اور ضعیف الحس خلق فرمایا ہی اور چونکہ خلقت جانورون کی مثل انسان کے مدنی الطبع مقرر نہین کی گئی اور قوت اکتساب صنائع وغیرہ کی بھی اونکو نہین دی گئی لہذا اگر خداوند علیم حکیم اس طرح قوی الطبع اور ضعیف الحس اونکو خلق نفرماتا تو بسر ہونا اونکی زندگانی کا جس طرح پر کہ مقرر ہی سخت اشکال بلکہ سراسر محال ہوجاتا پس درحقیقت حکمت مقتضی اسی بات کی تھی کہ کمال قوت تحمل شدائد و تکالیف کی حیوانات کو دیجاے اور اصل خلقت اونکے درک آلام واذیات مین بہ نسبت انسان کے نہایت ضعیف الحس مقرر کیجاے الحاصل غایت ضعیف الحس اور قوی الطبع ہونا حیوانات کا تو درک و احساس جملہ انواع مولمات مین بالبداہۃ ثابت اور متحقق ہی پس ہرگاہ اور تمام اقسام شدائد و تکالیف کے ادراک مین مابین نوع انسان اور اور حیوانات کے بون بعید اور تفاوت شدید ثابت ہوا تو درک و احساس تکلیف ذبح مین بھی تفاوت شدید اور بون بعید ہونا ضرور ہی مسلم ٹھہرا کسواسطے کہ اصل مدار و انحصار تو قوت اور حدت احساس جملہ مفرحات و مولمات کا حدت و قوت الہ حس پر رکھا گیا ہی نہ فقط نفس ذی روح یا ذی حس ہونے پر

کیونکہ نفس ذی روح ہونے کے واسطے تو نود لزوم وثبوت نفس احساس کا بھی ضروری نہین ہی اور اگر ایسا ہوتا تو عارضہ خدر یعنی سُن مین باوجود ذی روح ہونے جسم کے ابطال احساس ہونا اور کبھی بعض اعضاے انسان اور حیوان کا باوجود ذی روح ہونے کے اصل خلقت مین غیر ذی حس پیدا ہونا کب ممکن تھا رہا نفس ذی حس ہونا اوسکی واسطے بھی قوت وحدت احساس کی کچھہ خواہ مخواہ لازم نہین ہوتی کسواسطے کہ باوجود شہرت اس بات کے کہ حس لمس تمام جسم انسانی مین پھیلی ہوئی ہی مرتبہ احساس تمام اعضا کا برابر نہین ہوتا ظاہر اعضا مین از انگشت سبابہ تا سائر اعضای دیگر کس قدر فرق مرتبہ احساس ایک عضو کا دوسرے عضو سے ثابت و متحقق ہی علاوہ اسکے ہنگام لحوق الم شدت بخار یا تبخیر باوجود مبتلا ہونے تمام بدن سرتاپا کے یا تمام اعلے حصہ بدن کے صدمہ رنج وتکلیف مین جس قدر صدمہ اوس رنج وتکلیف کا قلب ودماغ پر ہوا کرتا ہی اور کسی عضو پر عشر عشیر بھی اوسکا نہین ہوتا حال آنکہ بتقریر قوت احساس مین تو سبھی اعضا شریک ہوتے ہین پس باوجود ذی حس ہونے اور اعضا کے مرتبہ درک واحساس قلب ودماغ اور درک واحساس دیگر سائر اعضا مین کس قدر بعد وتفاوت بیّن معیّن ہی غرضکہ ہر ذی روح کے آلات حسیہ مین جو ایک مرتبہ خاص درک واحساس کی قوت خلقی کا از روے اقتضاے مزاج نوعی یا شخصی کے عنایت ہوا ہی کم وبیش اوس مرتبہ سے کسی راحت یا اذیت کا احساس بھی کوئی ذی روح ہرگز نہین کرسکتا لہذا کمال درجہ متفاوت ہونا اذیت ذبح حیوان اور اذیت ذبح انسان کا بسبب تفاوت خلقی مرتبہ قوت

احساس ان دونون کی اوس قبیل سے ہو کہ جسکا کوئی عاقل بھی انکار
نکرسکیگا خلاصہ مقصود اس تمام مقدمے کا یہ ہو کہ جن جن وجوہ کی نظر سے منکرین نے
امر ذبح کو قتل نفس انسان پہ قیاس کیا ہی اور اس قیاس کے سبب سے نہایت
اشنع اور قبیح قرار دیا ہی غلطی فہم منکرین کی قیاس مراتب مذکور مین بالضرور ثابت
الحق جسقدر قبائح عقلی ذبح حیوان مین متصور تھین بیان اون سب قبائح کا
بشرح وبسط تمام کیا گیا اور جواب باصواب بھی ہر ایک قباحت کا بوجوہ موجہ
عقلیہ دیا گیا اوس سب شرح وبیان سے یہ بات بخوبی ثابت ہوگئی کہ سوا نفس
تکلیف ذبح کے اور کوئی قباحت تو درحقیقت اس جگہ معتبر ہی نہین ہو سکتی
رہی نفس تکلیف ذبح ہونا تو اوسکا مسلم لیکن چونکہ بہ نسبت تکلیف اشد قتل انسان
کے جسپر اصل قیاس اسکا کیا گیا تھا یہ تکلیف درحقیقت تکلیف خفیف و اخف
واقع ہوئی ہی نہ برابر تکلیف قتل انسان کے اشد وازید لہذا بناے قیاس مذکور
پر اعتبار شناعت اس تکلیف کا بھی مقبول اور سزاوار پسند ارباب عقول نہین ہی
اور محصل کلام اس مقام مین یہ ہی کہ مزاج انسانی اعدل امزجہ ازروی خلقت
کے واقع ہوا ہی یعنی جو مرتبہ اعتدال خلّاق حقیقی نے مزاج انسان کو عنایت فرمایا ہی
وہ مرتبہ اعتدال اور کسی نوع کو انواع حیوانات سے ہرگز عنایت نہین فرمایا
یہان تک کہ اقرب امزجہ طرف اعتدال حقیقی کے مزاج انسان ہی واقع ہی
چونکہ نفس ناطقہ انسانی اشرف و اکمل تھا مزاج بھی مبدر فیاض سے
واسطے تعلق اوس نفس کے موافق شان اور احتیاج اوسی نفس کے عنایت
ہوا یا یہ کہیے کہ جیسا مزاج اعدل تھا ویسا ہی نفس بھی اوسکے تعلق کیواسطے

اکمل تجویز ہوا لہذا جو قوت اور صحت اور حدت ادراک حسی کے بسبب اعدل
ہونے کے انسان کو حاصل ہی وہ قوت اور صحت اور حدت ادراک حسی کے
اور کسی نوع کو انواع حیوانات سے ہرگز حاصل نہین ہوئی یعنی درک حسی
انسان کا ادراک حسی جانداران دیگر سے ہزار درجہ فائق تر واقع ہی اور قیاس
ایک کے مرتبہ حس کا دوسرے کے مرتبہ حس پر کسیطرح معتبر نہین ہو سکتا یہان
اگر کوئی یہ اعتراض کرے کہ بعض جانورونکو توبعض حواس خاص نسبت حواس خاص انسانی
کے اس قدر زیادہ تر قوی عنایت کیے گیے ہین کہ عشر عشیر بھی اوس قوت
کا حاسہ خاصہ انسانی مین بمقابلہ حاسہ خاصہ حیوانی کے پایا نہین جاتا چنانچہ
بعضے طیور حالت طیران مین غایت بلندی سے ایک ادنے اشی کو زمین پر
دیکھکر اوتر آتے ہین انسان اگر اوس قدر بلندی سے اوس شی کا دیکھنا
چاہے توکبھی بھی نہین دیکھہ سکتا چیونٹی کی قوت شامہ کا یہ حال ہی کہ مٹھائی
وغیرہ شی مرغوب اوسکی کہین کیسی ہی حفظ و احتیاط کے ساتھہ کیون نرکھی ہو صرف
زور و قوت شم سے درک اوسکا کرکے محل مطلوب پر اکثر پہونچ جایا کرتی ہی حالآنکہ
انسان کو اوس طریق پر ہرگز درک اوس شے کا نہین ہو سکتا
پس ان وجوہ سے یہ بات ظاہر ہی کہ کچھہ فقط نوع انسان ہی کو کمال قوت درک
حسی کی عنایت نہین ہوئی بلکہ بعض انواع حیوانات تو نوع انسان سے بھی اس
مرتبہ درک مین افضل اور اکمل واقع ہوئی ہین اور اگر کمال قوت اور حدت درک
حواس کی کمال اعتدال مزاج نوعی ہی کے سبب سے تسلیم کیجاسے تو جو بعض
جانور کہ غایت طاقت اپنی کسی حاسہ خاصہ مین حاصل رکھتے ہین چاہیے کہ یہ غایت

طاقت اونکی حاسہ خاصہ کی بھی کمال اعتدال مزاج نوعی ہی کے سبب سے مسلم ہو
اور اختصاص کمال اعتدال مزاج نوعی کا ساتھہ انسان کے کوئی امر ہی نہ ٹھہرے
جواب اس اعتراض کا یہ ہی کہ بعض قسم حیوانات کو جو کمال قوت کسی حاسہ خاصہ
کی گویا بطور فضل جزئی کے عنایت کی گئی ہی صرف بسبب ضرورت خاصہ نوعیہ کے
یہ صفت خاص اوسکو عنایت ہوئی ہی کس واسطے کہ حکیم مطلق نے جس طریق و
عنوان خاص پر جس جاندار کی خلقت نوعی بنائی ہی موافق ضرورت و احتیاج
اوس نوع خاص کے کوئی قوت اور صفت کارروائی ضروری خاص کی بھی ضروری
اوسکو عنایت فرمائی ہی مثلاً مثلاً جس جانور کی خوراک نوعی دریا کے اندر کی
پیرتی ہوئی مچھلی مقدر اور مقرر کردی گئی ہی اوس جانور کو ایک چالاکی اور قوت
خاص طیران اور عروج و نزول کی اور بھی تیزی اور سرعت خاص قوت نظر کی
اس طرح پر عنایت ہوئی ہی کہ اور کسی جاندار کو اس صفت خاص کا ایک شائبہ
بھی عنایت نہین ہوا اسیطرح اور بعض بعض جانورون کا بھی اختصاص ساتھہ کسی
صفت خاص کے باقتضای حکمت خداوند حکیم و فیاض مطلق صرف ضرورت
نوعی خاص ہی کے سبب سے سمجھنا چاہیے پس یہ اختصاص خاص کسی نوع حیوان
کا دلیل اس بات پر نہین ہوسکتا کہ وہ حیوان خاص حدت و قوت جملہ حواس مین
اور کمال اعتدال مزاج نوعی مین بدیل و عدیل نوع انسان کا واقع ہوا ہی یا
صفت کمال اعتدال مین انسان سے بھی زیادہ تر مفتخر خلق کیا گیا ہی کسواسطے
کہ جو حدت اور قوت ادراک حسی کی کمال اعتدال مزاج نوعی کے سبب سے
ہوا کرتی ہی وہ حدت و قوت مخصوص ساتھہ ایک حاسہ خاصہ کے ہرگز نہین ہوسکتی

بلکہ نسبت مزاج نوعی کے سبب سے تو جملہ حواس مین اوس حدت اور
قوت کا ظہور ضرور چاہیے رہا صرف ایک حاسہ خاصہ مین قوت کا زیادہ ہونا
اور اور تمام حواس مین ضعف ہونا یہ نہین ہوتا مگر مزاج نوعی یا شخصی کے ایک
نوع اقتضای خاص کے سبب سے یہان تک کہ بعض افراد انسانی مین بھی اس قسم
کی حدت اور قوت خاص ایک حس کے ساتھہ ضعف اور تمام حواس و آلات
کی خصوصیت مزاج شخصی ہی کے سبب سے ہوا کرتی ہی نہ بسبب کمال اعتدال مزاج
شخصی کے غرضکہ از دیاد قوت کسی ایک حاسہ خاصہ کا دلیل اوپر کمال اعتدال مزاجی
کے نہین ہوسکتا علاوہ اسکے اول تو ہمارا کلام اس مقام پر درحقیقت صرف اوس
حس مین ہی جس حس کے ساتھہ درک الم ذبح متعلق ہوا کرتا ہی یعنی قوت لمس اور
اسمین شبہہ نہین ہی کہ کمال حدت اور قوت حس لمس کی بسبب کمال اعتدال
مزاج نوعی کے مخصوص ساتھہ نوع انسان ہی کے کی گئی ہی اور کسی نوع کو
انواع حیوان سے اس قوت احساس خاص مین انسان لطیف الجسد کے
ساتھہ مساہمت اور مناسبت ہرگز معلوم نہین ہوتی دوسرے ہمارا مقصود بحث
اس جگہ خاص پر بھیڑ بکری اونٹ وغیرہ حیوانات مخصوصہ ذبح سے ہی نہ اور تمام
حیوانات سے اور ان حیوانات مخصوص بالذبح کا بہ نسبت انسان کے کمال
ضعیف الحس اور قوی الطبع ہونا ایک امر بدیہی ہی کہ جسمین کچھہ بحث و کلام ہی نہین
ہوسکتا اب ہم اسجگہ مولف مخزن الادویہ کے ایک قول کو نقل کرنا باقتضاے
موقع و وقت مناسب سمجھتے ہین مولف ممدوح نے بیان ضان یعنی گوسفند مین
بموجب تحقیق بعض محققین اطبای اہل اسلام کے اسطرح پر ذکر کیا ہی اور کیفیت

خلقی نوع گوسفند کو باین عبارت بپیرایۂ شرح و بیان دیا ہی کہ نسبت بحیوانات دیگر
بسیار بلید و قابل تعلیم نیست و از کمال بلادت بر سر فراج می ایستد و وحشت و اضطراب
نمیکند و ہمین یک وجہ حلیت لحم آن و امثال آنست از حیوانات ضعیف النفس و الادراک
زیرا کہ حیوانات قوی ذکی الحس و الادراک عند الذبح حرج و الم بسیار میبابند و نفس آنہارا
تعلقی ببدن خود و نفس فراج میباشد و لہذا اکثر حرام شدہ اند در شرع شریف تمام
ہوا قول صاحب مخزن کا اور اس بیان سے ایک اور خدشہ بھی مٹ گیا تشریح
اوسکی یہ کہ اس مقدمے مین وجہ دوم اور سوم کے بیان مین جو یہ بات کہی
گئی تھی کہ حیوانات کو بسبب عدم ادراک عقلی کے حرمان بقیہ حیات کا غم نہین ہو سکتا
اور تمتع نفس وجود و حیات کی بھی کچھ قدر و منزلت بسبب لایعقل ہونے کے اونکے
نزدیک نہین ہی ایک خدشہ اوس جگہ اس طریق پر متصور تھا کہ بندر وغیرہ بعض
حیوانات کے ادراک مین بھی تو نہایت ذکاوت ثابت ہوتی ہی گو وہ ادراک اون
بعض حیوانات کا ادراک عقلی نسہی صرف مرتبہ فراست ہی سہی لیکن کمال ذکاوت
اون بعض حیوانات کے ادراک کے اوس درجہ پر پائی جاتی ہی کہ ادراک عقلی مین
اور اس ادراک مین کمتر فرق معلوم ہوتا ہی پس ساتھ مشاہدہ ایسے ادراک کے
کس طرح یہ بات سزاوار تسلیم ہو سکتی ہی کہ حیوانات کو حرمان تمتع بقیہ حیات کا غم
و الم ہی ثابت نہین یا تمتع نفس وجود و حیات کی کچھ قدر و منزلت ہی اونکے نزدیک
نہین ہی یہ سب خدشہ بیان مندرجۂ بالا سے بخوبی مندفع ہو گیا یعنی اگر بالفرض
ثبوت اوس درجہ غایت ذکاوت کا بعض انواع مین قبول ہی کر لیا جاے تو بھی
ہمارے مطلب خاص کے ثبوت کے واسطے کچھ اصلا مضرت نہین ہی کس واسطے

کہ ہمارا کلام تو خاص بھیڑ بکری وغیرہ جانوران ماکول اللحم کی عدم ذکاوت مین
ہی اور یہ بات ظاہر ہی کہ بندر وغیرہ بعض انواع حیوانات کے جس ذکاوت کا
ذکر کیا گیا ان جانوران ماکول اللحم مین تو اوس ذکاوت کا کوئی اصلا شائبہ
بھی ثابت نہین ہوسکتا بلکہ یہ جانوران مخصوص بالذبح تو تمام انواع حیوانات
مین ساتھ کمال بلادت ہی کے گویا بالاختصاص خاص کیے گئے ہین تمام ہوا
مقدمہ دوم یہان تک تو تمہید مقدمات کی تھی اب یہان سے بیان وجوہ
ودلائل ثبوت رخصت وضرورت ذبح حیوانات کا شروع کیا جاتا ہی اور یہ بیان
مشتمل ہی اوپر چند مقاصد کے حضرات مستمعان والاشان جملہ وجوہ ودلائل کو
بگوش اعتنا اصغا فرمائین **مقصد اول** مخفی او محتجب نرہے کہ معترضین جو امر
ذبح کو خلاف مقتضای ترحم کہتے ہین اور اسی وجہ سے کارہ اور محترز اکل لحم سے
رہتے ہین ہمارے نزدیک یہ دعوی معترضون کا محض بی اصل او صریح غیر صحیح
ہی کس واسطے کہ رحم نام ہی ایک کیفیت رقت قلبی کا کہ مقتضی تفضل و احسان کی بہ نسبت
کسی دوسرے کے ہوا کرتی ہی اور عدم اختصاص اس صفت رقت
قلبی کا ساتھ کسی قوم وفریق کے فرق واقوام سے بمشاہدہ عینی
ظاہر وباہر ہی بلکہ قطع نظر مشاہدہ عینی اور تجربہ حسی کے خود بداہت
عقل بھی حاکم اسی بات کی ہی کہ ہرگاہ یہ صفت رقت قلبی ایک صفت
خلقی طبعی ہی نہ کسبی ارادی مخصوص ہونا اس صفت خلقی طبعی کا ساتھ
کسی فریق ومذہب خاص کے گو وہ فریق فرقۂ آزاد قیود و مذاہب ہی
سے کیون نہو کسی طرح پر ممکن اور متصور نہین ہوسکتا پس اس صورت

مین باوجود غیر مخصوص ہونے ظہور صفت مذکور کے مخصوص ہونا ظہور مقتضای
صفت مذکور کا یعنی تخلف اس صفت کا اپنے مقتضا سے باین طور کہ
صفت مذکور بعض قوم یا افراد خاص مین مانع امر ذبح سے ہوا ور اکثر مین نہو
کوئی معنی ہی نہین رکھتا اور کسیطرح معقول ومقبول نہین ہوسکتا الحق
بعض قوم یا بعض اشخاص خاص کے خلاف مقتضای طبع ہونے امر
ذبح سے خلاف مقتضای نفس ترحم ہونا اسکا کس طرح ممکن ہی کس واسطے
کہ فقط منکرین ہی کے گروہ خاص مین وجود ارباب ترحم دلی اور رقت
قلبی کا انحصار واقتصار تو نہ ازروی تجربہ ومشہود عقلای روزگار ہی اور
نہ بحکم بداہت عقلی کسیطرح سزاوار قبول واعتبار ہی بلکہ کثرت انواعی افرادی
جملہ اہل مذاہب مجوزین ذبح کی نظر سے تو وجود ارباب رقت ورحمدلی
کا گروہ اقل قلیل منکرین مین عشر عشیر سے بھی کم بلکہ کالعدم متصور ہی پس
اگر امر ذبح خلاف مقتضاے نفس ترحم ہوتا تو بلا اختصاص کسی فریق خاص
کے جملہ ارباب ترحم کے مقتضا سے خلاف ہونا اسکا ضرور تھا اور ہرگاہ
خلاف ہونا اسکا جملہ ارباب ترحم کے مقتضا سے ثابت نہوا تو دعوی اسکے
خلاف مقتضای نفس ترحم ہونے کا محض بے اصل اور صریح غیر صحیح ٹھہرا
یہان اگر کوئی شخص معترضون مین سے یہ بات کہے کہ امر ذبح نفس ترحم
کے مقتضا سے گو خلاف نہو لیکن کمال مقتضای غلبہ ترحم سے تو یہ
امر بلا شبہہ خلاف ہی اور انحصار واختصاص اتفاقی کمال غلبہ ترحم کا
عقلاً ناجائز نہین ہوسکتا اسکا جواب ہم اسطرح پر دیتے ہین کہ انحصار

واختصاص اتفاقی کمال غلبہ ترحم کا ساتھ بعض افراد اور اشخاص خاص کے
جائز سہی لیکن کسی مذہب و فریق خاص کے ساتھ تو یہ اختصاص بھی کسیطرح جایز نہین
ہوسکتا علاوہ اسکے ہر گاہ امر ذبح کو تمنی صرف خلاف کمال ترحم قرار دیا اور
خلاف نفس ترحم ہونا اسکا قبول نہین کیا تو نہایت امر خفیف بلکہ اخف ہونا
امر ذبح کا تو خود تمھارے ہی قول سے ثابت ہو چکا معہذا ہم پوچھتے ہین
کہ ایک شخص یا چند اشخاص خاص اگر ادعا اختصاص کمال ترحم کا اپنے
ساتھ اور بھی ادعا مسلوب ہونے اس صفت کا اور تمام افراد ذوی الہم
عالم سے ظاہر کرتے ہین تو اس دعوی کے واسطے آیا کوئی دلیل بھی
اونکے پاس ہی یا نہین اگر یہ دعوی اونکا بلا دلیل ہی تو ہم کب اوسکو
مانینگے اور کس طرح صحیح جانینگے اور اگر یہ دعوی مع الدلیل ہی تو
ہم پوچھتے ہین کہ آیا وہ دلیل کونسی ہی یہی خلاف مقتضای ترحم جاننا ذبح
جانورون کا دلیل اس دعوی کی ہی یا علاوہ اسکے اگر علاوہ اسکے کوئی
دلیل ہی تو بیان کرین اور اگر صرف خلاف ترحم سمجھنا ذبح جانورون کا ہی
دلیل ہی تو یہ دلیل تو اس جگہ کسیطرح معقول و مقبول نہین ہوسکتی کسواسطے
کہ امر ذبح کے خلاف مقتضای نفس ترحم یا کمال ترحم ہونے مین تو خود
اس جگہ بحث و کلام ہی ہی پس اس جگہ فقط امر ذبح کے خلاف ترحم سمجھنے
کو کسی شخص کے نفس رحمدلی یا کمال رحمدلی کے ثبوت پر بلکہ اوس شخص
خاص کی ذات واحد کے اندر اس صفت کے انحصار اور اقتصار پر دلیل
لانا کب معقول و مقبول ارباب عقول ہوسکتا ہی علاوہ اسکے یہ بات بھی

پر ظاہر و باہر ہی کہ کسی ایک شخص یا چند اشخاص خاص نے اگر منع اکل لحم سے کیا
اور ذبیح جانور کو خلاف ترحم قرار دیا تو ایسا اظہار کسی ایک شخص یا چند اشخاص خاص
کا کچھ خواہ مخواہ ترحم دلی ہی کے سبب سے بالیقین ثابت نہین ہوسکتا بلکہ
عقلاً بعض وجوہ و بواعث اور بھی اسکے ہو سکتے ہین جسطرح تنفر طبعی خلقی کسی
شخص خاص کا اکل لحم سے یا عدم رغبت و میلان طبعی خلقی طرف لحم کے یا بسبب
ناموافقت مزاجی کے یا لحوق کسی مرض خاص کے متضرر ہونا لحم سے یہ سب
وجوہ بھی باعث تنفر و اجتناب کے ضرور ہوسکتے ہین پس اگر کسی ایک شخص
یا چند اشخاص خاص کو درحقیقت تو منجملہ ان وجوہ کے کسی ایک وجہ سے تنفر
و اجتناب کلی اکل لحم سے لاحق ہو مگر بظاہر وہ ایک شخص یا چند اشخاص اپنے
کمال رحمدلی اور بےنفسی ظاہر کرنے کے واسطے اور اشخاص کو بھی
اکل لحم سے منع کرین تو یہ منع کرنا اونکا بعینہ ایسا ہوگا جس طرح کوئی شخص
عنین در اصل تو لذت مجامعت سے بی نصیب ہو لیکن بظاہر وہ شخص اپنا
اعتقاد لوگون کے دلون مین بٹھانے کے واسطے کمال تقدس جتائے
اور اور تمام آدمیون کو بھی ازدواج اور تناکح سے مانع آئے پس ساتھہ ناشئی
ہونے ایسے ایسے احتمالات عقلی کے کسی شخص خاص کے ایسے دعوی
بےدلیل پر کس طرح تیقن کلی ثبوت رحمدلی کا ہوسکتا ہی بعد سننے اس
دلیل جلیل کے اتنا اور بھی معلوم کرنا چاہیے کہ اگرچہ خلاف مقتضای ترحم
نہونا امر ذبیح کا اس دلیل سے بوضاحت و صراحت تمام ثابت ہوا لیکن ایک
توہم اس جگہ البتہ باقی رہا یعنی ممکن ہی کہ منکرین اس مقام مین اس طرح پر

توہم کرین کہ اور تمام مذاہب و اقوام مین جو فعل ذبح اور اکل لحم حیوانات
مروج ہی اور جملہ ارباب ترحم اون سب مذاہب و اقوام کے اسکو جائز رکھتے
ہین یہ جائز رکھنا اون سبکا کچھہ دلیل اوپر عدم مخالفت اقتضای ترحم طبعی
ہی کے نہین ہو سکتا بلکہ اصل بواعث اس جائز رکھنے کے اور ہین اول
تبعیت مذہب دوم کمال مروج ہوجانا اس عمل کا پس اول تو اتباع امر مذہبی
کے سبب سے کچھہ اصلا چون وچرا اس باب خاص مین نہین کر سکتے دوسرے
بسبب کمال مروج ہوجانے اس عمل خاص کے سب اہل زمانہ گویا عادی
اسکے ہوگئے ہین اور برائی اسکی اونکی آنکھون سے بالکل چھپ گئی ہی کسواسطے
کہ رواج کے سبب سے جو امور کہ معیوب ہوتے ہین وہ بھی معیوب معلوم نہین ہوا
کرتے ظاہرا اصل سبب جملہ ارباب ترحم کے اسباب مین چون وچرا نکرنے کی
یہی دو ہین والا درحقیقت تو ترحم طبعی سے یہ عمل بالضرور خلاف معلوم ہوتا ہی
کسواسطے کہ انھین سب مذاہب و اقوام مین ایسے ذی ترحم اشخاص بھی ہوا
کرتے ہین کہ باوجود گوشت کھانے کے اپنے ہاتھہ سے کسی جانور کے
ذبح کرنے کو نہایت خلاف ترحم سمجھتے ہین بلکہ ذبح ہونا جانور کا اپنی آنکھہ سے
بھی دیکھہ نہین سکتے چیونٹی کو توستانا اہل ترحم برا جانتے ہین چہ جای ذبح جانوران
دیگر علاوہ اسکے اکثر فقرای اہل دل خود فریق اسلام مین ایسے گذرے ہین
جنکے حالات و مقالات سننے سے معلوم ہوتا ہی کہ کسی جاندار کو ادنے ایذا
دینا بھی گوارا نہین کرتے تھے یہانتکہ بعض اس قسم کے اکابر کے کلام سے
بلکہ خود بعض کتب دینیہ اہل اسلام سے اختیار کرنا مداومت و التزام اکل لحم

کا مذموم معلوم ہوتا ہی اور اختیار کرنا پیشہ قصابی کا بھی نہایت مذموم سمجھا
گیا ہی پس ان سب حالات و مقالات کے سننے سے ایسا مفہوم ہوتا ہی
کہ امر ذبح خلاف مقتضای ترحم تو ضرور ہی کیونکہ جملہ اہل ترحم حسب مذہب و
ملت سے ہون دل سے اس امر کو مکروہ و ناگوار سمجھتے ہین گو اتباع مذہبی
یا کمال ترویج امر عادی کے سبب سے چون وچرا اسمین نکرسکین ہرگاہ تقریر
تو ہم معلوم ہوئی تو اب جواب باصواب بھی اسکا سننا چاہیے مخفی نرہے
کہ حق سبحانہ تعالی شانہ نے طبائع انسانی کو بہت سے اطوار و اقسام پر پیدا
فرمایا ہی پس بعض تو اون مین اسقدر شدید القلب ہین کہ آدمی کا بیگناہ قتل
کرڈالنا بھی اونکے نزدیک کچھ بات نہین اور بعض اس درجہ رقیق القلب ہین
کہ ایک چیونٹی کے ستانے کو بھی آدمی کے قتل سے کم نہین سمجھتے اور بعض
آدمی بین بین واقع ہوے ہین اور بین بین کے واسطے بہت سے مراتب ہین
یعنی کسی مین رحم غالب قہر مغلوب اور کسی مین قہر غالب رحم مغلوب اور کسی مین
درجہ مساوات بعد دریافت کرنے ان تمام مراتب افراط و تفریط و اعتدال
طبائع انسانیکے اس بات کا تحقیق کرنا چاہیے کہ آیا عقل کے نزدیک ان سب
اقسام مین کونسی قسم درحقیقت لائق توصیف و مدح ہی اور کونسی قسم سزاوار
ذم و قدح اور چونکہ دریافت کرنا ان مراتب کی خوبی و زشتی کا موقوف ہی اوپر
دریافت حسن و قبح نفس مراتب قہر و رحم کے لہذا اول اس بات کو سمجھنا چاہیے
کہ قہر و رحم اگرچہ دو صفتین ہین متضاد اور بادی النظر اہل ظاہر مین صفت
رحم مطلقاً محمود معلوم ہوتی ہی لیکن اگر بچشم غور و تحقیق دیکھا جائے تو باوجود

متضاد ہونے ان دونون صفتون کے خیر محض یا شر محض ہونا کسی صفت کا بھی ان دونون مین سے ثابت نہین ہی اور درحقیقت ہر ایک صفت ایمین سے اپنے اپنے موقع پر مدح اور قدح دونون کے ساتھہ متصف ہوسکتی ہی لہذا جسطرح رحم کرنا موقع رحم پر نہایت ممدوح ہی علی ہذا القیاس قہر کرنا بھی موقع قہر پر نہایت ممدوح ہی خیال کرو کہ اگر کوئی شخص کسی ظالم خلق آزار پر رحم کرے اور اعانت اوسکی چاہے یا مار خونخوار اور عقرب جان آزار اور اور تمام درندہاے جفا کار پر رحم کرے اور تائید اونکی چاہے تو یہ رحم کسی ستمگار بدکردار کے ظلم سے کسیطرح کم نہین ہوتا ہر گاہ یہ معلوم کیا تو جاننا چاہیے کہ جو آدمی محض رقیق القلب ہین اور صفت رقت و ترحم نہایت درجہ اونپر غالب ہی اور کسی موقع اور محل پر سوا لطف و ترحم کے قہر و خشم کا ظہور اون سے امکان ہی نہین رکھتا اگرچہ یہ غلبہ اونمین غلبہ صفت جمالی ہی لیکن حکمت و اخلاق کی نظر سے یہ غلبہ بسبب اسکے کہ حد اعتدال مناسب سے متجاوز ہی درحقیقت مقدوح ہی نہ ممدوح کیونکہ حکمت و اخلاق کی رو سے تو ہر ایک صفت کا حد اعتدال مناسب ہی پر ہونا ممدوح ہوا کرتا ہی دیکھو کمال غلبہ رقت و رحمدلی والے کا اقتضا تو یہ ہوتا ہی کہ کسی قصاص کی ضرورت سے بھی قتل نفس واقع نہوا اور مار خونخوار اور عقرب جان آزار کو بھی کوئی نہ ستائے کسی آدمی کے پھوڑے کا چیرنا اور زخم کا گوشت کاٹنا اور سختی سے دبا دبا کر آلایش زخم صاف کرنا بھی اوسکی نظر رقت و ترحم مین نہایت شاق اور تکلیف مالا یطاق ہوا کرتا ہی یہان تک کہ ان سب امور کی اپنی آنکھہ سے دیکھنے کی بھی اوسکو کسیطرح تاب نہین ہوتی چہ جاے

کہ خود اپنے ہاتھ سے ان سب امور کو سرانجام دے سکے اور جو لوگ کہ ایسے
امور کو کہ درحقیقت رحم بصورت قہر ہین اپنے ہاتھ سے سرانجام دیا کرتے ہین
اون لوگون کو بھی یہ شخص اپنی نظر رقت و ترحم مین نہایت درجہ بیرحم اور سخت دل
سمجھا کرتا ہی لیکن ایسا غلبہ مفرط صفت رحمدلی کا اوسپر نظر حکمت و اخلاق مین
کبھی کسیطرح ممدوح وغیر مقدوح نہین ہو سکتا بلکہ سخت دلی رگزن و جراح و مارکش
وغیرہ اشخاص دافع ظلم و اذاکی اس شخص کی رحمدلی سے ہزار درجہ بہتر ہی بعد
معلوم کرنے اس تمام تمہید کے سمجھنا چاہیے کہ ہرگاہ قہر اور رحم دو صفتین
خلقی طبعی ہین تو نہایت مغلوب القہر یا نہایت مغلوب الرحم اشخاص کا کسی ملت
و قوم خاص کے ساتھ مختص ہونا تو ہو ہی نہین سکتا بلکہ ان دونون صفتون
کے اشخاص ہر ایک ملت و قوم مین موجود ہوا کرتے ہین پس جو لوگ جس مذہب
و قوم مین نہایت درجہ رقت قلبی اور ترحم دلی کے ساتھ موصوف و متصف
ہین شان تو اونکی وہی ہی جو کہ اس سے پہلے ذکر کی گئی یعنی عمل رگزن و
جراح و مارکش کو بھی بسبب کمال غلبہ رقت قلبی کے اپنی نظر سے نہین دیکھ
سکتے لہذا کب ممکن ہی کہ ایسے اشخاص عمل ذبح کو سخت دشوار و ناگوار شمار
نکرین اور اپنے ہاتھ سے ذبح کرنا تو درکنار اور کسی شخص کے ہاتھ سے
بھی ذبح ہونا کسی جانور کا دیکھ سکین بیشک مذہب اہل اسلام مین بلکہ تمام
مذاہب و اقوام مین ایسے اشخاص بھی موجود تو ہوتے ہین لیکن ایسے
کمال مغلوبی غلبہ رقت و رحمدلی سے نظر حکمت و اخلاق مین کچھہ ممدوح نہین
بلکہ ممدوح وہی مرتبہ اعتدال مناسب ہی کہ موقع و محل کی نظر سے رحم و قہر دونون

کے مابین واقع ہو پس جس طرح ایسے حضرات رحمدل کے عمل رگزن وجراح
ومار وعقرب کش کے نہ پسند کرنے اور نہ دیکھہ سکنے اور سخت وشوار وناگوار
شمار کرنے سے یہ سب اعمال ممدوح مذموم ومقدوح نہین ہو سکتے اور ظلم اور
بیرحمی کے ساتھہ متصف نہین کیے جا سکتے اسی طرح عمل ذبح بھی ایسے حضرات
مغلوب الترحم کے نہ دیکھہ سکنے اور دشوار وناگوار شمار کرنے سے مقدوح و
ناممدوح کب ہو سکتا ہی اور ظلم و بیرحمی کب شمار و اعتبار کیا جا سکتا ہی اور
چونکہ وجود سراپا جود ایسے حضرات کا ہر قوم وملت مین قلیل بلکہ اقل ہی اور
اکثر عقول وآرا تمام اہل مذاہب کے خلاف اسکے واقع ہوے ہین یعنی
مغلوب الرقت ازروی خلقت اس طرح واقع نہین ہوے لہذا اعتبار
اکثر ارا کا ہی نہ اقل کا غرضکہ ترحم قلبی ان بعض حضرات کا بسبب اسکے کہ
یہ صفت اونکی حد اعتدال مناسب سے خارج اور متجاوز واقع ہوئی ہی حکمت
واخلاق کی نظر مین کسیطرح معتبر نہین ہی اور اگر ایسا مرتبہ کمال مغلوب الرقت
ہونیکا عقلا ممدوح ومعتبر ہوتا تو قتل وقصاص ظالمان خونریز کا اور مارنا
درندون کا اور سانپون اور بچھوون کا اور چیرپھاڑ کرنا زخمون کا اور ترسانا اور
رولانا اطفال خورد سال کا اوقات علالت مین قید وبند شدت پرہیز سے یا
زدوکوب کرنا اطفال کا ضرورت تعلیم وتادیب سے یہ تمام امور بموجب حکم و
تجویز ایسے حضرات رحمدل کے ممنوع ومحذور ضرور قرار پاتے اور بے رحمی
اور سخت دلی محض سمجھی جاتی الحاصل کمال رحمدلی ایسے مغلوب الحال آدمیون
کی عقلا کسیطرح سزاوار اعتبار نہین ہی رہا اکل لحم سے محترز رہنا بعض زہاد

کا وہ صرف ریاضت اور نفس کشی وغیرہ یا جمود وخمود نفس کے سبب سے
ہوا کرتا ہی نہ بنظر ظلم اور ناجائز سمجھنے اکل لحم کے اور مذموم سمجھنا پیشہ قصابی
کا دلیل اس بات کی نہین ہی کہ ذبح جانور کا ظلم اور ناجائز ہونے کے سبب سے
پیشہ قصابی مذموم سمجھا گیا ہو کس واسطے کہ بہت سے افعال اور امور دنیا
مین ایسے ہین کہ عقلاً اور شرعاً فی نفسہ مباح ہین مگر بطور پیشہ کے اختیار
کرنا اونکا مذموم و مکروہ سمجھا گیا ہی خلاصہ مدعا یہ کہ جو بزرگوار جس مذہب اور
قوم سکے کمال غلبہ رقت قلبی کے سبب سے مغلوب الحال ہین ذبح جانور
اونکے نزدیک امر دشوار اور ناگوار تو ضرور ہوتا ہی لیکن ایسا غلبہ رقت و رحمدلی
ان حضرات کا نظر حکمت و اخلاق مین کسیطرح ممدوح ہی نہ سزاوار اعتبار بلکہ
جسطرح قہر مفرط عقلا مذموم و مقدوح ہی اسیطرح رحم مفرط بھی درحقیقت
مذموم و ناممدوح ضرور ہی پسند کرنا ترحم بیجا و بیجل کا عقل و انصاف دونوں سے
نہایت دور ہی باقی رہی یہ بات کہ رحم مفرط قہر مفرط کیطرح اکثر احوال مین
ملوم و مذموم کس واسطے نہین ہوتا سبب اسکا یہ کہ ضرر قہر مفرط بیشتر متعدی
ہوا کرتا ہی اور ضرر رحم مفرط اکثر لازمی علاوہ اسکے صاحبان قہر مفرط سے
جس طور پر وقوع و شیوع ظلم و زیادتی کا اکثر جا متصور ہوا کرتا ہی صاحبان
رحم مفرط سے تو وقوع و شیوع ظلم و زیادتی کا اوس طور پر ہرگز متصور ہی نہین
ہو سکتا مگر اون اشخاص خاص صاحبان رحم مفرط سے کہ ساتھ رکھنے
اس صفت کے منصب حکومت بھی رکھتے ہون البتہ غلبہ صفت رحم بھی
مثل غلبہ صفت قہر کے اکثر جا مستوجب خلق آزاری کا ہو جایا کرتا ہی اسواسطے

کہ رحم برظالم ستم برجان مظلومان بود* لیکن اسکے ساتھ بھی
فرق وتفاوت بالذات و بالتبع کا ان دونون قسمون کے ضرر کے ظہور مین ضرور
ہی پس قہر مفرط بالذات باعث ظلم وستم ہی بخلاف رحم مفرط کہ قہر مفرط کی
طرح بالذات کسی جا باعث ظلم وستم کا نہین ہوتا اسی نظر سے غلبہ صفت
رحم غلبہ صفت قہر کیطرح مذمت اور وقاحت کے ساتھ معتبر اور مشتہر نہین کیا گیا
مقصد دوم واضح ہو کہ منکرین ذبح اور جملہ شدائد وتکالیف کو جو کہ آدمیون
کے ہاتھ سے حیوانات پر برابر جاری ہین بلا عذر و انکار وحجت وتکرار جائز
سمجھتے ہین مگر تکلیف ذبح کو اشد تکلیف اور موجب فنای نفس حیوانی ہونے
کے سبب سے نہایت قبیح اور ظلم صریح کہتے ہین ہمارا کلام اس مقام مین
یہ ہی کہ تکلیف ذبح اشد تکلیف اور موجب فنای نفس حیوانی سہی لیکن مابین
اس تکلیف اور جملہ انواع تکالیف مجربہ کے ایک تفاوت وامتیاز صریح اس
قسم کا دیکھا جاتا ہی کہ اوس تفاوت وامتیاز کے لحاظ کرنے کے بعد اور
تکالیف کو جائز اور تکلیف ذبح کو ظلم سمجھنا محض خلاف اور سراسر بعید از عقل
والضاف نظر آتا ہی تبئین مقال و تفصیل اجمال یہ کہ تکلیف ذبح کہ عبارت
صدمۂ موت سے ہی ایک امر ہی فی نفسہ ضروری الوقوع اور متیقن الوقوع
کس واسطے کہ لحوق موت ہر ذی حیات کے واسطے بالیقین ضرور
ہی اور ہنگام نزع روح تکلیف اشد کا ہونا یہ بھی خداوند خلاق حقیقی کے
کارخانۂ قدرت ومشیت مین ایک مقرری دستور ہی بخلاف تکالیف دیگر
وقوع اون تکالیف کا مثل تکلیف موت کے کوئی امر ضروری اور لابدی

نهین ہوتا اور قطع نظر سببیت عمل مکلف خاص کے وجود ضروری الوقوع غیر محتاج
طرف سبب یا اسباب خاصہ کے نہین رکھتا بلکہ اصل حقیقت اور تمام تکالیف
کی اسیقدر ہی کہ فقط سبب معین خاص یعنے دخل و تصرف عمل انسان ہی
پر منوط اور موقوف ہوا کرتی ہین اور اصل سبب انکا سوا دخل و تصرف عمل
خاص انسان کے اور کچھہ نہین ہوتا لہذا اگر انسان اون تکالیف سے
کسی حیوان کو باز رکھنا چاہے تو بلا شبہہ باز رکھہ سکتا ہی مگر تکلیف موت
ایک ایسا امر ضروری الوقوع ہی جسکا ظہور محتاج طرف کسی سبب یا اسباب
معینہ خاصہ کے ہرگز نہین کیا گیا اور نہ بچانا اوس سے کسی ذیحیات کا کبھی
کسیطرح پر متصور ہو سکتا ہی پس نہایت عجیب بات ہی کہ جو تکالیف غیر ضروری الوقوع
کہ جنکے حدوث و لحوق کا صرف انسان ہی کے عمل و اختیار پر دار و مدار ہی
اور انسان کو حیوانات کے اون تکالیف سے محفوظ رکھنے کا بھی اختیار
ہی اون تکالیف کے پونہچانے مین تو انسان ظالم نہین ٹھہرا اور جو تکلیف
ضروری الوقوع کہ حدوث و لحوق اوسکا موقوف اوپر دخل و تصرف انسان
کے ہرگز نہین رکھا گیا اور انسان کسی ذیحیات کو اوس سے محفوظ ہرگز
نہین رکھہ سکتا بلکہ اگر انسان اوس تکلیف کے بچانے کی ہزارون فکر و تدبیر
بھی کرے تو بھی لحوق اوس تکلیف مقرر کا وقت خاص مین ضروری ہی ایسی
تکلیف کے واسطہ ایصال ہونے مین انسان ظالم و ظالم قرار پایا اگر
اس تکلیف ضروری بے اختیاری کے واسطہ ایصال ہونے مین
انسان گنہگار ہی تو اون تکالیف غیر ضروری اختیاری کے پونہچانے مین

بدرجۂ اولی گنہگار ہی اور اگر اون سب تکالیف مین گنہگار نہین تو اس
تکلیف مین گنہگار ہونے کے کیا معنی علاوہ اس وجہ کے ایک اور وجہ بھی
اسی قسم تفاوت و امتیاز کے درمیان تکلیف ذبح اور تکالیف مجربہ دیگر کی
ثابت و متحقق ہی بیان اوسکا یہ کہ اور جملہ تکالیف مین کوئی فائدہ ذاتی
خاص حیوان مکلف کا اصلا نہین ہوا کرتا صرف انسان ہی کے فوائد ذاتی
پر ابتنا اون سب تکالیف کا ہوتا ہی بخلاف اس تکلیف ذبح کے کہ اسمین
فائدہ ذاتی حیوان مذبوح کا بھی ضرور ہوتا ہی کیا ذبح کی تکالیف شدیدہ سے
موت امراض کی اشد تکلیف مین تخفیف نہین ہوتی کیا حرکت آنے
ذبح تکالیف اشد زمانی موت امراض کو نہین کھوتی پس اس وجہ دیگر کی بنا
پر بھی یہ بات ظاہر و باہر ہی کہ ہر گاہ اور جملہ تکالیف جنکا ہمارے ہی فائدہ
ذاتی پر دار و مدار ہی اونکے پونہچانے مین ہم کسیطرح گنہگار و خطاوار نہین
ہین تو جو تکلیف کہ اوسمین علاوہ ہمارے فائدہ ذاتی کے خود حیوان مذبوح
کا بھی فائدہ ذاتی ضرور ہوا کرتا ہی اوس تکلیف کے واسطہ ایصال ہونے مین
کس طرح ہم گنہگار اور خطاوار ہو سکتے ہین یہان اگر کوئی شخص یہ بات کہے
کہ سبحان اللہ کیا خوب فائدہ حیوان مذبوح کا تصور کیا ہی کہ اوس بیچارے
کی تو جان جاتی ہی اور کہتے ہین کہ اسمین اوسکا فائدہ ہی بھلا جب وہ بیچارہ
اپنی جان ہی سے گیا تو فائدہ اوسکا کیا ہوا اور بالفرض اگر فائدہ بھی ہوا تو
مرجانے کے بعد اوس فائدے سے اوسکو کیا حاصل ایسا فائدہ محض بیفائدہ
ہی جواب اس اعتراض کا اس طرح پر سمجھنا چاہیے کہ اگر دو شخص مجرمون کے

قتل و اہلاک کے واسطے کوئی حاکم اس طرحپر حکم دے کہ ایک مجرم
کی گردن توفی الفور طرفۃ العین مین اوڑوا دیجاسے کہ خود دیکھنے والونکو
حیرت ہو کہ آیا وہ شخص موجود تھا بھی یا نہین اور دوسرے کو قسم قسم کی
تکلیفون اور تعذیبون کے ساتھ کئی کئی روز یا کئی کئی پہر مین صدمے اور
اذیتین دے دے کر اس طرح پر مصیبتون کے ساتھ قتل کرین کہ کبھی اولٹا
لٹکا کر بیدون اور کوڑون اور زیر بندون سے خبر اوسکی لین کہ تمام بدن او
از سر تا پا پھوٹ نکلے اور شرارے خون کے ہر بن مو سے جاری ہو جائین
کبھی لوہے کی سلاخین آگ مین سرخ کرکے اوسکے بدن کو سر سے پانون
تک داغین کبھی تیل مین کپڑے تر کرکے اوسکے ہاتھون اور پانوؤن مین
لپیٹین اور مشعل کیطرح اوسکو جلائین کبھی اوسکے تمام زخمہاے بدن مین
کوئی تیزاب یا نمک مرچ پسوا کر بھر دین کبھی آنکھین اوسکی نکلوائین کبھی کھال
کھچوائین غرض اسیطرح انواع و اقسام تعذیبات بید و عدد کے ساتھ جان
اوس ناتوان کی نکالین تو کیا صرف اس نظر سے کہ آخر تو دونون مرہی
گئے ان دونون کی سختی اور آسانی کا فرق بنظر اونکے مراتب نفع و ضرر
ذاتی کے کچھ فرق معتبر متصور نہوگا اور ایک شخص کو بہ نسبت دوسرے
کے گویا نہایت آسایش کے ساتھ بے تکلیف محض مرنا اور کمال راحت
کے ساتھ گذرنا درحقیقت کوئی فائدہ ذاتی اوسکا نہین سمجھا جائیگا مرجانے
کے بعد دونون کے رنج و راحت کا یکسان ہو جانا دوسری چیز ہی اگر اوس
اعتبار سے دیکھا جائے تو بادشاہ کی کمال عشرت و کامرانی فقیر کی غایت

مصیبت اور کاہش جانی کے ساتھہ ایک ہی مرتبہ مین برابر متصور ہوسکتی
ہین کیونکہ انجام تم آخر سب کا فنا ہی اور فنا کے بعد ہر ایک رنج و راحت
دنیاے فانی کا کان لم یکن اور خواب و خیال ہوجانا ضروری ٹھہرا ہی
بلکہ مرنے کے بعد کا عالم تو ایک عالم ہی دوسرا ہی خود اسی جہان مین کوئی
راحت و رنج ایسا نہین کہ بعد گذر جانے کے کان لم یکن معلوم نہو پس
اصل خلقت انسانی کا تو اصل اقتضا یہی ہی یعنی اقتضای اصل خلقت
ہی سے انسان محض وابستہ حال اور بلحاظ رنج و راحت گذشتہ سے سراسر
فارغ البال پیدا کیا گیا ہی لیکن حالت بعد مرگ سے ہمکو اس جگہ بحث نہین
ہی بلکہ ہمارا کلام اس جگہ حالت آخر عمر اور زمان نزع روح مین ہی کہ جس وقت
وحالت سے زائد کٹھن کوئی وقت وحالت بھی ذیحیات کے واسطے نہین
ہوتی پس جو تفاوت دونون مجرمون کے قتل کا اور کمال سختی اور آسانی
کا اوس وقت اخیر مین بیان کیا گیا وہ تفاوت اس مرتبہ کا ہی کہ اگر ایک
ہی مجرم کے واسطے ان دونون صورتون کا قتل تجویز کیا جاے اور
احد الشقین کے قبول کا اختیار اوسکو باین طور دیا جاے کہ اگر مجرم مذکور
طالب آسانی موت کا ہی تو آج ہی گردن اسکی ایک طرفۃ العین مین اوڑا دیجایگی
لیکن مہلت زندگی ایک روز کے واسطے بھی اس صورت مین اوسکو
حاصل نہوگی اور اگر آسانی موت سے اسکو کچھہ کام نہین بلکہ دو چار
چھہ مہینے زندہ رہنا چاہتا ہی تو مہلت زندگی اسکے واسطے اس شرط سے
منظور ہوسکتی ہی کہ کمال سختی موت کو یہ شخص قبول کرے یعنی بعد انقضاے

مدت دو چار چھہ مہینے ایام مہلت کے انواع شدائد و اذیات کے
ساتھہ سزا پائیگا اور جن جن تکالیف اشد کا ذکر اوپر گذر گیا اون سب تکالیف
کے پانے اور مصیبتون کے اوٹھانے کے بعد قتل کیا جائیگا تو اس
صورت مین باوجود اسکے کہ اختیار شق موت اشد تکالیف مین مہلت
زندگانی کئی مہینے کی حاصل ہوسکتی ہے اور زندگانی ایک روز بلکہ ایکساعت
کی بھی جسقدر نہایت عزیز چیز ہے حاجت شرح و بیان کی نہین رکھتی لیکن
اون تمام آلام کے ساتھہ مرنا جنکا ذکر کیا گیا ایسی مصیبت سخت ہے کہ جسکا
گوارا کرنا ساتھہ لالچ زندگانی چند ماہ کے بھی کسیطرح پر متصور نہین ہوسکتا
یقین تو یہی ہے کہ مجرم مذکور بمقابلہ موت آسانی کے چند ماہ کی زندگانی کو اون
سب تکالیف کی شرط پر جنکا ذکر کیا گیا کبھی بھی اختیار نکرے گا اور اگر احیاناً
کوئی شخص بسبب اسکے کہ وجود ذہنی اور خارجی مین زمین آسمان کا تفاوت
ہوا کرتا ہے اون سب شدائد متصورہ سے اصلا نڈر کر طمع زندگانی چند ماہ مین
شق موت اشد ہی کو اختیار کر لے تو جس وقت وہ زمان اشد تکالیف آئیگا
اور اون تمام تکالیف کو یہ شخص اوٹھائیگا تو اوس وقت اپنے فہم سابق پر
ضرور ہی پچتائیگا یہ ممکن ہی نہین کہ ایسے شق مصیبت کے اختیار کرنے
سے اپنے اوپر یہ شخص نفرین نکرے اور اوس وقت اول کو جسمین اسکو اختیار
احد الشقین کے قبول کرنے کا دیا گیا تھا یاد کرکے اپنے حال پر ملال پر
نروئے اور موت شق ثانی یعنے قتل آسانی کو ایک دولت و عشرت بعید
و عدبنظر اوس حالت پر ملالت کے سمجھکر آہ و زاری اور فریاد و بیقراری سے

اپنی جان او سکے افسوس ہی مین نہ کھوئی پس موت راحت اور موت
سخت مصیبت کے نفع ونقصان کا حال اور فرق وتفاوت بدرجہ کمال
اس جگہ سے بخوبی تمامتر متصور ہو سکتا ہی الحق موت مصیبت تکالیف و
صعوبات مذکورہ بالا کے ساتھ اس درجہ سخت تر ہی کہ جن تکالیف وصعوبات
کے مقابلے مین موت آسانی کو بمنزلہ راحت زندگانی تقدور کرنا چاہیے
ہرگاہ یہ سب معلوم کیا تو اس بات کو سمجھنا چاہیے کہ موت ذبح حیوانات
کی کمال آسانی تو بالبداہہ ظاہر وباہر ہی یعنی یہ موت تو وہی موت آنی اور
موت کمال راحت وآسانی ہوا کرتی ہی جسکا ذکر احد القسمین قتل محجرم مین
کیا گیا رہی موت بدون ذبح یعنی سختی امراض کے ساتھ مرنا حیوان کا اس
قسم کی کمال شدت اور صعوبت بہ نسبت قسم دوم یعنے موت مصیبت کے
اوس کمال شدت اور صعوبت سے جسکا ذکر قسم دوم قتل محجرم مین کیا گیا
اگر زیادہ نہین تو کم تو کسیطرح پر متصور نہین ہو سکتی کس واسطے کہ اول تو ایسے
وقت تکلیف ومصیبت مین کہ جسکی ایک ایک پل ایک ایک سال کے برابر
اور پہاڑ سے زیادہ سخت تر ہوتی ہی کئی کئی روز یا ادنے درجہ پہرون گھنٹون
مبتلا رہنا جاندار کا سختی مرگ ونزع روح مین اس شدت مصیبت کا کچھہ حدو
حساب ہی نہین ہی دوم یہ کہ تکلیف موت امراض اور نزع روح کی سختی فی نفسہ
ایسی بلا کی سختی ہی کہ جسکے مقابلے مین تمام دنیا کی تعذیبون کو نہایت کم
بلکہ کالعدم سمجھنا چاہیے کوئی تعذیب ورسختی کیون نہو نہایت مبالغہ اوسکے
کمال تاذی کے بیان مین انسان جس وقت کرنا چاہتا ہی تو یہی کہتا ہی

کہ فلان تعذیب وتکلیف سے جان بلبی یا نزع کا حال ہوگیا یا دم لبون پر
آگیا یا مرجانے مین کچھ باقی نہین رہا پس ہرگاہ اور تمام تعذیبات و
تکلیفات کا دنیا مین انتہای اندازعقلی یہی ہی کہ اون سب تعذیبات وتکلیفات
کے مبالغہ اور حد شرح وبیان کا حالت جان بلبی اور نزع روح ہی پر قیاس
کیا جاتا ہی تو اب خیال کرنا چاہیے کہ خود حالت اصل نزع روح اور جان بلبی
کی جو کہ مشبہ بہ تمام جہان کی تعذیبات اور تکلیفات کی واقع ہوا کرتی ہی
کس قدر بد بلا حالت ہی کہ کوئی درجہ اذیت وتکلیف کا اوس سے زیادہ تر
متصور نہین ہوسکتا اور یہ بھی ظاہر ہی کہ اصل ذائقہ اوس حالت پر ملالت
کا حیوان غیر مذبوح ہی کے ساتھہ مختص کیا گیا ہی حیوان مذبوح کو اوس تکلیف
جانگزا کے مزے سے گویا سوا ایک شائبہ کمتر غیر معتبر کے نہین پہونچتا سوم
یہ کہ اکثر امراض شدیدہ مہلکہ کے شدائد وصعوبات اس درجہ کے ہوا کرتے
ہین کہ جن شدائد وصعوبات کے لحوق کے وقت انسان اپنی جان کے
نکلجانے کی اکثر آرزو کرتا ہی اور بعض وقت تو غلبہ بیتابی مین اپنے تئین
آپ ہلاک کرنے سے بھی نہین ڈرتا ہی پس وہ سب تکالیف شدیدہ
جنکے سبب سے انسان اپنی موت کی آرزو کرے اور اپنے تئین آپ
ہلاک کرنے سے نہ ڈرے اور جملہ تکالیف موت مصیبت سے جنکا ذکر
احد الشقین قتل مجرم مین کیا گیا اگر زیادہ نہین تو کم تو کسیطرح پر متصور نہین
ہوسکتین الغرض تکلیف موت امراض کا غایت مصیبت جانی اور تکلیف
موت ذبح کا بمقابلہ تکلیف موت امراض کی غایت راحت وآسانی ہونا

اور بھی قسم اول کا بہ نسبت دوم کے نہایت مبغوض اور نامرغوب اور دوم کا بمقابلہ اول کے گویا مطلوب اور مرغوب ہونا نظر قیاس اندازہ شناس مین بالیقین ثابت و متحقق پس ایک قسم کے فائدے کو بمقابلہ قسم دوم کے فائدہ نہ سمجھنا یا دوسری قسم کے ضرر کو کمال ضرر متصور نکرنا سراسر خلاف ہدایت عقل و انصاف ہی خلاصہ مدعا یہ کہ تفاوت و امتیاز تکلیف ذبح کا اور جملہ تکلیفات مجریہ حیوانات سے حسب وجوہ مذکورہ مسطورہ بادنی دقت نظر اس طرح پر ثابت ہی کہ جس تفاوت و امتیاز کے لحاظ کے بعد اور تمام تکالیف مجریہ کو جائز اور تکلیف ذبح کو ظلم اور ناجائز سمجھنا کسیطرح پسند و قبول ارباب عقول نہین ہوسکتا علی الخصوص تفاوت و امتیاز وجہ اول ہر دو وجوہ مذکورہ مسطورہ کا ایسا تفاوت شدید اور بون بعید ہی کہ جس تفاوت و امتیاز کے لحاظ سے فاعل فعل ذبح اور فاعل تکالیف مجریہ دیگر کو فرق و امتیاز موجد و مقلد اور مصنف و مولف کے قبیل سے تخئیل کرنا چاہیے یا حسب تحقیق علماے کلام و محققین اہل اسلام فاعل و کاسب کے فرق و امتیاز کی نظر سے متصور کرنا چاہیے یعنی فاعل فعل ذبح کو تکلیف ضروری الوقوع اور متیقن الوقوع مقرر من عند اللہ کے واسطہ ایصال ہونے مین گویا بحکم کاسب یا مقلد یا مولف کے خیال کرنا سزاوار ہی اور فاعل تکالیف دیگر کو بسبب اسکے کہ اصل باعث اور علت معین اور سبب مستقل ان سب تکالیف کا وہی ہوا کرتا ہی گویا اصل فاعل یا موجد یا مصنف کے قبیل سے تخئیل کرنا لائق عقل و اعتبار ہی ہرگاہ اس تمام بحث و کلام کو معلوم کیا تو اب سمجھنا چاہیے کہ حضرات

مجوزین ذبح نے جو ایسی تکلیف شدید کا جاندار پر پونہچانا جائز رکھا ہے وجہ
اسکی یہ ہے کہ ان حضرات نے اس بات کا خیال کیا کہ ہرگاہ خلق حیوانات
صرف ہمارے ہی منافع اور کارروائی کے واسطے ظہور مین آیا ہے اور
حیوانات مورد و محل واقع ہوے ہین جملہ تکالیف شاقہ کی ہماری راحت و
منفعت کے واسطے تو جس طرح ہم اور تکالیف غیر ضروری محتمل الوقوع کے
پونہچانے مین بلا حجت و تکرار عاصی اور خطاوار نہین ہوسکتی اسیطرح تکلیف
ضروری متیقن الوقوع کے واسطۂ ایصال ہونے مین بھی گو یہ تکلیف
تکلیف اشد ہی کیون نہ سہی بدرجۂ اولی عاصی اور خاطی نہین ہوسکتی علی الخصوص
اوس وقت مین کہ خود فائدہ ذاتی حیوان مذبوح کا بھی اس قسم تکلیف کی
تقدیر وقوع پر متصور ہے کس واسطے کہ جو تکلیف موت کہ اشد تکالیف ہے واقع
ہونا تو اوسکا حیوان پر کسی سبب اور حیلے کے ضمن مین کیون نہو بلکہ
قطع نظر جملہ حیل و اسباب سے بھی ایک امر ضروری ہے کہ محفوظ رہنا حیوان کا
اوس سے کسیطرح ممکن ہی نہین ہوسکتا پس ایسی تکلیف ضروری الوقوع کے
ظہور مین واسطہ ہونا ہمارا خصوصًا اوس تقدیر پر کہ خود فائدہ ذاتی حیوان
مذبوح کا بھی مدنظر اور متصور ہو نہایت اہون و اخف ہے ہماری اون تکالیف
کے واسطہ ظہور ہونے سے جو کہ ضروری الوقوع ہرگز نہین ہین اور ظہور و
صدور اونکا صرف ہماری ہی فعل اختیاری پر معلق و منحصر کیا گیا ہے معہذا
کوئی فائدہ ذاتی حیوان کا بھی اونکے وقوع سے مدنظر او متصور نہین ہوتا
الحق جو چیز کہ صرف ہماری ہی منفعت خاص کے واسطے خلق کی گئی ہے اور

اور جملہ تکالیف غیر ضروری الوقوع اوسکی ہمارے واسطے مباح بلکہ واجبات ضروریہ سے قرار دی گئی ہین تو اگر تکلیف ضروری الوقوع مستعجل السقوط بھی اوسکی ہمارے ہی ہاتھ سے واقع ہوئی توکیا قباحت لازم آئی یہ تکلیف تو اوسپر بدون اس ہمارے عمل و تصرف کے بھی ضروری واقع ہوتی ہم اس تکلیف کو اوس سے ٹال توکسیطرح سکتے ہی نتھے لیکن بدون ہمارے واسطہ ہونے کے یعنی بسبب لحوق مرض کے اگر یہ تکلیف واقع ہوتی تو اوس صورت مین چند قباحتین لازم آتین اول یہ کہ لحوق مرض الموت کی شدت اوس جاندار پر شدید تر ہوتی دوم یہ کہ شدت مرض الموت باوجود اشد وازید ہونے کے شدت زمانی ہوتی نہ مثل شدت ذبح کے شدت آنی سوم یہ کہ اوس صورت مین گوشت جانور مریض کسی مصرف کا بھی نہوتا کیونکہ بوجہ امراض تھا اور قوت اور لذت بھی اوسمین باقی نرہتی اور اگر باقی بھی رہتی تو نہایت قلیل کالمعدوم پس عمل ذبح سے یہ سب قباحتین جاتی رہین اور تکلیف وہی واقع ہوئی جوکہ ضروری واقع ہونے والی تھی بلکہ اوس تکلیف ضروری الوقوع مین غایت درجہ خفت اور سہولت حیوان مذبوح کیواسطے صرف عمل ذبح کے سبب سے حاصل ہوئی یعنی کماً وکیفاً دونون طرح سے اوس تکلیف مین کمال تخفیف ہوگئی الغرض درحقیقت تکلیف ذبح کا ضروری الوقوع ہونا ہی اصل سبب اختیار ایسے عمل کا واقع ہوا ہے ورنہ محل غور و انصاف ہے کہ بدون قصد ذبح و اہلاک کے اگر کوئی شخص کسی عضو حیوان کو کاٹے یا اوسکے زخم بھی بلا ضرورت علاج وغیرہ کے لگائے تو یہ کاٹنا اور مجروح

کرنا تو دین اسلام مین سخت ممنوع و حرام ہی پس جس مذہب مین ادنی جراحت ذی روح ناروا ہو کب ممکن تھا کہ ایسے پر ترحم مذہب کے ارباب اولی الالباب اس درجہ تکلیف شدید کو اپنے عمل و اختیار سے جائز رکھتے اور باوجود اوسکے ممکن الاندفاع ہونے کے دفع اوسکو نکرتے رہا یہ کہنا کہ اگرچہ تکلیف موت ضروری الوقوع تو بلاشبہہ تھی لیکن انسان ذابح کے سبب سے اوسکے وقوع مین کسیقدر عجلت اور تقدیم ہوگئی اور جو چیز کہ بعد کسیقدر مہلت کے ظہور مین آنے والی تھی وہ آج ہی ظہور مین آئی کسیقدر تمتع حیات بیچارے حیوان فانی کو باقی تھی وہ بھی حاصل نہونے پائی جواب اسکا یہ ہی کہ مہلت ہونے سے اس تکلیف ضروری الوقوع کی شدت مین کچھ کمی تو ہو ہی نجاتی پس انتظار مہلت کا نفس تکلیف کی نظر سے تو محض بے سود تھا بلکہ جو مقصود یعنی تخفیف تکلیف کہ عدم مہلت ذبح مین حاصل ہوا وہ مقصود بھی مہلت دینے مین جاتا رہتا باقی رہا امر تمتع چند روز حیوان مذبوح تمتع حیوانات کی حقیقت تو مقدمہ دوم کتاب سے بخوبی واضح ہو چکی ہی یعنے تمتعات اضطراری تو درکنار تمتعات غیر اضطراری سے بھی محروم رکھنا حیوانات کا واسطے حصول انتفاع ذاتی اپنے کے انسان کے حق مین باتفاق جملہ عقلا جائز ثابت ہو چکا ہی چنانچہ باندھکر رکھنا جانورون کا اور بسبب قید و بند کے محروم رکھنا اونکو دوڑنے اور کلیل کرنے سے اور باز رکھنا اونکے بچہ ہاے شیر خوار کا قرب و مجاورت مادر سے واسطے بچانے شیر کے یہ سب کام بلا بحث و کلام مسلم و معمول جملہ عقلا ے انام ہو چکے ہین پس جس طرح حالت زندگی

حیوانات مین باور کہنا اونکا تمتعات غیر اضطراری سے انسان کو جائز ٹھہر چکا ہی اسیطرح ذبح کرنے کے ساتھ بھی جواز باز رکھنے کا اس قسم تمتعات سے بلا شبہہ مسلم بلکہ حالت زندگانی مین تو اونکو اس قسم تمتعات سے باز رکھنا بہ نسبت اس دوسری صورت کے نہایت اشد ہی کیونکہ اوس حالت مین جیتے جی ترسانا اونکا اس قسم مستلذات سے ہوا کرتا ہی بخلاف صورت دوم کے کہ جیتے جی ترسانا اونکا لازم نہین آتا بعد سننے اس دلیل جلیل کے عجب نہین کہ کوئی معترض اس طرحپر اعتراض کرے کہ ہرگاہ ضروری الوقوع ہونے صدمہ موت کے سبب سے امر ذبح حیوان قبیح نہین ٹھہرا تو چاہیے کہ قتل انسان بھی اس نظر سے قبیح نہ خیال کیا جاے اور بسبب اسکے کہ لحوق موت تو انسان کے واسطے ایک روز ضروری ہی شرع اہل اسلام ایسے امر ضروری الوقوع کے واسطۂ ایصال ہونے کو بھی قبیح و مذموم نہ ٹھہرائے جواب اس اعتراض کا بھی سن لینا چاہیے مخفی نرہے کہ درمیان نوع انسان اور اور تمام حیوانات کی تفاوت مراتب زمین و آسمان کا ثابت ہی پس قتل افراد نوع انسانی کا ذبح افراد حیوانی پر کسیطرح قیاس نہین کیا جا سکتا کس واسطے کہ ان حیوانات کی تو اصل خلقت ہماری ہی منافع اور تمتعات ذاتی کے واسطے ظہور مین آئی ہی اور ہمارے منافع و تمتعات ذاتی کے حصول مین مورد تکالیف ہونے کے واسطے ہی یہ پیدا کیے گئے ہین بخلاف انسان کہ وہ ہمارے انتفاع و تمتع کے مورد تکالیف ہونے کے واسطے در اصل پیدا نہین کیا گیا پس تکلیف ذبح حیوان

ہماری طرف سے بسبب مورد تکالیف مقرر ہونے اوس حیوان سے
تکلیف فی محلہ ہی اور تکلیف قتل انسان ہماری طرف سے تکلیف فی محلہ
نہین ہوسکتی دوسرے تکرم نوع انسان مانع ہی تجویز ذبح اور استحلال لحم افراد
انسانی سے تیسرے ہر گاہ ہماری شرع مین بدون نظر تمتع محض بیفائدہ ذبح
کرنا حیوان ماکول اللحم کا بھی سخت ممنوع ہی تو ذبح کرنا انسان غیر ماکول اللحم کا جسکا
گوشت کھانا بہکو سخت حرام ہی کس طرح جائز ہوسکتا ہی چوتھے افراد بشر کو خداوند عالم
نے مدنی الطبع اور کفیل انواع حقوق و معاملات خلق فرمایا ہی لہذا قتل کرنا انسان
کا مستلزم ہوتا ہی اتلاف اصناف حقوق اور محروم کردینے بسا اہل حقوق
کا اور ہر گاہ ذبح کرنا حیوان شیر دار کا بسبب رعایت حقوق اوسکے بچہ ہای
شیر خوار کی نہین چاہیے اور بھی ذبح کرنا کسی ایسے جانور کا جسکی ذات سے
ساتھہ حق کسی دوسرے انسان کا متعلق ہو درست نہین ہی تو انسان
مدنی الطبع جسکے ساتھہ انوع حقوق خلایق اور اقسام معاملات و علائق
متعلق کردیے گئے ہین اوسکا قتل کرنا تو اور بھی موجب قباحات شدید
اور تجویز عقل و انصاف سے سرتاسر بعید ہی پانچوین جس طرح زمانہ تمتع اور بقای
حیوان کا بمقابلہ تمتع نوع انسانی کے محض لاشی قرار دیا گیا ہی اور ذبح کرنا حیوان
کا واسطے تمتع انسان کے بلالحاظ مہلت بہر نوع مباح تجویز کیا گیا ہی زمان
تمتع و بقای انسان کو بھی اوسیطرح گو بمقابلہ تمتع اور انتفاع کسی دوسرے
فرد افراد انسانی ہی کی کیون نہو ہیچ و لاشی محض قرار دینا ہرگز نہین ہوسکتا
کسواسطے کہ مقدمہ دوم مین بخوبی واضح ہوچکا ہی کہ ادنی ساعت تمتع اوس

بقای نفس انسانی کی تمتع وبقای نفس حیوانی کے صدہا اور ہزار ہا سال سے
بھی عزیز وگران بہا ہوا کرتی ہے مقصد سوم مخفی نرہے کہ معترضین ہرگاہ
اہل اسلام سے پوچھتے ہین کہ تم حیوانات کو کس واسطے ذبح کرتے ہو ایسا
ظلم تمنی ذی روح پر کس طرح جائز ٹھہرایا ہے اہل اسلام اونکو جواب دیتے ہین
کہ ذبح کرنا ہمارا ان جانورون کو بامرالٰہی ہے اور اصل مالک و خالق جسم و جان
کیطرف سے ہم اس امر مین مامور اور مجاز ہین مخالفین اس بات کو سنکر
اس طرح پر اعتراض کرتے ہین کہ خداوند احکم الحاکمین باوصف عادل ورحیم و
کریم ہونے کے ایسا ظلم صریح اور حکم قبیح ہرگز تجویز نہین کرسکتا اور کسیطرح
عقل مین نہین آتا کہ خداوند رحیم نے باوصف عادل وکریم ہونے کے ایسا
حکم قبیح کیا ہو اور اس طرح کا اذن متضمن ظلم صریح دیا ہو ہرگاہ تقریر اعتراض معلوم
ہوئی تو اب اسکا جواب باصواب بھی سننا چاہیے مخفی نرہے کہ معترضین جو
اس حکم سے نسبت ظلم خداوند حکیم وکریم بحق مالک و مختار مطلق کیطرف سمجھتے ہین
یہ سمجھنا اونکا بمنی ہے اوپر چند قیاسات مع الفارق کے اور وہ چند قیاسات
مع الفارق یہ ہین اول قیاس خالق کا اوپر مخلوق کے دوم قیاس مالکیت
ومختاریت مطلقہ کا اوپر مالکیت ومختاریت مقیدہ کے سوم قیاس مملوکات
حقیقیہ کا اوپر مملوکات مجازیہ کے اور بطلان ان سب قیاسات کا بظاہر
وباہر ہے اور زیادہ تر اس کلام کی تصریح اور اس مقام کی تشریح کو باین طور غور
کرنا چاہیے کہ ظلم کہتے ہین تصرف ملک غیر کو خداوند تعالےٰ تو مالک حقیقی ان
تمام جانورون کا ہے اگر اپنے ملک خاص مین اوس مالک حقیقی نے ایسا تصرف

کیا اور قبضہ و اختیار اپنے ملک خاص کا اپنی مشیت و قدرت سے کسی
دوسرے کو دیا تو یہ تصرف بیجا تو کسی طرح نہین ٹھہرا مثال اسکی اسطرح
سمجھنا چاہیے کہ مثلاً اگر کسی کوزہ گر نے کچھ برتن بنا کر کسی دوسرے
آدمی کو اون برتنون کے توڑ ڈالنے کی اجازت دی تو کیا یہ اختیار
دینا اوسکا اپنے ملک کے تصرف مین عقلاً ظلم کہلائیگا اور خلاف انصاف
سمجھا جائیگا ہان اس قدر خیال اس موقع پر البتہ ہوسکتا ہے کہ آیا یہ ٹوٹنا برتنون
کا کسی فائدے کی نظر سے واقع ہوا یا محض عبث پس جو لوگ کہ اوس کوزہ گر
کو مرد زیرک و فہیم صاحب عقل سلیم سمجھتے ہونگے وہ تو اس حرکت کے دیکھنے
سے غالباً ایسا خیال کرینگے کہ چونکہ یہ کوزہ گر مرد زیرک و فہیم اور صاحب عقل
سلیم ہے ایسا تصرف اپنے ملک مین اس شخص سے غالباً کسی مصلحت اور
منفعت ہی کی نظر سے واقع ہوا ہوگا گو وہ مصلحت اور منفعت ہمارے ذہن
سے دور اور مستور ہی کیون نہو اور جو لوگ کہ اوسکی عقل و فراست پر اس قسم
کا اعتقاد اور اعتماد نہین رکھتے اونکو اس حرکت سے یہ گمان ہوگا کہ ایسا
تصرف اس شخص کا چونکہ تصرف اپنے ملک مین ہے ظلم و زیادتی تو کسیطرح
متصور نہین ہوسکتا لیکن ایک امر عبث و لغو محض کا واقع ہونا البتہ معلوم و
مفہوم ہوتا ہے الحاصل تصرف کرنا اپنے ملک حقیقی مین گو وہ تصرف کسی نہج پر
کیون نہو ظلم تو کسی طرح گمان نہین کیا جاسکتا بلکہ تصرف مصنوعات مجازیہ کوزہ گر
پر بھی ظلم و ستم ہونیکا خیال یا احتمال نہین کیا گیا البتہ کوزہ گر کی حرکت پر عبث
و فضول ہونے کا خیال و احتمال ضرور ہوسکتا ہے لیکن خداوند حکیم بحق اور مالک مطلق

کے امور و افعال مین تو اس خیال و احتمال کو بھی دخل و مجال نہین ہی کیونکہ ہر گاہ اس کوزہ گر کے مرد فہیم اور صاحب عقل سلیم سمجھنے کی تقدیر پر باوجود خالق اور مالک حقیقی نہونے کوزہ گر بدکور کے بھی خیال و احتمال صدور امور عبث و فضول کا مشکل گنجایش رکھتا ہی تو خداوند خلاق عالم و آفاق تو بے سرے کا حکیم و دانا اور خود خالق تحقیقی اور مالک حقیقی عقل اور عقلا کا ہی اوس خالق و حکیم بحق اور مالک مطلق کے امور و افعال مین ایسے خیال اور احتمال کو کب گنجایش دخل و مجال ہوسکتی ہی خلاصہ مدعا یہ ہی کہ حکم جبیع اوس خداوند حکیم بحق اور مالک مطلق کیطرف سے مورد اعتراض و چون و چرا کسی طرح نہین ہو سکتا ورنہ جس قدر ذی روح حکم خدا سے ہلاک ہوتے ہین چاہیے کہ اون سب کا اہلاک بھی نعوذ باللہ منہا ظلم ہی ٹھہرے دیکھو خداوند تعالے کے حکم سے جس طرح ہزارہا بلکہ لکوکہا جاندار ہر روز پیدا ہوتے ہین اوسیطرح ہزارہا بلکہ لکوکہا اوسکے حکم سے ہر روز ہلاک بھی ضرور ہی ہوتے ہین پس کیون اس قدر جانون کے ہر روز ہلاک کرنے سے کوئی عاقل یا جاہل اوس خداوند حکیم عزیز کے حکم محکم پر ظلم و ستم کا اطلاق بلکہ اوسکے خیال و احتمال بھی نہین کر سکتا حال آنکہ اور کوئی شخص اگر ایک جان کو بھی بلاوجہ ہلاک کرتا ہی تو ہر ایک کے نزدیک بالیقین ظالم و ستمگار قرار پاتا ہی موذی خلق آزار ضرور کہلاتا ہی اصل سبب اسکا یہی ہی کہ خداوند احکم الحاکمین تو خالق تحقیقی اور مالک حقیقی جملہ اشیا کا ہی اوس خالق تحقیقی کو اپنی دی ہوئی جان کے لیے لینے مین بہر نوع اختیار ہی اوس مالک حقیقی کے معاملات مین کس شخص کو مجال رد

وانکار ہی ست کند ہرچہ خواہد بروحکم نیست ✦ کہ جان دادن و کشتن اورا یکیست ✦ ہرگاہ خداوند خلاق جہان آفاق نے تمامی مخلوقات کو فانی غیرباقی خلق فرمایا ہی اور خود حکم و حکمت بالغہ اپنی سے صدور و مرور اجل موجل کا ہر ذیحیات بے ثبات پر واجب و لازم اور فرض و متحتم ٹھہرایا ہی تو درحقیقت مآل کار ہر حیوان کا مرنا اور اس جہان بے بنیان سے ایک روز گذرنا ہی اور اوسیکے حکم و تقدیر سے اس عالم اسباب مین ہر ایک ذی روح فانی کے ہلاک ہونے کے واسطے ایک سبب ظاہری بھی مقرر و مقدر ہوچکا ہی پس جس طرح اور تمام جانداروں کے ہلاک کے واسطے حکم و حکمت الٰہی سے طرح طرح کے بواعث و اسباب مقرر و مقدر کیے گئے ہین اسیطرح ماکول اللحم جانوروں کے واسطے ذبح ہونا بھی سبب موت اوسکے حکم و حکمت سے مقرر و مقدر ہوا اور جس طرح اور تمام اسباب مین اوس سبب حقیقی پر اعتراض نہین ہوسکتا اسیطرح اس سبب خاص یعنی حکم ذبح کے مقرر کرنے میز بھی اعتراض کی مجال اور طعن کا احتمال ہرگز کسی طرح نہین ہی مقصد چہارم جو لوگ حکم ذبح کو تجویز ظلم خیال کرتے ہین اور خداوند رحیم و کریم کی طرف سے وقوع اس حکم کا سراسر محال اور خارج از دائرہ وہم و خیال سمجھتے ہین اون حضرات سے یہ پوچھنا چاہیے کہ آیا جو جانور کہ بدون ذبح لحوق امراض سکے سبب سے مرا کرتے ہین وہ موت اونکے امراض کے سبب سے شدت تکلیف مین موت ذبح کے برابر ہوتی ہی یا اوس سے زائد یا کمتر یہ بات تو ظاہر ہی کہ تکلیف موت امراض تکلیف موت ذبح سے بمدارج زیادہ تر ہوتی ہی کسواسطے

کہ اول تو یہ تکلیف تکلیف دفعی آنی ہے اور وہ تکلیف غالباً تکلیف ممتد
زمانی دوم یہ کہ اشتداد اکثر امراض کا فی نفسہ اس قدر سخت ہوا کرتا ہے کہ کسی
دوسرے نفس پر اوس اشتداد کا ایک نظر اپنی آنکھہ سے دیکھہ لینا بہی انسان
ضعیف البنیان کو سخت و شوار و نا گوار گذرتا ہے بلکہ بعض امراض کی شدت
سے تو مریض کو دفعتاً اپنا ہلاک کر ڈالنا بہی بہت آسان معلوم ہوتا ہے اذا
ابتلی الانسان ببلیتین فاختار اہونہما کے اقتضا سے وہ مبتلای بلا چارو
ناچار موت ہی کو اختیار کر کے جان عزیز اپنی آپ اپنے ہاتھہ سے کھوتا ہے
اور قطع نظر شدت مرض کے نفس نزع روح بدون ذبح کے ایک ایسا صدمہ
مولم و صعب ہے کہ خدا کی پناہ کمال صعوبت اوسکی ہرگز احتیاج بیان نہین
رکھتی بخلاف ذبح کہ ایک طرفۃ العین مین جو حالت بہ ملالت حیوان مذبوح پر
جاری ہوا کرتی ہے کخطف البرق گذر کر رفع ہو جایا کرتی ہے کیسی ہی اذیت و تکلیف
اشد کیون نہو ایک لمح بصر مین جان اوس ذبیح ناتوان کی نجات ابدی اوس
اذیت و تکلیف اشد سے پایا کرتی ہے الحاصل موت امراض کا نہایت اشد
اور بلای بد ہونا نزدیک عقل و قیاس اندازہ شناس کے اس درجہ ثابت و
متحقق ہے کہ موت دفعی بشکل موت ذبح کے تئین اکثر عقلا بمقابلہ اوسکے غایت
آسانی بلکہ موجب راحت جاودانی تصور کیا کرتے ہین چنانچہ عقلای فرنگ
نے جو جانور مریض مایوس العلاج مبتلای رنج و بلا کو ضرب گلہ تفنگ سے مار ڈالنا
قرار دیا ہے صرف اسی مصلحت سے تجویز کیا ہے کہ اقسام آلام و اسقام طولانی زمانی
کا ایک تکلیف دفعی آنی سے رفع دفع کر دینا عین مرحمت و احسان اوس

حیوان رنجور ناتوان کے واسطے بحکم عقل ونظر مقرر و متصور کر چکے
ہین ہرگاہ نہایت اشد اور بلای بد ہونا موت امراض کا اور بہ نسبت اوسکے
غایت آسان اور خفیف التکلیف ہونا موت ذبح کا واضح کیا گیا تو اب ہم
معترضون سے یہ بات پوچھتے ہین کہ آیا جو شدائد بعید وعد موت امراض مین
جاندارون پر ہوا کرتے ہین اون سب شدائد کو تم بحکم خداوند احکم الحاکمین سمجھتے ہو
یا نعوذ باللہ کوئی اور بھی دوسرا زبردست خداوند غالب پر غالب ہی کہ جو خداوند تعالے
کے مخلوق اور مملوک جاندارون کو ایسی مصیبت اور تکلیف سے مارتا ہی اور
خداوند کو اوسکے پنجۂ ظلم سے ان عاجزون کے چھوڑانے کی طاقت ہرگز نہین
ہوتی پس ہرگاہ تم قائل ہو جاؤگے کہ نہین یہ سب شدائد امراض اور تکالیف
موت خداوند احکم الحاکمین ہی کے حکم و تصرف سے ہوا کرتے ہین تو اوسوقت
ہم تمسے پوچھینگے کہ آیا اون شدائد زائد از ذبح کو بھی تم ظلم سمجھتے ہو یا کیا
اگر اونکو بھی ظلم سمجھتے ہو تو امر ذبح کے ظلم فرض کرنیکی تقدیر پر بھی خداوند تعالے
کی طرف سے حکم ذبح کے محال ہونے کا خیال ہرگز تمکو نہین چاہیے اور اگر
اون شدائد زائد از ذبح کو تم ظلم نہین کہتے تو ذبح کے شدائد کب ظلم ہو سکتے ہین
جو توجیہ تم اون شدائد زائد مین کروگے وہی توجیہ ہم ذبح مین بھی کرینگے
بعد سننے اس دلیل جلیل کے معلوم کرلینا چاہیے کہ شدائد موت تو ہر ذیحیات
کے واسطے امر وارادہ الٰہی سے بالیقین مقرر اور مقدر ہوئے ہین لیکن اون
شدائد کی دو قسمین ہین ایک شدت موت امراض دوسری شدت موت
ذبح چونکہ قسم اول بہ نسبت ثانی کے نہایت اشد ہی لہذا بعض حیوانات کے

واسطے جنکی طرف لطف خداوندی متوجہ ہوا قسم ثانی ہی خاص کی گئی پس
تخصیص حکم ذبح واسطے بعض حیوانات کے حضرت خداوند حقیقی کیطرف سے
کمال لطف ہے نہ ظلم کہ موت اشد سے ان ضعیفان خستہ جان کو بچایا اور
بعوض اوس موت اشد کے موت اہون و اخف کے ساتھہ بالاختصاص
خاص فرمایا مخالفین اس دلیل کو سنکر دو اعتراض کرینگے اول یہ کہ اگر موت
ذبح اہون اور عین لطف خداوندی تھا تو آدمیون کے حق مین کسواسطے
یہ لطف تجویز نہین کیا گیا حال آنکہ نوع انسان بہ نسبت اور حیوانات کے
الطاف خداوندی کے ساتھہ زیادہ تر احق و الیق ہے پس چاہیے تھا
کہ آدمیون کے واسطے بھی بجاے موت مرض موت قتل ہی خاص کیجاتی
اعتراض دوم یہ کہ موت امراض اختتام ایام حیات پر ہوا کرتی ہے بخلاف
موت ذبح کہ قبل اتمام ایام حیات حیوان کو مار ڈالتے ہین لہذا ظلم ہونا اسکا
نفس فعل ذبح کے سبب سے اگر ثابت نہوا تو قبل اتمام ایام حیات کے
ذبح کر ڈالنے کے سبب سے تو ضرور ثابت ہوگا اب جواب باصواب ان دونون
اعتراض کا بھی سننا چاہیے جواب اعتراض اول کا یہ ہے کہ موت ذبح موت
مرض سے اہون اور احسن تو بلاشک ہے اور کمال لطف خداوندی ہونا اس
موت کا حق انسان مین بھی مسلم چنانچہ مقتول بالظلم اور مقتول بالقصاص دونون
کے حق مین موت ذبح کا لطف من اللہ ہونا جملہ اہل ادیان کے نزدیک ثابت
اور متحقق ہے لیکن سوا ان خاص صورتون کے مطلقاً جو یہ قسم موت انسان کیواسطے تجویز
نہین کی گئی اسکیواسطے کئی وجہین ہین وجہ اول یہ کہ نوع انسان عند اللہ بہت مکرم ہے

پس غایت تکریم اسکی مانع ہی حکم ذبح اسکے سے اور بھی رخصت اکل لحم اسکے سے مثل لحوم اور حیوانات کے وجہ دوم یہ کہ نوع انسان بسبب کمال علو مرتبت اپنے کے اور بھی بسبب نطق و ادراک کے مخصوص کی گئی ہی ساتھہ ابتلا کے اور تکالیف مخصوصہ انسان کے اشد ہین تکالیف حیوانات سے لہذا اقسام موت سے بھی جو قسم اشد تھی وہی قسم ساتھہ انسان کے خاص کی گئی اس جگہ کوئی یہ بات نکہے کہ موت اذیت اشد تو ظلم سے مقتول ہونیوالون کے مشہور ہی نہ امراض سے مرنے والون کے کیونکہ شدت تکالیف مظلوم قتل ہونے والونکی جو مشہور ہی وہ اس معنی کر مشتہر نہین کہ نفس تکلیف موت قتل جو حرکت دفعی آنے سے کخطف البرق گذر جایا کرتی ہی وہ تکلیف فی نفسہ تکلیف شدائد موت مرض سے کچھہ زیادہ ہوتی ہی بلکہ مظلوم قتل ہونے کے جو شدائد و تکالیف مشہور ہین وہ اور شدائد و تکالیف ہین جو اس تکلیف دفعی آنی کے قبل اکثر لاحق ہوا کرتی ہین علاوہ اسکے مظلوم ہونا کسی ہمجنس کے ہاتھہ سے یہ بھی زیادہ تر باعث رقت دلی اور ترحم قلبی کا ہوا کرتا ہی والا اس بات مین کسیطرحکا شک نہین کہ موت ذبح اکثر اقسام موت امراض سے تو شدت تکالیف مین خفیف ہی واقع ہوئی ہی وجہ سوم یہ کہ انسان کو تو خداوند تعالی نے ساتھہ کمالات روحانی اور جسمانی دونون کے مشرف فرمایا ہی اور حیوانات صرف صفات جسدی کے ساتھہ متصف کیے گئے ہین پس چونکہ بعد انقراض عہد شباب اور شروع زمان انحطاط جسد کے صفات جسدی کو سوا تنزل و انعدام روز بروز کے اپنی حالت موجودہ پر بھی تا حین حیات

قیام وثبات کسیطرح ممکن نہین ہوسکتا لہذا وجود حیوان کا بعد ختم عہد شباب
اور شروع زمان انحطاط جسدی کے بحکم اوس درخت کے ہوا کرتا ہی جس
درخت کا زمان برگ وبار تمام ہوجاوے اور خشک ہونا شروع ہوکر زوال و
اضمحلال روز بروز اوس مین راہ پائے یا مثل درخت موز کے ایکبار بار لاکر
گو خشک بھی نہو مگر بار دگر ہرگز بار نہ لائے باغبان عاقل ایسے درخت کو جس وقت
بیکار محض پاتا ہی تو بلا خوف و اندیشہ تیشہ اوسپر چلاتا ہی بلکہ جو درخت کہ بار و اثمار
اون سے مقصود نہین ہوتے صرف شاخ و برگ ہی مطلوب ہوا کرتے ہین
اون درختون کے قطع کرنے مین تو باغبان عاقل اتمام ایام برگ وبار کا انتظار
بھی نہین دیکھتا بخلاف اوس درخت کے کہ جس سے ہمیشہ یعنی جس وقت
تک کہ وہ اپنے بیخ پر قائم رہے گو کیسا ہی پرانا کیون نہو جاوے توقع بار و
اثمار یا اور کسی قسم منافع عظیمہ اور فوائد عمیمہ کی ہوتی ہی اوس درخت کو باغبان
عاقل کبھی حکم قطع کر ڈالنے کا نہین دیتا اور کبھی کسی حال مین بھی لائق قطع او سکو
نہین سمجھتا پس حیوانات کیطرح افراد نوع انسانی کا ذبح تجویز نکرنا مبتنی اسی مصلحت
پر ہی کہ آدمی کیسا ہی ضعیف و لاغر اور از کار رفتہ کیون نہو جاوے بقا و اجرا
کمالات روحانی اور صنائع کسبی کا اوس سے ہر وقت اور ہر حالت مین مامول و
مترقب الحصول ہوا کرتا ہی مثل حیوانات کے ضائع اور بیکار کسی وقت اور کسی
حالت مین بھی متصور نہین ہوسکتا یہان تک جواب اعتراض اول کا تھا اب
جواب اعتراض دوم سنیے — واضح ہو کہ اول تو قبل اتمام ایام حیات کے ذبح
ہونا جانورون کا ہرگز مقصود ہی نہین کیونکہ بمقتضای عزای لکل شے اجل

اعتقاد اہل حق مین ہر شے کے واسطے حکم و تقدیر خداوند علیم و قدیر سے
ایک اجل موجل مقرر ہے پس جسوقت کہ جانور ذبح کیا گیا بالضرور یہی وقت اجل
موجل اوسکا علم الٰہی مین مقرر تھا یہان اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے کہ
درصورتیکہ بدون اجل موجل کے کوئی جاندار قتل نہین ہوسکتا تو چاہیے کہ
اگر انسان کو بھی کوئی شخص ناحق قتل کرڈالے تو وہ قتل کرنا بھی کسی طرح مورد
اعتراض اور مستوجب مواخذہ اور قصاص کا ہرگز نہو کیونکہ وہ قتل بھی نہین واقع
ہوگا مگر اجل موجل پر تو جواب اس اعتراض کا یہ ہے کہ انسان کے قاتل کے حق
مین جو حکم مواخذہ و قصاص کا شرعًا و عقلًا ثابت ہے وہ حکم صرف تکریم نفس
انسانی اور حفظ نظام عالم کے سبب سے ہوتا ہے نہ بنظر اسکے کہ قبل اجل موجل مقتول
کے یہ قتل وقوع مین آیا دیکھو اگر کوئی شخص ایسے مرض مین مبتلا ہو کہ جانبری
اوس سے عقلًا کسیطرح پر متصور ہی نہو سکے اور عین حالت احتضار مین اوس
شخص کو کوئی آدمی قتل کرڈالے یا آنکہ جو شخص کہ مدت عمر طبعی اپنے کو تمام کرچکا
ہو اوسکو کوئی شخص ہلاک کرڈالے تو باوجود اس بات کے کہ یہ دونون قتل عقلًا
اجل موجل ہی پر واقع ہونگے لیکن قاتل ان دونون عمر تمام کردہ مقتولون کا
بھی عقلًا اور آئینًا ماخوذ بقتل و قصاص ضرور ہوگا کوئی حاکم بخیال اسکے کہ اجل
موجل تو ان دونون مقتولون کی آہی گئی تھی اب مواخذہ اسکا قاتل مذکور سے
کیا ضرور ہے قاتل مذکور کو معذور و بے قصور تصور نکریگا پس معلوم ہوا کہ معاملہ
قصاص قتل انسانی مین اسبات کو ہرگز دخل نہین ہے کہ آیا عمر طبعی مقتول کی عقلًا
تمام ہوچکی تھی اور حین اجل موجل اوسکے سر پر پہونچ چکی تھی یا نہین بلکہ تکریم

نفس انسانی اور حفظ انتظام عالم اصل سبب اس مواخذہ قتل و قصاص کا ہوا کرتا ہی
اور اگر لحاظ تکریم نفس انسانی اور حفظ انتظام عالم اصل سبب اس مواخذہ کا نہوتا
تو کوئی حاکم عاقل و عادل عمر تمام کردہ مقتولون کے قصاص مین نوعمر قاتلون
کا اہلاک بلا اندیشہ وباک کسیطرح تجویز نکرتا الحاصل قبل اتمام ایام حیات کے
اول تو ذبح ہونا جانورون کا ہرگز متصور ہی نہین ہی علاوہ اسکے ہم یوچھتے ہین
کہ اگر ذبح کرنا تجویز اہلاک قبل اتمام ایام حیات کے ہی اور اسی سبب سے اسکے
ظلم ہونے کا خیال و احتمال کیا جاتا ہی تو جو جاندار کہ قبل اتمام عمر طبعی کے بعض
امراض صعب وبائی وغیرہ مین مبتلا ہو کر مثل ذبح دفعتًہ مرجایا کرتے ہین انکو
تم کیا کہتے ہو آیا وہ مرنا بھی قبل اتمام ایام حیات بعینہ ذبح ہی کیطرح ہی یا نہین
اور جس طرح ذبح مین یہ بات سمجھی جاتی ہی کہ اگر اس جانور کو ذبح نکرتے تو بالیقین
جیتا رہتا اور تا انصرام ایام عمر طبعی بشرط عدم لحوق کسی آفت کے ہرگز نہ مرتا
بلکہ بقیہ عہد زندگانی اپنے کو درصورت عدم لحوق مانع پورا ضرور کرتا اسیطرح
ان امراض ناگہانی وبائی وغیرہ کے لحوق مین بھی یہی بات ضرور سمجھی جاتی ہی
یا نہین پس اگر ان امراض کے لحوق کی تقدیر پر بھی یہی بات صادق آتی ہی
تو ہم پوچھتے ہین کہ آیا وہ امراض بامر وارادہ الٰہی لاحق ہوا کرتے ہین یا کسی
اور کے حکم وارادے سے اور اگر حکم وارادہ الٰہی سے لاحق ہوتے ہین تو
اونکے لحوق کو اور اوس موت کو بھی تم ظلم کہتے ہو یا کیا جو توجیہ تم ان امراض
کی موت مین کروگے وہی توجیہ اس موت ذبح بامر اللہ مین بھی ضرور کیجائیگی
اور اگر کوئی شخص ان امراض کو اور ان امراض کے سبب سے مرنے کو امور

اتفاقی کیطرف یا اسباب عالم سے اور کسی سبب دیگر کیطرف نسبت کرے اور امر ذبح کو فعل ارادی انسان ہونے کے سبب سے علاحدہ اوس سے جانے اور دخل اور اختیار حکم و حکمت خداوند حقیقی کا ان دونون اقسام موت سے ایک قسم مین بھی نہ مانے تو ایسا خیال متحقق الا لبطال تو سوا اون بعض اشخاص خاص کے جو کہ وجود فایض الجود خداوند عالم کے العیوذ باللہ منہا قائل ہی نہین ہین یا اوسکے وجود فایض الجود کو معطل محض جانتے ہین اور ظہور جملہ امور کا صرف وابستہ بخت و اتفاق مانتے ہین اور کوئی فہیم ذی عقل سلیم بھی نہین کرسکیگا ابطال اس مذہب ضال کا ادلہ قاطعہ اور حجج ساطعہ سے بر ظاہر ہے اور خلاف عقل و انصاف ہونا اس طریق نا تحقیق کا از روی تصریح کتب حکمت و کلام بوضاحت تمام روشن و باہر ہے یہ رسالہ قلیل گنجایش شرح و بیان اون مباحث طویل کی ہرگز نہین رکھتا اور قطع نظر متحقق الا لبطال ہونے اس مذہب ضال کے اس مذہب باطل و ضال کی بنا پر تو درحقیقت فعل ذبح کے قبیح و ناروا ہونیکا خیال و احتمال ہی کسیطرح پر متصور نہین ہے الحاصل جو اشخاص کہ خداوند عالم کو قادر و متصرف جملہ کائنات پر سمجھتے ہین اور کسی شے کو اوسکے قبضہ قدرت و مشیت سے باہر نہین جانتے اونکو کسیطرح چارہ نہین ہے اس بات سے کہ جس طرح مرنا جانداروں کا امراض اتفاقیہ کے سبب جملہ سنین و اوقات عمر مین بحکم و مشیت خداوندی ثابت اور متحقق سمجھتے ہین اور ہرگز احتمال ظلم کا نسبت خداوند مالک حقیقی کے اوسمین نہین کرتے اسیطرح جملہ اوقات و حالات مین تجویز موت ذبح کو بھی بحکم و مشیت خداوندی ثابت اور متحقق سمجھین

اور شائبہ احتمال ظلم کو اوس مالک حقیقی کیطرف کسیطرح اپنے دلون مین راہ ندین بعد استماع اس دلیل جلیل کے عجب نہین کہ کوئی شخص یہ بات کہے کہ خداوند مالک حقیقی تو بلاشک اپنی مملوکات اور مخلوقات کے اہلاک پر بطور ذبح کے ہو خواہ بطریق بیمار ڈال لنے کے جس طرح کہ چاہے اختیار رکھتا ہی اور احتمال واہمۂ ظلم اور زیادتی کا بنسبت اوس خداوند مالک حقیقی کے کسیطرح نہین ہوسکتا لیکن یہ بات ہمارے فہم مین ہرگز نہین آتی کہ آدمیون کو خداوند تعالی نے ایسے عمل جبر و سخت دلی کا جو کہ اقتضای رقت جنسیت اسنکے سے سراسر بعید معلوم ہوتا ہی کسواسطے اختیار دیا اور کس مصلحت سے ایسے فعل درشت کے ساتھہ مامور کیا اور کیا ضرورت ایسے حکم کے ساتھہ مامور کرنیکی کیا تھی اور کس مصلحت سے ایسی اجازت منافی خلق و انسانیت انکو دیگئی جواب اس اعتراض کا اول یہ ہی کہ ہر ایک مصلحت خداوندی پر بندون کو اطلاع ہونا کچھہ ضرور نہین خیال کرو کہ سلاطین ظاہر جو احکام و قواعد اپنے ملک مین نافذ کیا کرتے ہین بہت سے احکام اون مین ایسے بھی ہوتے ہین کہ عوام مردم بلکہ اشخاص خواص کو بھی اونکے وجوہ خفیہ اور مصالح ضروریہ پر اطلاع نہین ہوتی پس ہرگاہ احکام سلاطین ظاہری مین ہر ایک آئین و قانون کا منشا ہر فہیم صاحب عقل سلیم بلکہ ہر عاقل یکتا بھی دریافت نہین کرسکتا چہ جاے عوام کالانعام تو حضرت سلطان السلاطین اور فرمان فرماے حقیقی کے ہر ایک حکم کا منشا اور اصل سبب کب دریافت ہونا آسان ہی اور کس طرح ممکن ہوسکتا ہی کہ بندہ عاجز اوس خداوند حقیقی کے ہر ایک حکم کے مصالح کو دریافت کرسکے +

جواب دوم یہ کہ وجوہ و مصالح امر فبح حسبقدر علم خداوندی مین ہین اون سبکو تو حضرت خداوندہی خوب جانتا ہی لیکن منجملہ اون مصالح کثیر کے جوکہ علم خداوند عالم مین ہین بہت سے وجوہ اور مصالح اور ضرورات ایسے بھی ہین جنپر عالم الغیب حقیقی نے بندگان ضعیف کو بھی مطلع فرمایا ہی چنانچہ کیفیت بعض اون وجوہ اور مصالح اور ضرورات کی خود اس رسالہ عجالہ سے بھی بخوبی واضح ہو سکتی ہی **مقصد پنجم** یہ بات پر ظاہر و آشکارا اور مسلم جملہ عقلای روزگار ہی کہ خداوند خلاق حقیقی نے اس جہان کی تمام مخلوقات پر انسان ہی کو شرف کیا ہی اور جمیع نباتات اور حیوانات و معدنیات کو فقط انسان ہی کے منافع اور اغراض ذاتی کے واسطے جلوۂ وجود دیا ہی پس اصل مقصود اور خلاصۂ وجود سب جہان کا انسان ہی اور جو چیز کہ سوا انسان کے اس جہان مین خلق کی گئی ہی انسان کے واسطے خلق کی گئی ہی دیکھو اوس صانع بیچون نے اپنی حکمت بالغہ سے کیا کیا عجائب و غرائب چیزین اس جہان بے بنیان مین پیدا کی ہین اور کیسی کیسی عجیب غریب منفعتین اور تاثیرین ان سب اشیا مین علیحدہ علیحدہ اپنی قدرت کاملہ سے رکھدی ہین رنگ بو مزہ منفعت تاثیر ہر شی کی جداگانہ ہی ہر شی مین اوسکی نمایش قدرت کا نیا ایک کارخانہ ہی پس اگر ان تمام اشیا اور مخلوقات کے مصالح عجیبہ اور منافع غریبہ کے دیکھنے اور حاصل کرنے اور آزمانے اور کام مین لانے کے واسطے کوئی مدرک اور ممیز اور قدردان ان سب چیزون کا خلق نکیا جاتا اور وہ مدرک اور ممیز اور قدردان اپنے حکم عملیہ اور تدابیر صناعیہ اور تصرفات خاصہ سے ان سب اشیای عجائب

قدرت کے کام مین نلاتا تو گویا خلق کرنا ان سب عجائب قدرت کا محض عبث تھا
اسیواسطے انسان ہمہ دان مدرک و ممیز و قدر دان ان سب عجائب قدرت
کا پیدا کیا گیا الحاصل جملہ اشیای عالم کا انسان ہی کے مصالح اور انتفاع ذاتی
کے واسطے مخلوق ہونا ثابت ہی اور یہ بات بھی بخوبی متحقق ہی کہ نوع انسان کو
خداوند عالم نے مدنی الطبع پیدا کیا ہی اور بھی محتاج کیا ہی جلب منافع اور دفع
مضار اپنے مین طرف جملہ انواع مخلوقات یعنی نباتات و حیوانات و جمادات
کے اسیواسطے انسان کو قوت انواع صنائع کی بھی عطا فرمائی ہی مثل اور
جانورون سے کے صرف کمالات طبعی پر مدار اور انحصار اسکے تمام امور کا نہین
رکھدیا لہذا انسان اپنے منافع اور مصالح ضروریہ مین محتاج واقع ہوا ہی طرف
تصرف اور استعمال جملہ انواع مخلوقات اس عالم کے بدون اس دخل و تصرف
کے تو اسکے کسی کام کا بھی سرانجام نہین ہوسکتا پس ان تمام وجوہ اور مقدمات
بدیہیہ کی روسے تصرف انسان کا جملہ مخلوقات یعنی حیوانات و نباتات و جمادات
مین واسطے منافع اور مصالح اپنے کے عین باقتضای حکم و قدرت و مشیت
حضرت خالق کائنات کا کل موجودات کے ثابت ہوا خلاف مرضیات خداوند
بحق خلاق مطلق کے ہرگز نہین ٹھہرا یہان اگر کوئی شخص یہ بات کہے کہ دخل
و تصرف انسان کا اشیای غیر ذی روح مین تو بلا شبہہ جائز لیکن ذی روح
چیزون مین یہ دخل و تصرف کسی طرح جائز نہین ہی تو اس اعتراض کے جواب مین
ہم یہ پوچھینگے کہ روح سے مطلق روح مراد ہی یا خاص روح حیوانی اگر مطلق روح مراد ہی
تو روح نباتی تو نباتات مین بھی موجود ہی بلکہ بعض حکما کے نزدیک تو نباتات کیواسطے قوت

احساس بھی ثابت ہے وہ کہتے ہین کہ بعض انواع اشجار مین نر اور مادہ کا
ہونا اور مائل ہونا مادہ کا طرف نر کے ساتھہ اسکے کہ ہوا مخالف اس
میلان کی چل رہی ہو اور کبھی مائل ہونا درخت کی بیلون اور شاخون کا
پانی کی جگہ کیطرف اور کبھی رجوع کرنا بیلون اور شاخون کا طرف اون
دیوارون سکے کہ قریب اونکے واقع ہون یہ تمام امور و احوال بمشاہدہ
عینی بداہتہ مرئی ہوتے ہین پس یہ تمام امور و احوال دلیل بین ہین اوپر
ثبوت احساس نوع نباتات سکے فاما ثبوت حیات نباتات پس اختلاف
کیا گیا ہے بیچ اوسکے اور تفصیل اوس اختلاف کی یہ ہے کہ جو لوگ کہ حیات
کو مبدء تغذیہ اور تنمیہ کا سمجھتے ہین اونکے نزدیک تو بسبب ثابت ہونے تغذیہ
اور تنمیہ کے ذیحیات ہونا نباتات کا ثابت ہے اور جو لوگ کہ حیات کو مبدء
حس و حرکت سمجھتے ہین وہ لوگ بسبب انعدام حس و حرکت کے نباتات
کو ذیحیات نہین کہتے لیکن باینہمہ بعض ان مین سے بھی امارات ظنیہ
مذکورہ بالا کے مشاہدے سے نباتات کا صاحب حس و حرکت ہونا ثابت
کرتے ہین یہان تک کہ بعض نے تو نہایت مبالغہ اثبات حس و حرکت نباتات
مین کرکے نباتات کو مدرک کلیات بھی گمان کیا ہے پس اگر مطلق روح
عام اس سے کہ حیوانی ہو یا نباتی اس جگہ مراد لیجاوے تو چاہیے کہ نباتات
کا تصرف اور قطع برید کرنا بھی انسان کو جائز نہ ٹھہرے علی الخصوص اوپر
مذہب اون حکما کے جو کہ قوت حس اور اصل مادہ حیات کا نباتات مین
بھی ثابت کرتے ہین اور اگر خاص روح حیوانی مراد لیجاوے تو اوس وقت

ہم یہ بات پوچھین گے کہ آیا سوا ذبح کرنے کے اور تمام تصرفات مثل سواری اور باربرداری اور حلب شیر اور حبس و بندا و رضرب وزدو غیرہ کے بھی آپ حیوانات مین جائز سمجھتے ہین یا نہین اگر یہ سب تصرفات بھی آپکے نزدیک ناجائز ہین توکوئی صورت انتظام عالم اور بسر برد اوقات بنی آدم کی تبلائیے اور ساتھ التزام ترک و احتراز ان جملہ تصرفات کے خود اپنی بسر برد اوقات کی صورت بھی ہمکو دکھلائیے اور اگر یہ سب تصرفات آپکے نزدیک جائز ہین تو ہم یوچھتے ہین کہ ساتھ عدم جواز ذبح کے جوکہ آپکے نزدیک کمال اقتضاے ترحم اور عدم تجویز جور و تظلم پر مبتنی ہے ان تمام تصرفات دیگر کے جائز رکھنے کا کیا سبب کیا جانورون کو باندھکر رکھنے اور ہلون مین اور گاڑیون مین جوتنے اور بار ہاے گران لاد لادکر منزلون پر لیجانے اور سوار ہوکر دوڑانے اور مارنے اور پیٹنے سے تکلیف ہی نہین ہوتی کیا بچہ گاو کو باندھکر اوسکا دودھ لے لینا اور ترسانا کچھ بیرحمی کی بات نہین ہے کیا یہ تمام جانور بھی مثل انسان کے مخلوقات الٰہی سے نہین ہین یا قوت احساس رنج و تکلیف کی اصلا نہین رکھتے پس کیا سبب ہے کہ ساتھ عدم تجویز تصرف ذبح کے اور تمام تصرفات مولمہ حیوانات کو آپ جائز رکھتے ہین اگر یہ کہیے کہ چونکہ انسان ان جانورون کو آب و علف دیتا ہے اور خبر انکی خور و نوش کی لیتا ہے لہذا ولی النعم اور رزاق مجازی ہونے کے سبب سے اسقدر تکلیف دینا انسان کا ان سب حیوانات کو جائز ٹھہرا اور احتمال ظلم اسمین کسیطرح نہین ہو سکتا تو ہم اسکا جواب اسطرح

دینگے کہ خلق خدا و ملک خدا جملہ حبوب واثمار و نباتات جہان مین بتمام
اقسام حیوانات اور انواع ذیحیات کا حصہ ہے کیونکہ سب انواع ذیحیات
مخلوق اوسی خالق حقیقی کے ہین جسنے ان تمام حبوب واثمار و نباتات کو خلق
فرمایا ہی فقط انسان کا اوسمین کیا اجارہ ہی اور کیا ضرور ہی کہ انسان ظلم اور
زبردستی سے چارپایون کو محبوس کرکے رکھے اور پھر اونکے رزق رسانی
مین اپنا تمنن اونپر ظاہر کرے اور سنت کا احسان اونکے سر پر دھرے
کیون نہین مطلق العنان اونکو کردیتا تاکہ مثل اور طیور اور وحوش کے
جہان چاہین چرین اور رزق مقرر خداوندی کو کہ جابجا خود بخود اونکے واسطے
موجود ہی حاصل کرین یہ رزق رسانی تو انسان کی بعینہ ایسی ہی جس طرح
کوئی حاکم کسی مجرم کو قید کرکے رکھتا ہی اور اوس قید مین اپنے پاس سے
رزق اوسکو پونہچاتا ہی آیا ان جانورون نے بھی کوئی قصور انسان کا کیا ہی
جسکے سبب سے انسان انکو قید کرکے رکھتا ہی اور انکے اذوقہ مقررہ
کو اپنے ہاتھ سے پونہچاتا ہی خلاصہ یہ کہ اور تمام تصرفات مولمہ کو حیوانات
پر جائز رکھنا اور تصرف ذبح کو جائز نہ رکھنا کوئی وجہ وجیہ اسکے تفاوت واہتیاز
کی ہماری سمجھہ مین نہین آتی اگر آپ اور تمام تصرفات کو اس واسطے جائز
رکھتے ہین کہ آپ کے نزدیک اور تمام تصرفات مین حیوانات کو اصلا ایذا
ہی نہین ہوتی تو یہ سمجھنا آپ کا محض غلط اور سراسر خلاف بداہت عقل
کے ہی اور اگر کہیے کہ جو تکلیف اور تمام تصرفات مولمہ مین جانورون کو ہوا
کرتی ہی وہ تکلیف تکلیف ذبح سے نہایت کم ہی تو یہ کہنا بھی آپ کا غلط فہمی ہی

پر مبنی ہے کس واسطے کہ تکلیف ذبح تو صرف تکلیف آنی ہوا کرتی ہے بخلاف
اور تمام تکالیف مذکورہ بالا کے کہ وہ تمام تکالیف استمراری زمانی ہین اور
ظاہر ہے کہ تکلیف استمراری زمانی کا مرتبہ تکلیف آنی فانی سے کہین زائد ہوتا ہے
گو تکلیف آنی فانی ازید واشد اور تکلیف استمراری زمانی بمقابلہ اوس کے
خفیف وضعیف ہے کیون نہو دیکھو جو امراض خاصہ کہ انسان اون کے
سبب سے تکلیف جاری ورنج خفیف استمراری کے ساتھہ دائماً ستاتی
رہا کرتا ہے باوجودیکہ بعض علاجات اون امراض کے ایسے سخت ہوتے ہین
کہ جنسے انسان کی جان پر بنجایا کرتی ہے اور اوس تکلیف خفیف مرض
کی کچھہ حقیقت بھی اس تکلیف شدید علاج کے سامنے نہین ہوتی لیکن
انسان اوس تکلیف خفیف کے جاری اور استمراری ہونے کے سبب سے
اس تکلیف جانگزا سے فانی آنی کو اوس تکلیف خفیف کے دفع ہونے
کے واسطے بخوشی تمام قبول کرتا ہے اور اوس تکلیف خفیف کو اس تکلیف
شدید سے اہون سمجھکر اختیار علاج سخت مین بعض اوقات تو احتمال
تلف جان سے بھی نہین ڈرتا ہے الحق تکلیف دائمی ایسی بدبلا ہے کہ بعض
آدمی قتل دفعی کو قید دائمی سے اہون بلکہ نہایت احسن سمجھتے ہین اکثر
ایسا بھی واقع ہوا ہے کہ انسان نے قید دائمی یا اور تکالیف دائمی کے سبب
سے خودکشی کی اور بلا خوف واندیشہ ومبالات جان عزیز اپنی دیدی تھی یہی
سبب ہے کہ مدبران امور سلطنت برطانیہ مین چند بار بحث وتکرار اس بات
کی ہوچکی ہے کہ مجرمان واجب القتل کو بجاے قتل کے حبس دائمی مین رکھنے کا

قانون جاری کرنا چاہیے الحاصل تکلیف دائمی اگرچہ خفیف وضعیف ہی کیون نہو بمقابلہ تکلیف اشد آنی فانی کے حقیقت اوسکی نہ سمجھنا ہرگز اقتضای شان عقل رسا اور شایان انصاف ارباب علم وذکا سے نہین ہی پس اور تمام تصرفات مولہ کو جو کہ حیوانات مین ہمیشہ جاری اور ساری ہین باوجود دوامی اور استمراری ہونے کے اخف واہون سمجھنا اور صرف تصرف آنی ذبح ہی کو اشد وازید خیال کرنا عقل وانصاف سے نہایت دور ہی علاوہ اسکے اگر ہم اوس تکلیف دوامی کا بہ نسبت اس تکلیف آنی کے تکلیف خفیف ہونا تسلیم بھی کرلین تو اس تقدیر پر بھی یہ تصرف دوامی آپ کا جانداروں مین ظلم تو ضرور ٹھہرے گا گویہ ظلم آپ کا ظلم ذبح سے کم اور ظلم درجہ دوم ہی سہی پس اس صورت مین بھی ہم آپ سے پوچھتے ہین کہ آیا یہ ظلم درجہ دوم بھی آپ نے جانداران بے زبان پر کس وجہ سے جاری رکھا ہی اور کس طرح جائز سمجھا ہی جانوروں پر ظلم کرنے کا اعتراض اگر آپ کو مجوزین ذبح پہ مدنظر ہی تو چاہیے کہ اول آپ خود جانوروں پر ظلم کرنے سے باز رہین تاکہ ذابحین ہی کیطرح اطلاق ظالم ہونے کا خود آپ پر بھی نہو اس ہمارے اعتراض کے جواب مین آپ دو باتون سے ایک بات ضرور کہیے گا یا تو یہ کہیے گا کہ خداوند تعالے نے ان جانوروں کو بوجہ عظمت وشرافت انسان ہی کے واسطے پیدا کیا ہی اور حکم عقلی اور اختیار قدرتی اس قبض وتصرف دوامی کا انسان اشرف المخلوقات کو دیا ہی یا یہ کہ شدت احتیاج وضرورت کے سبب سے

ہم ان تمام تصرفات کو جانداروں مین چاروناچار جائز رکھتے ہین اسواسطے
کہ بدون اختیار ان تمام تصرفات کے تو اس عالم مین ہمارا اجراے کار
سرتاسر محال و دشوار ہی اور انھین تصرفات پر ہمارے تمام امور کا دارومدار
ہی پس اگر آپ اقتضای خلق آلہی اور حکم عقلی کو سبب ان تصرفات کے
جائز رکھنے کا بیان کرتے ہین تو ہم بھی یہی جواب دیتے ہین کہ خداوند تعالے
نے جسطرح اور تمام تصرفات مولمہ دوامی کے واسطے ان جانورون کو
پیدا کیا ہی اور حکم عقلی قبض و تصرف دائمی حیوانات کا انسان کو دیا ہی
اسیطرح تصرف آنی ذبح اور غذای انسانی ہونے کے واسطے بھی ان
جانورون کو ضرور ہی پیدا کیا ہی اور بھی فرمان شرعی اور عقلی سے حکم
قبض و تصرف ذبح اور اکل لحوم کا انسان کو بالیقین دیا ہی فرمان شرعی
کتب آسمانی سے بظاہر اور فرمان عقلی اتفاق جمہور عقلا سے جو کہ فرق
مجوزین ذبح مین داخل ہین اور تعداد اونکی بہ نسبت منکرین کے اضعاف
مضاعف سے بھی زیادہ ہی بخوبی تحقق اور باہر اور اگر شدت ضرورت اور
اپنی کمال حاجتمندی اور ناچاری اور بے اختیاری کو آپ باعث ان
تصرفات کے جائز رکھنے کا کہتے ہین بلکہ یقین بھی آپ کے کمال ترحم
کے ادعا اور اقتضا سے یہی ہی کہ عظمت و شرافت انسان کی وجہ سے
بحکم عقلی مستحق قبض و تصرفات مولمہ حیوانات ہونا اپنا معتبر نرکھکر تجویز قبض
و تصرفات مولمہ حیوانات کے واسطے وجہ ناچاری اور بے اختیاری ہی
گو آپ بنا چار اختیار کرینگے تو اس صورت مین ہمارا کلام یہ ہی کہ آپ

جو دعوی اس بات کا کرتے تھے کہ بیرحمی ہونے کے سبب سے ہم ذبح
جانورون سے اور اکل لحم سے باز رہتے ہین اب یہ دعوی آپ کا محض
بے اصل ٹھہرا اور جو کچھہ اصل سبب تھا وہ ظاہر ہو گیا یعنی معلوم ہوا کہ مدار کار
آپ کے اس ذبح کے اختیار و عدم اختیار کا صرف بلحاظ ضرورت و عدم
ضرورت پر ہی نہ بلحاظ ترحم اور عدم ترحم پر پس بسبب اسکے کہ احتیاج اور ضرورت
اکل لحم کی آپ کو لاحق معلوم نہین ہوئی لہذا ذبح جانور کو آپ نے غیر ضروری
سمجھکر ناجائز تصور کیا ہی اور اگر ضرورت اسکی لاحق دیکھتے تو جس طرح اور
تصرفات مولمہ حیوانات کو باوجود مولم سمجھنے کے بخیال ضرورت بلا حجت
و تکرار اختیار کر لیا ہی اسی طرح اس تصرف مولم ذبح کو بھی آپ بلا حجت و تکرار
اختیار ہی کرتے اور اصلا خوف اتلاف نفوس سے اوس وقت نہ ڈرتے
بلکہ اگر انصاف پر آیئے اور بدیدۂ غور ملاحظہ فرمایئے تو معیشت زندگانی
عالم کون و فساد مین اس حالت موجودہ اور کمال ادعای اتقا پر بھی آپ
حضرات جرم و خطای قتل نفوس ذیحیات سے بری تو کسی طرح نہین ہو سکتے
پانی مین جو کیڑے آلۂ خوردہ بین کے ذریعے سے محسوس ہوتے ہین اون
کیڑون کو آپ ہر شب و روز مین کس قدر زندہ نوش فرماتے ہین علاوہ اسکے
افراد متنوعہ حشرات الارض کو آپ ہر شب و روز مین کسقدر پانوون کے
تلے دبا دبا کر تلف فرماتے ہین بلکہ کارخانہ تو اس عالم کون و فساد کا اسقدر
نازک تر ہی کہ آپ صاحبون کے سانس لینے مین بھی بعض نازک خلقت جاندارون
کی جان ناتوان کا ضرر ہر وقت پیش نظر ہی ایسے ہی موقع پر کسی شاعر نے

کہا ہے ؎ لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام ✤ آفاق کے
اس کارگہِ شیشہ گری کا ✤ پس اگر ایسا ہی آپ کو دعوی اتقا ہے اور اتلاف
جان حیوان نہایت درجے کا ظلم آپ کے نزدیک ٹھہرا ہے تو اول اپنے تئین
آپ ان معاصی اور مظالم روزمرہ سے کہ شب و روز خود آپ کے افعال
اختیاری کے سبب سے واقع ہوتے ہین اور جان عزیز صدہا حیوانات
کو کھوتے ہین باز رکھیے اور اس عالم کون و فساد مین کوئی صورت اپنی
بسر برد اوقات کی ایسی نکالیے کہ جسمین یہ سب جان آزاریان آپ سے
وقوع مین نہ آئین اور اس طرح ہر روز صدہا حیوانات آپکی حرکات و سکنات
روزمرہ کے سبب اپنی جان سے نجائین اگر آپ اس جگہ یہ کہین کہ پانی
کے کیڑون کو ہم اپنی آنکھ سے دیکھکر ہرگز نہین پیتے اور اور کسی کیڑے
جاندار کو بھی اپنے پانون کے تلے جان بوجھکر ہرگز نہین دباتے اور نہ
سانس لینے مین دیدہ و دانستہ کسی جاندار کو آزار دیتے ہین باقی رہا عالم
غفلت مین جانداروں کا ہمارے سبب سے تلف ہونا اسمین ہمارا کیا
اختیار ہے اور حالت غفلت کا کیا اعتبار ہے پس ہم ان جان آزاریون کے
سبب سے مجرم و خطاوار زنہار نہین ہوسکتے تو جواب سکا یہ ہے کہ غفلت ہی کی حالت مین ان
جاندارونکا ہلاک ہونا مسلم سہی لیکن کیا علم اجمالی بھی ان جانورونکے تلف و اہلاک کا آپکو
نہین ہے بلاشک علم اجمالی تو انکے تلف و اہلاک کا آپکو ضرور ہے پس باوجود حاصل ہونے
علم کے گو علم اجمالی ہی سہی کیون آپ ایسی غفلت کرتے ہین آیا باوجود ناصح
اور معترض اور متعرض مجوزین ذبح ہونے کے آپ خود معاملہ اہلاک جان

حیوان سے نہین ڈرتے ہین کسواسطے آپ پھونک پھونک کر قدم ہر جگہ نہین رکھتے تاکہ جاندار کیڑے آپ کے پانوون کے تلے نہ پس جایا کرین سواریون پر سوار ہو ہو کر بے خوف و ہراس اونکا دوڑانا آپ کو کیا ضرور ہی بلکہ خود حالت پیادہ پائی مین بھی بعض اوقات تیز خرامی کرنا آپ کا آپ کے حق مین نہایت بیجا دستور ہی اسیواسطے بعض سخنورون نے ڈرایا ہی اور گویا یہ شعر خاصتہ آپ ہی لوگون کے حق مین فرمایا ہی سے آہستہ خرام بلکہ مخرام + زیر قدمت ہزار جانست + منہ کے سامنے سراوگیون کیطرح کپڑا ہر وقت کیون نہین لگائے رہتے تاکہ بعض نازک جاندار ونکا دم آپ کے دم کے سبب سے ناک مین نہ آئے پانی کے کیڑون کو تھپر کی چھننے سے یا کسی اور تدبیر سے دور کر کے پینے کا التزام اور اہتمام کیون نہین کرتے یا بجاے آپ افشردہا سے فواکہ و نباتات خواہ احتیاس لبنیات پر آپ اپنی پیاس بجھانے کا دار و مدار کیون نہین رکھتے تاکہ کرہاسے آپ مبتلاے ہلاکت و عذاب نہون یہ سب مراتب احتیاط جنکا بیان کیا گیا کچھ دائرہ امکان سے تو خارج نہین ہین کہ ناممکن ہونے کے عذر سے آپ ان سب التزامات کے ترک مین معذور و بیقصور سمجھے جائین اور اپنے تئین اس دائرہ تکلیف حارج سے خارج بتلا کر فراغت پائین ہان البتہ دقت و تکلیف سے یہ التزامات خالی ہرگز نہین ہین لیکن ہر گاہ معاملہ اہلاک جان حیوان کا آپ کے نزدیک سپلے سرے کا ظلم اور گناہ قرار پایا ہی یہان تک کہ صرف عمل ذبح حیوان کو بھی واسطے دریافت کرنے ضلالت

یا ہدایت کسی فریق کے آپنے کافی ووافی تصور فرمایا ہی تو ایسے معاملہ عظیم کے واسطے یہ تمام دقت وتکلیف اوٹھانا آپ کا گو فی الواقع امر عسیر ہی لیکن بمقابلہ ایسے امر عظیم یعنے اتلاف جان کسی حیوان کے اگر حقیقت پوچھیے تو نہایت ہی اہون ویسیر ہی اور اگر آپ باوجود اس درجہ عظیم سمجھنے معاملہ جان حیوان کے کرمہاے آب یا اور حشرات الارض کو بلا مشاہدہ عینی تلف کرنے کے سبب سے اپنے تئین اس معاملے مین معذور و بے قصور قرار دین تو یہ عذر آپ کا بعینہ ایسا ہی جسطرح کوئی شخص اپنی آنکھہ بند کرکے خواہ منہ کے سامنے پردہ ڈالکے شارع عام کیطرف بلا خوف ووسواس تیر اندازی یا تفنگ بازی شروع کرے اور ہر روز بہت سے راہگذرونکو ہلاک کرنے مین اپنے تئین معذور و بے قصور سمجھکر خوف اتلاف نفوس سے اصلا نڈرے باقی اگر آپ یہ کہین کہ مجوزین ذبح بھی تو کرمہاے آب کے بچانے اور حشرات الارض کے پانوون کے تلے ملنے اور دبانے مین ہمارے ہمدم اور ہمقدم ضرور ہین کچھہ ہم ہی تنہا اس قسم کے امور مین گنہگار وخطاوار نہین ہین یہ کہنا آپ کا درست فی الحقیقة حضرات مجوزین ذبح بھی اس قسم کامون مین آپ کے ہمدم وہمقدم تو ضرور ہین لیکن یہ وہ حضرات ہین جنکے نزدیک خلقت اکثر حیوانات کی صرف واسطے تمتع اور انتفاع نوع انسان ہی کی ظہور مین آئی ہی اور نوع حیوان واسطے آسایش وانتفاع حضرت انسان کے بسبب خلقت مورد ومتحمل انواع مصائب وتکالیف کے قرار پائی ہی پس صرف ہونا جان حیوان کا جو کہ صرف آسایش

وانتفاع انسان ہی کے واسطے خلق کی گئی ہے اگر بقصد وارادۂ انسان
بھی وقوع مین آئے تو بھی انکے نزدیک عین مقصود تخلیق جان حیوان
ہے تکلیف حالت غفلت مین بلا قصد وارادہ انسان ہلاک وتلف ہونا کسی
جان حیوان کا اوسکو یہ حضرات کب اس قدر جرم سخت سمجھتے ہین کہ اوسکے
وقوع اتفاقی سے مجرم خونی کی طرح ڈرین اور مرتکب جریمۂ عظیمہ کا اپنے تئین
تصور کرین یون تو مرتبہ احتیاط بھی ان حضرات مین اس قدر زیادہ تر ہے
کہ سوا موذیات کے بلا وجہ وضرورت ادنی ستانا کسی حیوان کا ہرگز
جائز نہین رکھتے حتی کہ نباتات تک کو بلا ضرورت قطع وبرید کرنا بھی نادرست
جانتے ہین لیکن معاملہ واجب العمل ساتھ حیوانات کے ان حضرات
کی نظر تحقیق مین اس طرح پر مقرر ہوا ہے کہ ہرگاہ حیوانات اپنی اصل خلقت
سے مکلف بانواع تکالیف واسطے استمداد اور استمتاع نوع انسان کے
ثابت ہوئی تو تکلیف دہی حیوانات کے واسطے ان حضرات سے نے
قاعدۂ عقلی اس طرح پر مقرر رکھا کہ جو جو تکالیف کہ حیوانات من حیث
اصل خلقت موقع ومحل اونکے قرار دیے گئے ہین اون تکالیف مقررہ
کے جائز رکھنے مین اصلا خوف وہراس اور تردد ووسواس یہ حضرات
نہین کرتے رہین وہ تکالیف جو کہ خلاف اقتضای خلقی حیوانات کے
ہین اون تکالیف کا پونہچانا البتہ نہایت قبیح اور ظلم صریح جانتے ہین
پس بموجب اس قاعدۂ عقلیہ کے تکلیف ذبح ان حضرات کے نزدیک
ظلم نہین ہے اور تکالیف بھوکا پیاسا رکھنے کی یا زیادہ حد طاقت سے

لادو دینے کی خواہ حالت بیماری مین لادنے کی یا جو مقدار مدت معین
کہ باقتضای اصل طاقت کسی حیوان کی اوس سے کام لینے کے واسطے
چاہیے زیادہ اوس مدت سے کام لینے اور محنت ومشقت دینے
یا زد وضرب مین حد معین مناسب مقتضای تحمل سے زیادتی کرنے کے
یا حوائج وامور ضروری جاندار کی اوقات ضرورت پر خبر نہ لینے کی ان سب
تکلیفات کو یہ حضرات نہایت قبیح اور ظلم صریح جانتے ہین کس واسطے کہ تکلیف
ذبح یعنی صدمہ موت کا تو ہر حیوان بحسب اقتضاے خلقت موقع ومحل ہی
مقرر ہو چکا ہی اور اس تکلیف سے اوسکو ہرگز گریز اور چارہ ہی کسیطرح نہین
ہو سکتا بخلاف اور تکالیف مصرحۂ بالا کے کہ پہونچنا اون تکالیف خاصہ کا
اقتضای خلقت حیوانی سے بالکل خلاف ہی لہذا ایسی تکالیف کے ساتھ
مکلف کرنا حیوانات کا ان حضرات کے نزدیک سراسر منافی عقل وانصاف
ہی یہ ہی مختصر کیفیت عمل واعتقاد حضرات مجوزین ذبح کے بیچ معاملہ اون حیوانات
کے جن حیوانات کے وجود پر حاجۃ تمتعات واجراے کارہای انسانی کا دار ومدار
قرار دیا گیا ہی رہے اور بعض حیوانات خفیف وضعیف خارج از بحث مثل
حشرات الارض وکرمہای آب ان حیوانات کے باب مین طریق انیق
حضرات مجوزین ذبح کا یہ ہی کہ تا حد تیسر وعدم لحوق حرج ووقت کے ان
حیوانات کے اہلاک واتلاف سے بھی محترز رہنا واجب جانتے ہین
اور بلا ضرورت کسی ادنے سے ادنے جاندار کا بھی ستانا جائز نہین
رکھتے لیکن اس حفظ واحتیاط مین اوس قدر کوشش واہتمام کرنا کہ

کہ پھونک پھونک کر قدم رکھا کرین اور منہ پر ہر وقت کپڑا باندھے رہین
اور بدون بحافظ کمال حفظ واحتیاط کی بات بھی نکہین اور نامحسوس کیڑون کے
خوف تلف سے پانی پینا چھوڑ دین صرف پتھر کے چھنے ہوے پانی یا اور
کسی تدبیر سے صاف کیے ہوے پانی یا افسردہ فواکہ و نباتات پر قناعت
و اکتفا کرین اس درجہ غایت اہتمام اس حفظ و نگہداشت مین یہ حضرات اپنے
اوپر واجب کیا بلکہ جائز بھی نہین سمجھتے تا کہ جملہ کاروبار دینی و دنیوی سے
انھین خیالات مین اپنے تئین معطل نکردین رفع دقت و حرج انسانی
بہین مقصود وجود حیوانات قرار دیا گیا ہی نہ یہ کہ حیوانات کے سبب سے
انسان ایسے ایسے خیالات مین مبتلا ہوکر شب و روز دقت و حرج ہی
مین گرفتار رہے اور اس درجہ مصائب و تکلیفات کو اپنے اوپر ہر وقت
سہے ہان حضرات منکرین ذبح کو ایسے دقت و مشقت کا اہتمام و التزام
البتہ ضرور ہی اور بمقتضاے اِذَا ابْتُلِیَ الْاِنْسَانُ بِبَلِیَّتَیْنِ فَاخْتَارَ اَهْوَنَهُمَا
بمقابلہ قتل نفس حیوانی کے تحمل ان سب دقتون کا درحقیقت اہون امور
ہی کس واسطے کہ اتلاف نفس حیوانی اونکے نزدیک نہایت سخت گناہ ہی
پس سوا اختیار ایسی دقتون اور مشقتون کے اس گناہ سے بچنے کے
واسطے بھلا اور کون سی راہ ہی ہر گاہ معاملہ جان حیوان سخت عظیم قرار پایا
تو حقیر سے حقیر جاندار کی جان کو بھی بسبب صغر جثہ کے کم حقیقت سمجھنا
نہین چاہیے کیونکہ گو جثہ اوسکا صغیر ہی لیکن معاملہ جان تو نہایت عظیم و
کبیر ہی غرضکہ مجوزین ذبح تو کرمہاے آب اور دیگر حشرات الارض کے جرم

مین بموجب اپنی تحقیق و اعتقاد کے مجرم و خطا وار نہین ہو سکتے لیکن منکرین فریج اپنے ادعا اور اعتقاد بے بنیاد کی رو سے پانی پینا اور رستہ چلنا تو ایک طرف سانس لینے مین بھی بعض اوقات مجرم و خطاوار قرار دیے جا سکتے ہین ایک التزام مالایلزم کے ادعا کے سبب سے ان حضرات پر ایسی مصیبت سخت لازم آتی ہے جس مصیبت سخت سے جان بری ان حضرات کی سخت دشوار ہے ایسے محل پر ان حضرات کو فَرَّ مِنَ الْمَطَرِ وَقَامَ تَحْتَ الْمِيزَابِ کا مصداق سمجھنا لائق و سزاوار ہے

**مقصد ششم** ازانجا کہ خداوند حکیم مطلق نے نوع انسان کو قبضہ و تصرف انتظام اس عالم کا دیا ہے اور قوت عقل و تدبیر سے جملہ مخلوقات پر متصرف اور فرمان فرما مقرر کیا ہے لہذا جس طرح اپنے نوع کے اغراض اور مصالح کے واسطے یا اور انواع حیوانات جنسے حوائج ذاتی اسکی متعلق ہوا کرتی ہین اونکے حفظ و منافع کے واسطے قتل کرنا اکثر جانوران موذی کا خواہ درندہ ہون یا زہردار بحکم عقلی و شرعی اوسکو جائز و مناسب بلکہ لازم و واجب ہوا کرتا ہے اسیطرح اشرف اور انفع کی مصلحت اور ضرورت سے احسن انقص کا قتل کرنا بھی اسکے واسطے عین صواب اور بحکم عقلی متفق علیہ جملہ عقلای اولی الالباب ہے دیکھو اگر کسی گھوڑی یا گاے کے زخم ہو کر کیڑے پڑ جاتے ہین تو استعمال دوا وغیرہ سے اہلاک اون کیڑون کا ہر انسان عاقل باقتضاے عقل عین عدل و انصاف سمجھتا ہے اور فقط ایک جان کے حفظ و انتفاع کے واسطے سیکڑون

ہزارون کیڑے جاندار بلا اندیشہ و مبالات اور بدون خیال و احتمال ظلم
کے مار ڈالتا ہی اور کوئی عاقل اوسکے اس فعل کو ناپسند اور خلاف انصاف
تصور نہین کرتا اگر کوئی شخص کہے کہ یہ کیڑے بھی اور درندون اور زہردار
جانورون کی طرح موذی ہین اس واسطے قتل و اہلاک انکا جائز ٹھہرا ہی تو
جواب اسکا یہ ہی کہ یہ کیڑے تو مثل درندون اور زہردار جانورون کے
ہرگز موذی نہین ہین بلکہ خود یہ بیچارے نہایت عاجز و ناتوان ہین نہ موذیات
زہردار مین انکی شمار ہی نہ اور موذیات کیطرح کسی دوسری جگہ سے چلکر فقط
اس جانور کی ایذا رسانی کے واسطے آئے ہین بلکہ حق تعالے نے انکو
خود اسی زخم مین پیدا کیا ہی اور یہین انکا رزق مقرر بھی رکھدیا ہی اوس رزق
مقرر کے کھانے مین اور کاٹنے مین یہ بیچارے محض مجبور و بے قصور ہین
کچھہ مثل اور موذیات کے بسبب خوف یا عداوت خواہ محض اقتضاے
طبعی نیش زنی کے سبب سے نہین کاٹتے پس اس صورت مین ان بیچارے
عاجزون کے اہلاک کو انسان کس واسطے قرین عقل و انصاف تصور کرتا ہی
مگر یہ کہ عقل انسانی واسطے جلب منفعت اور دفع مضرت نفس اعز و اشرف
کے گو وہ نفس اعز و اشرف ایک ہی کیون نہو اسقدر نفوس اخس و انقص کے
اہلاک کو بے تامل و وسواس اور بلا اندیشہ جبر و ظلم جائز سمجھتی ہی اور کس طرح
جائز نہ سمجھے کہ نفس اعز و اشرف کو ساتھہ نفوس اخس و انقص کے ایسی نسبت
ہوا کرتی ہی جس طرح روح کو ساتھہ اعضا کے یا مثلاً الماس کو ساتھہ اور
پتھرون کے پس اگر کسی روح کے حفظ و بقا کی ضرورت سے ایک عضو یا

چند اعضای حیوان خواہ انسان ذی روح کے قطع کیے جائین یا ایک پارہ الماس کے واسطے بہت سے خزف پارے یا سنگ پارے ضائع کردیے جائین تو ایسی تقطیع و تضیع تو درحقیقت خلاف عقل و انصاف کسیطرح متصور نہین ہوسکتی اور بھلا یہ دونون مثالین تو صرف جسم انسان اورجان حیوان ہی کے جواز جرح و قتل کی بیان کی گئین اگر حقیقت پوچھیے تو خود نفوس اشرف انسانیہ کا قتل بھی واسطے مصلحت اعز وانفع کے عقلاً اور آئیناً بالیقین مباح بلکہ بعض مواقع ضروری مین نہایت ضروری تصور کیا گیا ہی جس طرح قتل کرنا اور قتل کرانا بہت سے نفوس عوام مردم کا واسطے استخلاص ایک ایسے شخص کے جو کہ نہایت درجہ عالم اور علامۂ یکتاے روزگار ہو یا مثلاً جنگ مین ایک شخص عاقل مدبر یکتاے روزگار کے حفظ و استخلاص کے واسطے صدہا عوام مردم کا قتل مجوز اور عین صواب جاننا ان سب مثالون سے یہ بات بخوبی ظاہر و باہر ہی کہ مصلحت اعز و اشرف کے واسطے احسن و انقص کا تلف کرنا یا تلف ہونے کو جائز رکھنا کسی نوع سے بھی خلاف عقل و انصاف نہین ہی اگر کوئی کہے کہ یہ سب صورتین دفع مضار کی ہین پس دفع مضار کہ حالت اضطرار ہی اوسکے واسطے اتلاف نفوس خسیسہ جائز ہی لیکن جلب منافع اختیاری جس طرح اکل لحم اوسکے واسطے اتلاف کسی نفس کا خواہ وہ نفس نفس خسیسہ ہو یا نفیسہ ہرگز جائز نہین جواب اسکا یہ ہی کہ دفع مضار اور جلب منافع کے درمیان مین جو تمنے فرق بیان کیا اور مرتبۂ اول کو ضروری اضطراری

اور مرتبہ ثانی کو غیر ضروری اختیاری قرار دیا اول تو ہمکو اسی مین بحث و
کلام ہی کس واسطے کہ ہر ایک مرتبہ دفع مضرت کو ضروری اضطراری اور
بھی ہر ایک مرتبہ جلب منفعت کو غیر ضروری اختیاری ہونا کیا ضرور ہی بلکہ
بعض مضرات خفیفہ کے دفع سے بعض منافع عظیمہ کا جلب بمدارج زیادہ تر
مقصود اور ضروری ہوا کرتا ہی پس کیا ضرور ہی کہ منافع فعل ذبح کے دفع
مضار کے مرتبے سے خفیف و ضعیف ہی ہون ولو فرضنا اگر خفیف و
ضعیف ہونا منافع ذبح کا مرتبہ دفع مضار سے مطلقًا مان بھی لیا جاے تو
اوس صورت مین بھی ہم یہ کہین گے کہ دفع مضار ادرضرورت اضطرار کے
واسطے تو خود نفوس شریفہ انسانی کا اتلاف بلا خلاف جائز ہی پس اگر نفوس
حیوانی کا بھی مرتبہ اتنا ہی ہوا تو تفاوت مرتبہ نفوس حیوانی اور نفوس
انسانی مین کچھہ نہ ٹھہرا لہذا عقل مجوز ہی اس امر کی کہ جس طرح دفع مضار
کے واسطے اتلاف نفوس شریفہ انسانیہ جائز ہی اسیطرح جلب منافع کیواسطے
اتلاف نفوس خسیسہ حیوانیہ بھی بالضرور جائز کیونکہ جو مرتبہ بعد و تفاوت کمی
زیادتی کا درمیان مراتب ضروری اضطراری اور غیر ضروری اختیاری کے
فرض کیا جاے مراتب انسان و حیوان تو اوس مرتبہ بعد و تفاوت سے
بھی زیادہ تر بعید و متصف بتفاوت شدید واقع ہین علاوہ اسکے ہم کہتے
ہین کہ ہرگاہ دفع مضار کے واسطے خود تمھاری عقل نے قتل حیوان بلکہ
انسان کو بھی جائز رکھا حال آنکہ تمھاری عقل کچھہ خالق جان انسان یا حیوان
کی نہین ہی پس اگر خلاق عالم نے واسطے جلب منافع کے جانورون کے

کے ذبح کو جائز ٹھہرایا تو کیا محذور لازم آیا اور قطع نظر ان سب باتون کے
ہم کہتے ہین کہ یہ دعوی تمھارا کہ صرف دفع مضار اور حالت اضطراری
کی صورتون مین اتلاف نفوس حسنہ عقلاً جائز رکھا گیا ہے اور امثلہ
مذکورہ بالا صورت دفع مضار اور حالت اضطراری کے ہین نہ صورت
جلب منافع اور حالت اختیار کے دعواے غیر صحیح ہے کیونکہ امثلہ مذکورہ
بالا گو بظاہر صورت دفع مضار اور حالت اضطرار کی معلوم ہوتی ہین
لیکن اگر بغور ملاحظہ کیا جاے تو درحقیقت یہ امثلہ امثلہ صورت جلب
منافع اور حالت اختیار کی ہین نہ صورت دفع مضار اور حالت اضطرار
کی خیال کرو کہ گھوڑے کے زخم کے کیڑون کو جو ہلاک کرتے ہین
گو اس ہلاک کرنے کا سبب بظاہر دفع مضرت اسپ ہی نظر آتا ہے لیکن اصل
سبب ان جاندارون کے اہلاک کا جلب انتفاع ہے صحت و سلامتی اسپ سے
واسطے صاحب اسپ کے اسیطرح شخص عالم یا عاقل یکتاے روزگار
کے واسطے جو سیکڑون نفوس عامہ انسانی کا قتل کرنا اور قتل کرانا جائز
ٹھہرایا گیا ہے تو اس صورت مین بھی گو بظاہر سبب اس تجویز کا دفع مضرت
شخص عالم و عاقل ہی معلوم ہوتا ہے لیکن بدیدۂ غور اگر ملاحظہ کیا جاے
تو اصل سبب اس تجویز کا صرف ترصد جلب انتفاع ہی واسطے نفوس
انسانی کے بقاے شخص عالم و عاقل سے والا اگر قطع نظر ترصد انتفاع
مذکور سے کیجاے تو گو وہ شخص عالم و عاقل کیسا ہی بے مثل و یکتاے روزگار
سہی لیکن وہ کاملیت تو اوسکی اوسکی ذات خاص کے واسطے ہے اور نفس

کرامت بشری اور شرافت انسانی مین جملہ افراد انسانی شریک ہین پس کس طرح اتلاف سیکڑون نفوس کا ایک نفس کے واسطے اگرچہ وہ نفس کامل عصری کیون نہو جائز متصور ہوسکتا ہے سوا اسکے کہ چونکہ وجود مرد عالم وعاقل علامہ روزگار سے اورافراد نوع انسانی کے واسطے حصول انواع منافع کی امید ہے لہذا جلب منافع کی نظر سے اتلاف نفوس کثیرہ کا اوس ایک نفس کے القا کے واسطے عقلاً جائز ٹھہرا اور خلاف انصاف متصور نہین ہوا الحاصل کوئی شبہہ نہین اس بات مین کہ مصلحت ماغرو اشرف کے واسطے گو وہ مصلحت قسم دفع مضرت سے ہو یا جنس حصول منفعت سے اتلاف نفوس حیوانیہ کا حتے کہ نفوس انسانیہ کا بھی عقلاً جائز تصور کیا گیا ہے بلکہ ممدوح و مستحسن قرار دیا گیا ہے پس اس صورت مین جائز یا مستحسن ثابت ہونے ذبح جانوران ماکول اللحم کے واسطے صرف سبب جلب منافع نوع اشرف انسانی ہی سبب کافی و وافی متصور ہوسکتا ہے اثبات مرتبہ دفع مضار اور حالت اضطرار کی کچھہ احتیاج نہین معہذا اگر آیندہ مرتبہ دفع مضار اور حالت اضطرار کا بھی ثابت ہوا تو نور علی نور ہوگا **مقصد ہفتم** ایک قاعدہ مقرری اس جہان کا یہ ہے کہ نوکر چاکر محکوم ممنون اشخاص کسی موقع ضرورت خاص پہ اپنے آقا اور حاکم اور ولی النعم کی اتباع مرضی اور کاربراری کے واسطے جان عزیز صرف کردینے کو عین اقتضاے شرافت و انسانیت جانکر پروانہ وار نثار ہوجایا کرتے ہین اور کوئی عاقل اونکے اوس مرنے اور جان نثار کرنے کو مذموم و ناسزا نہین کہتا یہان تک کہ اگر حاکم و ولی النعم ارادہ مہم جانگیر لوا حق

واتباع و اشیاع مین بر سر ناحق بھی ہو تب بھی اشخاص ملازم و محکوم و
ممنون کو جان نثاری اور کار براری آقای و ولی النعم مین سب اہل زمانہ غالباً
معذور و بیقصور ہی جانتے ہین بلکہ مستحق تعریف و توصیف کمال فتوت و
مردانگی کا مانتے ہین گو خود اوس حاکم و ولی النعم کو ارادہ خاص ناحق کوشی
کے سبب سے ظالم و خطاوار شمار اور مستحق نفرین و ملامت اعتبار کرین پس اگر
حاکم ولی النعم ارادہ مہم مذکور مین جادہ انصاف سے انحراف نرکھتا ہو تو
اوس وقت تو اوس حاکم و ولی النعم کو بھی اتلاف جان متوسلین کے جرم مین
کوئی شخص مورد طعن و ملامت نہین جانتا بلکہ اگر وہ حاکم و ولی النعم ارادہ مہم
مذکور سے باز رہے اور اوس باز رہنے مین بعض شنایع و قباحات اور
فتن و فسادات پیش آئین تو اس طرح کے اوسکے باز آنے اور جان بچانے
کو سب خاص و عام مستوجب ملامت و الزام تصور کیا کرتے ہین غرض جان نثاری ان
کسی نمکخوار اور ممنون اور تابعدار کی موقع ضرورت حاکم و ولی النعم پر نہ مطیع جان نثار
کے واسطے موجب ملامت ہوا کرتی ہے نہ حاکم و ولی النعم کے واسطے باعث
ندامت ہر گاہ اس قاعدہ مقررہ انام اور دستور مسلم و مقبول جملہ خواص و عوام
کو معلوم کیا تو اب جاننا چاہیے کہ جو محکوم اور خدمتگزار ہمارے کہ جنس حیوان
سے ہین اور فقط ہماری تابعداری اور کار براری ہی کے واسطے پیدا کیے
گئے ہین وہ سب محکوم اور خدمتگذار تو بحکم خداوند منعم و خلاق حقیقی نسبت ذلت
و خواری اور محکومی اور تابعداری ہماری مین ہمارے ان ہمجنس محکومون اور
خدمتگذارون سے بھی زیادہ تر محکوم و مسخر مقرر کیے گئے ہین کس واسطے

کہ خادمان و محکومان ہمجنس کچھ مملوک ہمارے نہین واقع ہوے بلکہ باعتبار
شرافت نوعی اور ہمجنسی کے مکرم و جلیل واقع ہوے ہین نہ مثل جانورون ذلیل بخلاف
ان جانورون کے کہ یہ ہمارے مملوک کر دیے گئے ہین اور ہمارے مقابلے
مین نہایت ذلیل اور کم قدر پیدا کیے گیے ہین پس ہرگاہ خادمان و محکومان
جنس اشرف انسان کا باتباع حکم و مرضی حاکم و آقا فدا ہو جانا خلاف عدل و
انصاف نہین تصور کیا گیا تو فدا ہونا خادمان و محکومان جنس انقص حیوان
کا جو کہ صرف ہماری تابعداری اور کاربراری کے واسطے اصل خلقت سے
ذلیل و محکوم پیدا کیے گیے ہین بلکہ مملوک بھی ہمارے کر دیے گیے ہین
کب خلاف انصاف اور دور از عقل و نظر متصور ہو سکتا ہے رہا یہ توہم کہ
خادمان و محکومان ہمجنس انسان تو خود اپنی خوشی خاطر سے جان دہی یا سرفروشی
کیا کرتے ہین کوئی دوسرا پکڑ جکڑ کر اونسے یہ کام نہین کراتا بخلاف جانوران
مذبوح کہ یہ بیچارے پکڑ جکڑ کر بزور قربان کیے جایا کرتے ہین خادمان ہمجنس
غیر مملوک کی طرح اپنی خوشی خاطر سے فدا نہین ہوتے اور اقتضای شرافت
اور انسانیت سمجھکر جان عزیز اپنی نہین کھوتے جواب سکا یہ ہے کہ حیوانات کچھ انسان
کی طرح صاحب عقل و شعور و فاعل مختار تو ہین نہین کہ خادمان ہمجنس انسان کی طرح اوقات
ضروری حاکم و ولی النعم پہ بخوشی خاطر خود سرگرم فرمانبرداری و کاربراری ہو جائین اور بلا
دخل و ضرورت تحریک کسی سائق اور قائد اور محرک کی موقع ضرورت پر کام آئین بلکہ ہر
خدمت و کارگزاری ان حیوانون کی لایعقل ہونیکے سبب سے قید و بند و زور و زبردستی ہی پر
موقوف ہوا کرتی ہے اگر لایعقل نہوتے تو خدمتگاران جنس انسان کی طرح

ہر ایک کام مقرری اپنا بلا قید و بند و زد و ضرب کسواسطے نہ بجا لاتے اور دم دم کے بعد کوڑے اور چابکین کسلیے کھاتے پس جس طرح اور ہر ایک کام کا سر انجام انسے ہوا کرتا ہی اسی طرح ان کے فدا ہونے کو بھی تصور کرنا چاہیے زد و ضرب و قید و بند تو انکے ہر ایک کام کے واسطے لازم و ضرور ہی اس زد و ضرب و قید و بند سے ناجائز سمجھنا کسی انکے مصرف و کارگزاری کا کب مقتضائے عقل و شعور ہی اور ہر گاہ موقع ضرورت منعم و آقا پر خود انسان عاقل کا بخوشی خاطر خود فدا ہو جانا قرین عقل و انصاف ہی تو جانوران لایعقل کا ایسے موقع پر بقید و بند صرف مین آنا تجویز عقل و نظر سے کب خلاف ہی اگر اس جگہ کوئی یہ بات کہے کہ جو کچھ بیان جواز جان نثاری اتباع و محکومین کیا گیا بیان جواز موقع ضرورت کا تھا اور ذبح کرنے جانور کے واسطے کوئی ضرورت داعی نہین ہوتی لہذا بسبب تفاوت مرتبہ ضرورت و عدم ضرورت کے صورتین مذکورتین سے قیاس ایک صورت کا دوسری صورت پر کیونکر متصور ہوسکتا ہی جواب اسکا یہ ہی مراد موقع ضرورت سے اوس جگہ نہ کوئی ایسا امر ضروری ہی کہ جسکے بدون چارہ اور گذارہ ہی نہو سکے بلکہ اصل مراد موقع ضرورت سے صرف ایک جلب نفع واقعی یا دفع ضرر واقعی ہی کہ جسکی خواہش بسبب کسی استحقاق کے کیجاے خیال کرو کہ اگر ایک شخص ذی حق نے اپنے کسی باغ یا زمین یا مکان حق موروثی لینے کے واسطے باوجودیکہ وہ ذی حق محتاج اوس حق موروثی لینے کا اصلا نتھا قصد و دعوی کیا اور کوئی مفسد و غاصب تحصیل حق واجبی سے

اوس ذی حق کو مانع ہوا اور نوبت بحث و تکرار تا بجنگ و پیکار پونہچی اور چند اشخاص ملازمین و اتباع اس ذی حق کے اوس جنگ و پیکار مین نثار ہو گئے تو اس صورت مین اگرچہ جنگ و فساد کرنا اوس حق واجبی کے واسطے ذی حق مذکور کو ضرور تو کسیطرح نہین تھا لیکن با وجود عدم احتیاج و ضرورت کے بھی اگر ذی حق مذکور نے اپنا حق واجبی سمجھکر اوس حق واجبی کے استحصال اور استخلاص کے واسطے خواہ مخواہ جد و کد اور اصرار و تکرار ہی کیا اور اوس جد و کد کو کشت و خون کی حد تک پونہچا دیا تو کوئی شخص ذی حق مذکور کو اس جد و کد طلب حق واجبی کرنے مین او کشت و خون اتباع و محکومین کی اوس جد و کد کے سبب سے جائز رکھنے مین ظالم و ناانصاف ہرگز نہین کہتا بلکہ بعض مواقع اور حالات مین تو ذی حق مذکور کو تمام خواص و عوام سزاوار صد ہزار تحسین و آفرین جانا کرتے ہین پس اس بات سے بخوبی ثابت ہی کہ ممدوح یا غیر مقدوح ہونا تجویز جان نثاری اتباع و محکومین کا کچھ صرف صرف موقع ضرورت ناچاری اور حالت بے اختیاری پر موقوف و منحصر نہین ہوتا بلکہ مراد موقع ضرورت سے اوس جگہ فقط ایک جلب نفع واقعی یا دفع ضرر واقعی ہی کہ جسکی خواہش بسبب کسی استحقاق کے کی جاوے رہا یہ کہ امر غیر ضروری کو ضروری کے ساتھ کیون تعبیر کیا باعث اسکا یہ ہی کہ کمال خواہش اور اصرار آقای ولی النعم کے سبب سے امر غیر ضروری اوس موقع خاص پر ضروری الاستحصال خیال کیا جاتا ہی لہذا اطلاق ضروری کا اوس غیر ضروری پر آتا ہی پس اگر کوئی شخص اسجگہ یہ بات کہے کہ گو موقع

مذکور دراصل ضروری نہین ہوتا لیکن بعد وقوع جدوکد اور اصرار وتکرار اصحاب جائزہ
کے تو بالیقین ضروری ہوجاتا ہی لہذا جان نثاری موقع مذکور درحقیقت ان جانثاری
موقع اشد ضرورت ہی ہوتی ہی غیرضروری تصور کرنا اوسکا نہین چاہیئے جواب
اسکا یہ ہی کہ گو موقع مذکور بعد وقوع جدوکد اور اصرار وتکرار مستحاصمین کے ضروری
متصور ہو لیکن دراصل تو وہ موقع موقع غیرضروری ہی ہوتا ہی نہ ضروری سعہذا
اگر کسی ذی حق نے باوجود یقینی سمجھنے اس بات کے کہ اگر مین طلب فلان
حق واجبی اپنے مین جدوکد اور اصرار وتکرار کرونگا تو نوبت جنگ وپیکار اور
کشت وخون کی ضرور ہی آئیگی ابتدا سے قصدا ہی سے صورت وقوع
کشت وخون بلا ضرورت کو جائز رکھا تب بھی طلب حق واجبی کرنے اور اوس
طلب حق واجبی کے سبب سے کشت وخون جائز رکھنے مین ذی حق مذکور
کسی فرد بشر کے نزدیک ظالم ونا انصاف ہرگز نہین قرار پائیگا نہ مفسد
وفتنہ انگیز کہا جائیگا الحاصل طلب حق واجبی کے واسطے گو وہ حق واجبی
محتاج الیہ ضروری ہو یا نہو تجویز جان نثاری اتباع ومحکومین عقلاً غیر محظور
ضرور قرار دی گئی ہی لہذا جو جانور کہ اصل خلقت سے محکوم اور تابعدار ہمارے
ہین اور گوشت وپوست اونکا ہماری ملکیت خاص سے کردیا گیا ہی اگر اوس
ملکیت خاص اپنی مین قصد طلب انتفاع ہمنے کیا اور اس انتفاع واجبی کے
حاصل کرنے کے واسطے ان اپنے محکومون اور مملوکون کی جان نثاری
کو جائز ٹھہرایا تو کوئی امر اسمین خلاف حکم عدل وانصاف کے لازم نہین آیا

**مقصد ہشتم** قتل کرنا سانپ اور بچھو وغیرہ کا قبل اسکے کہ وہ ایذا

پونہچائین صرف احتمال مضرت کی نظر سے اور بھی مار ڈالنا کھٹمل اور پسو اور مچھر وغیرہ کا ایک جرم خفیف کے سبب سے جو تمام عقلای روزگار بلا بحث و تکرار جائز رکھتے ہین اور کسیطرح خلاف عقل و انصاف نہین سمجھتے اس سے یہ بات ظاہر ہی کہ صرف احتمال اندیشہ مضرت نفس اشرف انسانی یا لحوق تکلیف خفیف نفس اشرف انسانی کے سبب سے ہلاک کرنا کسی نفس انقص حیوانی کا عقلاً خلاف اور منافی عدل و انصاف نہین ہوتا پس ہرگاہ صرف احتمال اندیشہ مضرت کے سبب سے یا ادنی مرتبہ لحوق مضرت کے سبب سے ہلاک کرنا بعض جاندارون کا عقلاً جائز ٹھہرا تو منفعت یقینی اور منفعت اعلی کے واسطے ذبح کرنا بعض جانداران ماکول اللحم کا کس واسطے جائز نہین ہو سکتا الحق ہرگاہ اس جہان مین نفس انسانی ہی اصل مقصود ہی اور اسیکے نفع و ضرر پر ہر چیز کے بود و وجود کا مدار و اعتبار ہی اور تمام حیوانات اسیکے منافع و مصالح ذاتی کے واسطے پیدا کیے گئے ہین اور مرتبہ انسان کا تمام حیوانات سے بحکم عقلی اس درجہ اجل و اتم اور اشرف و اعظم واقع ہوا ہی کہ ادنی درجہ مضرت انسان کی خیال بلکہ مجرد احتمال سے بھی ہلاک کرنا بعض حیوانات کا بلا خلاف قرین عقل و انصاف قرار پایا ہی تو اس قیاس سے یہ بات بخوبی ثابت ہی کہ حضرت انسان کی تو مصلحت احتمالی اور منفعت ادنی بھی مرتبہ جان حیوان پر راجح تر واقع ہی چہ جای مصلحت اعلی اور منفعت یقینی اوسکی کہ ان دونون مصالح و منافع انسانی کا مرتبہ تو مرتبہ جان حیوان سے بحکم عقل و نظر اور بھی بمدارج بالاتر ہونا چاہیے پس مصلحت اعلی اور منفعت یقینی کی نظر سے

ذبح بعض حیوانات کا جواز مثل جواز قتل بعض جانوران مذکورہ بالا کے
اور بھی زیادہ تر قرین عقل و نظر ثابت **مقصد نہم** جو جانور کہ ذبح ہی
کے واسطے گویا مخصوص ہین یعنی بحسب عادت مستمرہ تمامی افراد یا اغلب
افراد نوع انسانی کے تغذیہ کا دار و مدار اونھین پر قرار پارہا ہے اون جانورون
کے انواع خاصہ مین کثرت اور برکت افرادی اس درجہ پائی جاتی ہے کہ
اور تمام انواع حیوانات مین سو حصہ سے ایک حصہ بھی اوس کثرت و
برکت کا نظر نہین آتا اور یہ غایت کثرت اور برکت افرادی اون انواع
خاصہ کی ایک امر بدیہی ہے کہ محتاج بینہ و برہان و تشریح و بیان کی ہرگز نہین
معہذا عجیب تر یہ بات ہے کہ یہ کثرت و برکت افرادی ان انواع خاصہ کی
محض تائید غیبی سراسر مخالف اسباب مقررہ کارخانہ عالم کے واقع ہوئی
ہے کس واسطے کہ اسباب مقررہ کارخانہ عالم کا اقتضا تو یہ چاہتا تھا کہ گائین
اور بکریان بہ نسبت سگ و خوک اور اور جانوران درندہ کثیر الولادت کے
کمتر نظر آتین بلکہ پائی ہی نجاتین کسواسطے کہ گاو اور بکری کی پیدائش
بہ نسبت ان اور جانورون کے نہایت اقل قلیل ہے گاو کے صرف
ایک بچہ ہونا اور بکری کے بچون کا فقط ایک یا دو نہایت تین یا بالفرض
احیاناً چار تک شمار ہونا اس قلت پیدائش پر بہت ظاہر دلیل ہے بخلاف
سگ و خوک اور اور بعض جانوران درندہ کے کہ یہ جانور آٹھ آٹھ بچے
تک بھی جنا کرتے ہین بلکہ بعض تو ان مین سے کثرت پیدائش مین اس
حد و شمار سے بھی زیادہ گذر تے ہین یہ تو کیفیت ان جانوران ماکول و

غیر ماکول کی پیدایش کی ہی اب سنیے حال ان کے انعدام و اختتام کا
سگ اور جانوران درندہ کو تو کوئی کھاتا ہی نہین رہا خنزیر اگرچہ بعض اقوام
اوسکو کھاتے ہین لیکن گاے اور بکری کے گوشت کا کھانا اون اقوام
آکلین لحم خنزیر مین بھی اغلب و اشہر اور بہ نسبت اکل لحم خنزیر کے زیادہ تر
مقرر ہی علاوہ اسکے اکل گاد علی الخصوص اکل کبش و غنم ایک امر عام ہی کہ
تمام اقوام باستثنای بعض شاذ کے آکل لحم کبش و غنم واقع ہوے ہین
پس باوجود نہایت قلیل الولادت ہونے جنس بقر و غنم کے بہ نسبت
اجناس جانوران مذکور دیگر ذبح ہونا ان دونون جنس بقر و غنم کا علی الخصوص
جنس غنم کا اسقدر زیادہ تر جاری ہی کہ تمام روے زمین مین ہر روز ہزارون
بلکہ لاکھون کرورون افراد نوع بقر و غنم کے برابر ذبح ہوتے رہتے ہین
ساتھ اسکے کثرت افرادی بقر و غنم کی بہ نسبت اون جانوران دیگر کے
اسقدر دیکھی جاتی ہی کہ جسکا کچھ حد و حساب ہی نہین یہان تک کہ جانوران
دیگر بہ نسبت اس کثرت بجید و عد کے محض معدوم معلوم ہوتے ہین پس
ظاہر ہی کہ یہ کثرت و برکت افرادی مخالف اسباب محض کثرت و برکت غیبی
موید من اللہ ہی واقع ہوئی ہی ہر گاہ یہ سب معلوم کیا تو اب جاننا چاہیے
کہ سبب ظہور اس کثرت و برکت بجید و عد کے دو دلیل سے ان انواع
خاصہ مخصوص بالبرکت کا واسطے رزق افراد نوع انسانی کے مخلوق اور
مخصوص ہونا ثابت اور متحقق ہی دلیل اول یہ کہ تجربہ اور تفحص و استقرا
سے یہ بات بخوبی دریافت کی گئی ہی کہ جملہ مخلوقات عالم مین غایت کثرت

اور ساتھہ کثرت کے اس درجہ برکت کسی شئی کی کہ گو کتنا ہی اوسکو گھٹائین
اور صرف مین لائین تصرفات بعید وعد کے سبب سے کسیطرح گھٹ نجاسے
اور کمی اوسکی اصلا نظر مین نہ آئے یہ غایت کثرت و برکت نہین ہوتی مگر اوس
مخلوق مین کہ جسکو خالق عالم نے آذوقہ کسی دوسری مخلوق کثیر الافراد کا مقرر
فرمایا ہی اور دوسری مخلوق کثیر الافراد کی پرورش ہی کے واسطے خاصتہً
خلق اوسکا وقوع مین آیا ہی چنانچہ نباتات مین بھی غایت کثرت و برکت اونھین
انواع خاصہ کے واسطے عنایت ہوئی ہی کہ جنکو کسی نوع یا انواع حیوان
کثیر الافراد کا اذوقہ مقدر مقرر فرمانا منظور تھا باوجودیکہ اقسام نباتات
کی بعید وعد ہین مگر اقسام غلہ جات جو کہ غذای انسانی ہونے کے واسطے
پیدا کیے گئے ہین یا جو اقسام نباتات کہ مخصوص کی گئی ہین واسطے علف
گھوڑون اور گاؤن اور بکریون وغیرہ انواع کثیر الافراد کے اونکے برابر
کثرت و برکت اور کسی قسم اقسام نباتات مین پائی نہین جاتی پس چونکہ
یہ انواع خاصہ جانوران ماکول اللحم بھی اسی قسم کثرت و برکت کے ساتھہ
پیدا کیے گئے ہین اور کوئی نوع نہایت کثیر الافراد جسکی غذا لحم ہو اور
ان انواع کثیر الافراد ماکول اللحم کے کھانے اور رزق بنانے کے
واسطے باانیہمہ کثرت و برکت بعید وعد کافی ووافی ہوسکے سوا نوع
انسان کی اس جہان مین پائے ہی نہین گئے لہذا بحکم تفحص و استقرا
اور نظر کرنے احوال و امثال عالم کون و فساد کی ایسی کثرت بعید وعد
اور برکت غیبی مخصوص بالرزق کے ساتھہ ان انواع مذکورہ کے خاص

ہونے سے مخلوق ہونا ان انواع خاصہ کا واسطے رزق نوع انسانی
کے بالبداہہ ثابت ہے دلیل دوم ان انواع خاصہ کے واسطے رزق نوع
انسانی کے مخلوق و مخصوص ہونے کے یہ کہ اگر ساتھہ اس کثرت بجید و
عد کے ذبح اور اکل ان جانوران ماکول کا مرخص و معمول نکیا جاتا تو اوخر
عہد حیات ان کے سے تا زمان بعد الممات لحوق انواع قبائح و اشکالات
کا لازم آتا لیکن قبائح و اشکالات اواخر عہد حیات جو کہ غایت مرتبہ ضعف
و انحطاط تک زندگی بسر کرنے اور از خود بلا ذبح مرنے ان جانورون کے
سے خود واسطے ان جانورون کے باعث رنج و مصیبت اشد ہوتی بلکہ
اس رنج و مصیبت اشد سے راحت و آسایش نوع انسان کو بھی کھوتی
چند قسم قبائح و اشکالات ہین بیان قسم اول قبائح و اشکالات مذکورہ مسطورہ
کا یہ کہ درصورت عدم رواج عمل ذبح اکثر افراد جانوران مذکور کا زمان غایت
ضعف و انحطاط تک پہونچنا ممکن تھا بلکہ اکثر واقع بھی ہوتا پس اکثر جانوران
ضعیف و نحیف تو بسبب غلبہ ضعف و ناتوانی کے چلنے پھرنے سے بھی
تھکتے جو جو مشقتہا ی شاقہ سواریون اور بار برداریون کے اور اور انواع
کارہاے سخت کے بلاے جان جانوران مذکور ہوا کرتی ہین طاقت
تحمل اون شدائد زائد اور مشقتہاے بجید و عد کے کہان تک رکھتے بالبہمہ
جسقدر افراد نوع انسانی کہ قسی القلب اور خود غرض محض ہوا کرتے ہین
وہ سب ارباب قساوت تو ان جانوران ناتوان درماندگان خستہ جان
کو اوس حالت غلبہ ضعف و درماندگی مین بھی مہما امکن ضرور ہی ستاتے

اور مار مار کر بظلم و تعدی محض مشقتین اوٹھنے لیتے اور بار ہا سے سخت اوٹھواتے وہ زدو ضرب اور ظلم اور زیادتی ان بیچارون مصیبت کے مارون پر ایسی اشد اور بلاے بد ہوتی کہ خدا کی پناہ نہ توان بے زبانون کو قوت نطق تھی کہ مصیبت رسیدہ آدمیون کی طرح داد بیداد اور نالہ و فریاد سے اظہار حال زار کرتے نہ اون قسی القلب کور باطنون کو اسقدر قوت بینائی ہوتی کہ ان درماندگان ناتوان کی زاری حال پر ملال پر نظر کر کے ذرا بھی اس ضعیف آزاری سے ڈرتے ہیں اوسوقت کی مصیبت سخت اور حال پر ملال کو خیال کرنا چاہیے اور بھی خیال کرنا چاہیے کہ کسی فرد بشر پر اگر غلبہ ضعف و درماندگی کے وقت کوئی ایسی مصیبت سخت آجاتی ہے تو حال اوس مبتلای بلا کا اوس وقت ناچاری و بے اختیاری مین کیا ہوتا ہے کیا وہ مبتلای بلا ایسی حالت پر ملالت مین اپنی جان زار سے بیزار ہو کر تخم آرزوی موت کو ہر وقت مزرع دل تحسر منزل مین نہین بوتا ہے علاوہ اسکے اور تمام دیکھنے والے بھی اوسکی حالت پر ملالت پر نظر کر کے انعدام و ممات ہی کو اوسکے حق مین عین فلاح و نجات خیال کیا کرتے ہین یہی سبب ہے کہ سائر ارباب فہم و خرد سختی و زبونی ارذل عمر سے نہایت ڈرتے ہین پس ہرگاہ اوس وقت عجز و درماندگی کا حال اس درجہ پر ملال ہے کہ خود افراد نوع انسانی ایسے وقت مین اپنے اور اپنے بنی نوع کے واسطے ممات کو عین نجات تصور کیا کرتے ہین حالانکہ افراد بشری پر جانورون کیطرح تو زدو ضرب ظلم زیادتی جبر و تعدی کبھی کسیوقت اتفاقاً بھی واقع نہین ہوتی

بلکہ ہر قسم سعاونت انکی ایسے اوقات عجز و درماندگی مین اولاد و ازواج
یا اور اعزہ و اقارب اور احباب و اصحاب خواہ عموم ابنای نوع کی طرف
سے اموال بلکہ مبذول رہا کرتی ہے پس وا اے بحال اون جانوران خستہ حال
بے پر و بال کے کہ ایسے وقت مصیبت اور درماندگی محض مین نہ کوئی یار
رکھتے نہ مددگار ساتھ اسکے نتیجہ ظلم افراد نوع خلاف مین گرفتار نہ طاقت صبر
ہوتی نہ یارا ے گفتار غرض جانوران بے زبان پر غایت انحطاط عمر تک
بسر کرنے اور زمان غلبہ عجز و درماندگی تک نہ مرنے سے ایسی مصیبت
اشد اور بلاے بد لازم ہوا کرتی کہ جس مصیبت اشد اور بلاے بد کے
ساتھہ اونکا مرنا جینے پر ترجیح صریح رکھتا دل زار اون درماندگان ناچار کا
ایک ایک مصیبت جان آزار مین ہزار ہزار دفعہ ذائقہ موت ہر روز چکھتا
الحمد للہ کہ تجویز عمل ذبح کے سبب سے جانوران ضعیف و ناتوان کو کلیتہً
نجات ان تمام مصائب و آفات سے ہو گئی معہذا ترویج عمل ذبح کی بدولت
کچھہ صرف شدائد و مصائب زمان درماندگی و ناچاری ہی سے آزادی
اور سبکباری ان جانوران بے زبان کو نہین ہو جاتی بلکہ جو شدائد جاری
اور مصائب استمراری کہ قبل از لحوق ضعف پیری ورود اونکا ان جانوران
بے زبان پر ضرور ہے اور رہائی انکی شدائد مذکورہ اور مصائب مسطورہ سے
خود ارباب انصاف و ترحم کے نزدیک بھی خلاف دستور ہے اون تمام اقسام
شدائد جاری اور مصائب استمراری سے بھی بسبب ترویج عمل ذبح کے یہ
جانوران خستہ حال سراسر فارغ البال ہی ہو جایا کرتے ہین ایک تکلیف آنی

فانی ذبیح مین صدہزار آلام جاری اور مصائب استمراری سے نجات ابدی پایا کرتے ہین بیان قسم دوم قبائح واشکالات مذکورہ مسطورہ کا یہ کہ درصورت عدم رواج عمل ذبح ہرگاہ یہ جانوران ناتوان موت امراض ہی سے مراکرتے تو مصیبت وتکلیف اوس موت کی ایسی اشد اور بلاے بد ہوتی کہ جس مصیبت اشد اور بلاے بد کے سامنے موت ذبح کو گویا غایت آسانی اور بحکم راحت زندگانی سمجھنا چاہیے نجات اس مصیبت اشد اور بلاے بد سے بھی صرف بدولت رواج عمل ذبح ہی کے حاصل ہوئی بیان قسم سوم قبائح واشکالات مذکورہ مسطورہ کا یہ کہ اگر عمل ذبح رایج نہوتا تو نہایت درجہ سن ضعف واختلاط تک زندہ رہنے کی تقدیر پر اکثر جانور تو چلنے پھرنے سے بھی معذور ہوجاتے پس اوس حالت درماندگی محض مین ایک جگہ بندھے ہوے کھڑے رہکر دانہ چارہ کہان سے پاتے خلقت جانوران کی شکل آدمیون کے مدنی الطبع متصف بدرک مراتب حقوق قرابت و محبت تو پیدا نہین کی گئی کہ آدمیون کی طرح اولاد وازواج یا اور اعزہ اور اہل حقوق اور بنی نوع حالت درماندگی وناچاری مین خبرگیری اور خدمتگزاری انکی کرتے باقی رہی خبرگیری اور خدمتگزاری افراد نوع انسان کے حق حیوانات مذکور مین جس خبرگیری اور خدمتگذاری کی ابتداے خلقت سے یہ جانور پابند وخوگر ہورہے ہین وہ خبرگیری اور خدمتگذاری تو بلاغرض وضرورت کوئی صورت ہی نہین رکھتی تھی کس واسطے کہ اول تو اس جہان خودغرضی بنیان مین ایسے ارباب ہمت وتوفیق ہی بہت کم

بالکل کالعدم ہین کہ بلا غرض و ضرورت کسی اپنے بنی نوع کے بھی کام آئین
نکیف حیوانات خلاف نوع کہ اونکی خبرگیری اور خدمتگزاری کو تو بلا غرض و
ضرورت اور بھی اشکال اور سرتاسر محال خیال کرنا چاہیے اور بالفرض اگر
بعض شاذ اہل ہمت و توفیق اس کار خیر پر آمادہ بھی ہو جاتے تو خبرگیری
اور خدمتگذاری اسقدر جانداران درماندہ و ناتوان بجید و مرکی بعض شاذ
ارباب ہمت و توفیق سے ممکن و متصور کب ہوتی علاوہ اسکے پرورش و
بسر بردتوان جانوران ناتوان کی تین ہی طریق پر منحصر تھی طریق اول یہ کہ
گھر پر انکو باندھکر کھانا پلانا خبرگیری انکی کرتے رہنا طریق دوم یہ کہ جنگلون
مین خود حسب دستور مقرر انکے ہمراہ رہکر دن دن بھر چرانا طریق سوم کیہ
مطلق العنان محض انکو چھوڑ دینا کہ جا ہین جنگلون مین چرین جا ہین آبادی
مین بسر کرین طریق اول بسبب تعلق و احتیاج مصارف کثیر کے سرتاسر
عسیر تھا طریق دوم بہ سبب عدم گنجایش فرصت واسطے سرانجام ایسے
کام بلا غرض و ضرورت کے اپنے اور اپنے متعلقین کے کارہاے
اہم و ضروری سے سرتاسر متعذر و غیر امکان پذیر تھا معہذا جنگلون مین
توان جانورون کو چرنے اور پیٹ بھرنے کے واسطے دن دن بھر
حیران و سرگردان رہنا ضرور چاہیے ایسا ممکن نہین کہ افراد بشر کی طرح
یہ جانوران بسیار خوار ایک ساعت مین شکم سیر ہو جائین اور ایک بار
کھاکر چار چار آٹھ آٹھ پہر تک کے واسطے فرصت پائین پس جو جانور
کہ نہایت ضعیف و زار اور چلنے پھرنے سے معذور و ناچار فرض کیے گئے

مین دن دن بھر پھرنے اور چرنے کے واسطے تو خود ان درماندگان
ناتوان کی طاقت ہر رفاقت نہین کر سکتے تھے بلکہ اکثر جانوران معذور
تو شاید بستی سے جنگل تک پہونچنے کی بھی تاب وطاقت نہ رکھتے چراگاہون
مین پہونچکر دن دن بھر چل پھر کب سکتے علی الخصوص حالت علالت مین
جسوقت جان ان ناتوانون کی بالکل ہی زبون وزار ہوتی اوس وقت تو
خبرگیری اور خدمتگذاری انکی اور بھی زیادہ تر عسیر ودشوار ہوتی اب رہا
طریق سوم یعنی مطلق العنان محض کردینا ان جانوران نحیف وناتوان کا
مطلق العنان کردینے کی تقدیر پر یہ تو ممکن ہی نہین تھا کہ اس قدر
جانوران کثیر جم غفیر بستی مین رہکر دانہ یا گھاس بھی پاتے ناچار بستی سے
نکلکر چرنے اور پیٹ بھرنے کے واسطے جنگلون کی طرف ضرور جاتے
لیکن وہان جاکر تو وہی قباحت مذکورہ بالا ان جانوران دل ریش کو درپیش
تھی کہ اول تو بسبب فقدان طاقت وہان تک پہونچنا ہی انکا سخت اشکال
ہوتا پھر اگر پہونچ بھی جاتے تو وہان پہونچکر دن دن بھر چرنا اور پھرنا تو اور
بھی اونپر زیادہ تر دشوار ومحال ہوتا اور اگر بالفرض وہان دن دن بھر پھرنے
اور پیٹ بھرنے کے واسطے طاقت بھی پاتے اور باوصف غلبہ ضعف
وناتوانی کے تاب ایسے رنج وتعب شدید اوٹھانے کی لاتے تو اوس
صورت مین تو ان جانوران بیچارون کے خودسر مطلق العنان پھرنے سے
ایک اور قباحت اشد اور مصیبت زائد از حد ایسی لازم آتی کہ العیاذ باللہ
شرح اوس قباحت اشد اور مصیبت زائد از حد کی یہ کہ اسقدر انواع جاندار

کے افراد بحید و شمار لبیار خوار کا مطلق العنان و خودسر ہو کر صرف گھاس چرنے پر قناعت و اکتفا تو ممکن ہی نہین تھا بلکہ غلہ جات کے کھیتون کے سامنے تو یہ جانوران خودسر مطلق العنان کبھی بھی گھاس نکھاتے پس گلے کے گلے ان جانوران بحید و پایان کے کھیتون ہی پر گرتے اور چرتے علاوہ چرنے کے پانوون سے روندروند کر کھیتون کو جدا ہر وقت تباہ و برباد کرتے غرض ورود اس قوم یاجوج و ماجوج کا زراعات کے حق مین آفت ملخ وغیرہ سے بھی زیادہ ہوتا غالبًا نام و نشان زراعات کو کھیتون سے کھوتا اگر حراست و نگہبانی اس مخلوق بحید اور بلاے بد کی کیجاتی تو کہان تک کیجاتی اور کیسی حیرانی اور کسقدر مصیبت و پریشانی افراد نوع بشر کو اس فتنہ و شر کے دفع کرنے کے واسطے لازم آتی جو تدابیر دیوار یا خندق یا ببنواڑی یا ببول وغیرہ درخت ہاے خاردار سے خواہ جھانکرون کے حصار سے محاط کر دینے کے واسطے بساتین تمام یا بعض اقسام زراعات جزوی خاص کے مروج و معمول ہین اون تدابیر سے تو تمام زراعات بحید و عدکا محاط کر دینا ممکن ہی نہین تھا اور بالفرض اگر ممکن بھی ہوتا تو بدون کمال حرج و دقت و جانکاہی اور تحمل مصارف و نقصان کثیر کے تو وہ تدابیر ہرگز امکان پذیر نہوتین رہا نگرانی کرنا زراعات کا شب و روز کمال دقت و پریشانی اس نگرانی کی جسقدر ہوتی ظاہر و باہر ہے علاوہ اور دقت و پریشانی کے ایک مصیبت سخت اس نگرانی مین یہ ہوتی کہ از بسکہ انواع جانوران مذکور مانوس بالطبع ساتھ

نوع انسان سے کے واقع ہوئی ہین مجرد صیحہ یا تخویف دور و در سے تو
یہ جانوران خودسر کسیطرح بھی نڈرتے بلکہ اصلا پروا بھی ایسی تخویف خفیف
کی نکرتے پس بدون کمال مشقت و جانکاہی کے ان افواج غیبی کے
ٹلون کا روکنا کسیطرح ممکن ہی نہین تھا معہذا ہر وقت غصے سے زدد
ضرب کرنے مین ان نادانون سب بے زبانون پر جور وستم استمراری مستلزم
جان آزاری جاری رہنا ضروری لازم آتا ایسے ارباب ترحم تو اس
جہان مفاسد بنیان مین بہت کم ہین کہ یہ تمام مصائب و تکالیف دیکھکر
بھی ان جانوران خودسر کو زنہار کوئی تکلیف مولم و جان آزار نہ پونہچا دین
یا ان مصائب و تکالیف سے باز رہنے کے واسطے تدابیر درستی احاطہ
خندق و دیوار یا ترتیب درختہای خاردار خواہ جھانکڑون کے طیاری
حصار مین چارونا چار دقت و مشقت اور زیرباری ہی اپنے اوپر اوٹھاتے
بلکہ اکثر افراد بشر تو ان تمام دقتون اور پریشانیون کے سبب سے حیران
و مضطر ہوکر آمادہ قتل جانوران مذکور ضروری ہو جاتے کمال دق ہونے
کے سبب سے جہان پاتے خون ان سرگردانون بے زبانون کا بالیقین
بہاتے اس صورت مین بالآخر وہی شکل ذبح جسکے واسطے اتنے جھگڑے
اور مباحثے کیے گئے لامحالہ پیدا ہوتی مقولہ ؎ آنچہ دانا کند کند نادان
لیک بعد از خرابی بسیار ۔ کی تصدیق آخر درجہ اس قتل و اہلاک سے ہویدا
ہوتی الحاصل جانوران مخصوص عمل و کار کا محض بیکار اور ضعیف و زار ہوکر
جینا تو اس درجہ انکے واسطے موجب مصیبت و وبال ہوتا کہ نوع انسان

کے واسطے بھی اوسکے سبب سے سخت باعث کلفت وملال ہوتا صرف
تجویز عمل ذبح کی وجہ سے یہ جملہ مصائب وآفات اور فتن وفسادات دور
ودستو بردہ ہو گئے ایک تکلیف آنی کے اجرا سے جملہ شدائد واشکالات استمراری
زمانی دفعۃً واحدۃً کھو گئے یہان تک بیان قبائح واشکالات اواخر
عہد حیات کا تھا لیکن کیفیت قبائح واشکالات زمان بعد الممات پس
بیان اون قبائح واشکالات کا یہ کہ اگر ہزارون لاکھون جانوران ماکول اللحم
ذبح ہوکر ہر روز کھانے کے نہ جاتے تو بعد انکے مرنے کے جو کہ اسی کثرت کے
ساتھ ہر روز واقع ضرور ہوتا دو حال سے خالی نہ تھا یا اون سب مردارون
کو آدمی جا بجا بحال خود افتادہ ہی چھوڑ دیا کرتے یا نعش ہاے انسان
کی طرح دفن خواہ غرق وحرق کیا کرتے درصورت اول کثرت عفونت سے
زندگی آدمیون کی دشوار ہو جاتی اور فساد آب وہوا پیدا ہو کر انواع
امراض وبائیہ ہر طرف پھیلتے درصورت ثانی اون لاشہاے بیحد وعد
کے ہر روز دفن یا غرق وحرق کرنے کی مصیبت کیسی بلاے جان
تھی ایسے جثہ ہاے گران کا اس کثرت کے ساتھ ہر روز کھینچکر شہر سے
جنگل خواہ دریا کیطرف لیجانا یا بڑے بڑے گڑھے نہایت طویل وعریض
وعمیق سوافق انکے جثون کے کھود کھود کر دبانا یا لکڑیان جمع کر کے
پھونکنا اور جلانا کسقدر شاق اور تکلیف مالا یطاق تھا اور مصارف
بے فائدہ بھی اس کار دشوار کے واسطے کسقدر ہوتے علاوہ ان مصارف
کے نقد وقت عزیز اپنا اس کار لاحاصل ودشوار مین سب لوگ کسقدر

کھوتے اور جن شہرون اور بستیون مین کہ کنار دریا نہایت بعید ہی یا بسبب
کمال سختی زمین کے کھودنا آدمی کی قبر کا بھی موجب جانکاہی شدید ہی
اون شہرون اور بستیون مین تو اور بھی ان جانورون کے غرق یا دفن
کرنے کی مصیبت اس درجہ ہوتی کہ ہوش وحواس ہی بیچارے دفن
اور غرق کرنے والون کے کھوتی آیا اون مواقع مین کہ جہان نہ دریا ہی
نہ تختہ طین پہاڑ ہی پہاڑ ہین اور لکڑیان بھی اس قدر زیادہ ترمیسر نہین ہو سکتی
ہین کوئی تدبیر بھی واسطے رفع اس اذیت وبلا کے ممکن اور متصور تھی گدھ وغیرہ
طائران مردار خوار تو اس قدر مخلوق نہین ہوے کہ عشر عشیر بھی ان جانوران
مردہ کے گوشت کو تمام کرسکتے غرض ان سب صورتون مین اول تو انواع
تکالیف مالا یطاق اور اقسام آلام اور محن ومشاق کا پیش آنا اور تمام
آدمیون کی زندگی کا اون انواع تکالیف مالایطاق اور اقسام آلام و محن
ومشاق کے سبب سے تلخ و دشوار ہوجانا ضرور تھا دوسرے تمام مردم
یا اکثر مردم اس مہم دشوار مین مصروف رہنے کے سبب سے جملہ کارہاے
ضروری اپنے سے بالکل عاجز وقاصر رہتے آیا فکر معیشت کرتے یا ان
مصیبتون کو جھیلتے اور بلاؤن کو سہتے معہذا پیدا ہونا فساد آب وہوا کا
اور پھیلنا انواع امراض ووبا کا کچھ ان تمام مردارون کے پڑے ہوے
سڑنے ہی پر موقوف ومنحصر نہین تھا بلکہ کثرت دفن یا غرق اسقدر بیحد وشمار
مردار جانورون سے بھی فساد آب وہوا اور شیوع انواع امراض ووبا کا
ضرور ہوتا ہے کہ یہ فساد آب وہوا اور شیوع انواع امراض ووبا تو انسان

وعافیت کے نشان ہی کو اس جہان سے کھوتا پس ان جملہ مصائب
وآفات اور فتن وفسادات کے دفع رہنے کے واسطے حکمت الٓہی متوجہ
ہوئی بطرف حکم ذبح اور اجازت اکل لحوم جانوران معلوم کی اس حکمت عظمی
کے سبب سے جانور بھی مصائب وآفات مذکورہ بالا سے ماموں ومصون
ہوکر براحت عظیم واصل ہوے اور علی ہذا القیاس آدمیونکو بھی دو فائدے
بہت بڑے نہایت لطف وخوبی کے ساتھہ حاصل ہوے ایک تو جملہ افراد
نوع انسانی کا اون تمام مصائب وآفات سے جنکا ذکر کیا گیا محفوظ ہونا
دوسرے بعوض اون تمام مصائب وآفات کے ایسی نعمت عظمی اور
لذت کبری یعنی رزق النفع والذیحم کے ساتھہ محظوظ ہونا والحمد للہ علی ذالک
پس اگر کوئی شخص یہ کہے کہ جانوران غیر ماکول اللحم دشتی واہلی بھی تو بہت
قسم کے موجود ہین یہ تمام قبائح اور اشکالات جنکا ذکر کیا گیا ان جانورون
کے بلا ذبح مرنے اور غذاے انسانی نہونے سے کیون نہین لازم
آتین جواب اسکا یہ ہی کہ جو کثرت پیدایش اور برکت غیبی جانوران مخصوص
بالذبح کے ساتھہ خاص کی گئی ہی اور تمام جانورون مین عشر عشیر اوسکا
پایا نہین جاتا بلکہ کثرت وقلت کی نسبت سے تو جانوران غیر ماکول بمقابلہ
جانوران ماکول کے کالمعدوم معلوم ہوتے ہین پس جو فساد آب وہوا یا
اشکال دفن وغرق کا ان جانوران کثیر الولادت مخصوص بالبرکت بعید
وعدد کے سبب سے متصور تھا وہ فساد یا اشکال جانوران قلیل الولادت
مفقود البرکت کے مرنے سے ہرگز لازم نہین آتا علاوہ اسکے مردہ جانوران

غیر ماکول کے فساد اور اشکال رفع کرنے کے واسطے بھی حکیم مطلق نے یہی تدبیر صرف رزق ہوجانے اونکے لحم کی مقرر رکھی ہے یعنی شکاری جانور اور جانوران مردار خوار اسی حکمت اور مصلحت کے واسطے خلق فرمائے ہین تاکہ گوشت اون جانورون کا بھی اوس وقت گوشت خوارون کا ہوجایا کرے اور کسیطرح کا فساد یا اشکال اونکے مرنے اور سڑنے سے لازم نہ آیا کرے اس جگہ عجب نہین کہ معترضین یہ اعتراض بھی کرین کہ زمان سابق مین جس وقت ہندوستان مین صرف ہنود ہی کی عملداری تھی اور عدم اکل لحم کی رسم و عادت کلیۃً اس ملک مین جاری تھی اوس وقت بھی آخر یہ تمام جانور جو کہ اب ذبح کیے جایا کرتے ہین غایت مرتبہ ضعف و انحطاط عمر تک ایام زندگانی بسر کرتے اور از خود بلا ذبح مرتے ضرور ہی ہونگے پس اوس وقت مین ان جانورون کے غایت مرتبہ ضعف و انحطاط تک بسر زندگانی کرنے اور از خود بلا ذبح مرنے سے یہ تمام مصائب و آفات جنکا ذکر کیا گیا پیش آتی تھین یا نہین آیا بدون حکم ذبح اور تجویز اکل لحم کے اوس وقت مین کارخانہ اس جہان کا کس طرح چل سکتا تھا کہ اب نہین چل سکتا اور جائز رکھنا ذبح اور اکل لحم کا واسطے دفع حالت مجبوری کے ضروری قرار دیا گیا جواب اس اعتراض کا یہ ہے کہ زمان سلطنت ہنود مین صرف گاوکشی البتہ ممنوع تھی رہی نوع کبش و غنم جو کہ جملہ انواع ماکول اللحم مین زیادہ تر کثیر الافراد ہے اس نوع بہید و عدہ کے توکھانے والے اوسوقت مین بھی جوق جوق موجود رہتے ہیں

صرف ایک نوع بقر کی غایت مرتبہ ضعف و انحطاط تک ایام زندگانی بسر کرنے
اور از خود بلا ذبح جا بجا مرنے سے اوس درجہ قبائح اور مصائب و آفات
جنکا ذکر کیا گیا ہر گز پیش نہین آتی تھین کس واسطے کہ نوع بقر اعتقاد ہنود
مین نہایت متبرک اور مخدوم بلکہ معبود ہنود واقع ہوئی ہی لہذا کوئی خبر گیری
اور خدمتگذاری بھی افراد نوع بقر کی قوم ہنود پر اصلا شاق یا تکلیف مالا یطاق
نہین ہوتی تھی بلکہ عین سعادت و عبادت جانکر اوسکو بجا لایا کرتے تھے
معہذا اگر مراد چل سکنے کارخانہ جہان سے اوس وقت مین یہ ہی کہ ساتھ
وقوع ان تمام قباحات یا اکثر قباحات مذکورہ بالا کے جنکا واقع ہونا بتقدیر عدم تجویز ذبح
و اکل لحم جانوران مذکورہ کے ضرور ہی کارخانہ عالم برابر جاری تھا ان قباحات
و اشکالات کے لحوق سے کارخانہ عالم معدوم نہین ہو گیا تھا تو یہ بات
مسلم لیکن ہمارا کلام تو ان مفاسد و قبائح کے نفس ضرورت لحوق اور نیز
اندفاع مین ہی کچھہ کارخانہ جہان کے چلنے نچلنے مین نہین یعنی یہ کہ در صورت
عدم تجویز و ترویج ذبح مفاسد و قبائح مذکور لاحق ضرور ہوتی پس ترویج و تجویز
ذبح انھین مفاسد و قبائح کے دفع کی نظر سے عین رحمت واقع ہوئی ہی
واسطے نوع آدمی اور نوع حیوانات دونون کے رہا یہ کہنا کہ کارخانہ جہان تو بتقدیر
لحوق قبائح مذکورہ کے بھی ضرور چلتا کچھہ ان قبائح کے لحوق سے کم ہو جاتا
یہ ایک بات ہی دوسری ہی خیال کرو کہ ابتداے زمانہ مین جب کہ صنائع
و تدابیر کپڑا بنانے یا کھانا پکانے کی یا اور ہر ایک قسم کام کی سرانجام
کی اصلا نہین نکلی تھین تب بھی تو کارخانہ جہان کا چلتا ہی تھا بعد اوسکے

جب تدابیر نکلنا شروع ہوئین تو جملہ تدابیر یکبارگی نہین نکل آئین کبھی ایک
نکلی کبھی دوسری ایجاد ہوئی پس زمان اول مین اور بھی زمان مابین ایجادات
صنائع و تدابیرین کارخانہ دنیا کا کس طرح چلا کارخانہ دنیا کے چلنے نچلنے
کی تو کچھہ عجیب و غریب کیفیت ہی پانون یا ہات خواہ اور اعضا اور آلات
جنکی ترکیب سے خداوند خلاق حقیقی نے انسان ضعیف البنیان کو خلق
فرمایا ہی ہر ایک چیز ان اعضا اور آلات جسم انسانی کی اسقدر ضروری واقع
ہوئی ہی کہ اگر ایک چیز کا انعدام بھی ان تمام چیزون سے فرض کیا جاتا ہی تو
اجرای کار انسان ضعیف و زار کا محال و دشوار ہی نظر آتا ہی ساتھا اسکے کمال
قدرت اوس قادر حقیقی کی ایسی ہی کہ چارون ہاتھہ پانون کے قطع کر دیے
جانے پر بھی اگر انسان زندہ رہتا ہی تو کام اوسکا برابر چلتا ہی چشم و گوش
وغیرہ آلات ضروری سے معذور و مہجور رہنے پر بھی ہر کام ضروری انسان معذور
کا ضرور نکلتا ہی الحاصل کام چلنے نچلنے کے عذر سے اس دلیل جلیل کو بیکا
و غیر استوار سمجھنا ایسا ہی کہ جس طرح کسی نہایت زخمی خستہ حال کے معالجہ جراحات
سے کوئی شخص مانع ہو کر کہے کہ زخم سلوانا یا مرہم لگانا یا دوا پلانا اور تصدیع
علاج معالجہ کی ساتھہ ستانا بیمار زار کو محض ایک امر فضول اور نامعقول ہی
کیونکہ جس وقت فن طبابت و ڈاکٹری کی ایجاد نہین ہوئی تھی اوس وقت
بھی تو کام عالم کا آخر برابر چلتا تھا اور اب جہان کہین طبیب و ڈاکٹر موجود
نہین ہین وہانکا کام بھی تو برابر چلتا ہی لہذا اس دوا علاج کے بکھیڑے
سے فائدہ کیا ہی اور کون مطلب نکلتا ہی **مقصد دہم** بعض جاندار

گوشت خوار جنکی خورش سوا گوشت شکار جاندار کے اور کچھ مقرر اور مقدر
نہین کی گئی اور گوشت کھانے کے واسطے وہ جاندار باقتضای خلقی مجبور
کیے گئے ہین آیا اس طرح پیدا ہونا اونکا اور شکار ہونا دوسرے جان دار
بے اختیار کا اونکے سرپنجۂ زور و قوت سے فقط بامر و تقدیر خداوند قدیر
ہوا کرتا ہی یا بدون امر و تقدیر خداوند قدیر اگر بامر و تقدیر خداوند قدیر جانتے ہو
تو امر و تقدیر خداوند قدیر ظلم تو کسیطرح ہو ہی نہین سکتا پس ہرگاہ مرزوق
ہونا بعض حیوانات کا حیوانات دیگر سے بلا خوف مظنۂ ظلم بامر و تقدیر خداوند
قدیر ثابت ہوا تو اگر انسان کو بھی خداوند عالم نے غذای گوشت بعض
حیوانات کے ساتھ ممنون و مخصوص فرمایا تو کیا محظور لازم آیا بلکہ بہ نسبت
غذای حیوانی ہونے گوشت حیوان کے تو غذای انسانی ہونا اسکا اقرب
الی القیاس ہی کس واسطے کہ گوشت الذ ماکولات ہی اور انسان اشرف
مخلوقات استحقاق اشرف کا واسطے الذ کے اقرب الی الفہم ہی **مقصد**
**یازدہم** غذا کی دو قسمین ہین ایک غذای اختیاری دوسری غذاے
اضطراری غذای اضطراری اوسکو کہتے ہین کہ جسکا کھانا چار و ناچار باضطرار
لازم ہو یعنی بسبب مقدر اور مقرر ہونے کسی دوسری غذا کے اکتفا ایک ہی
غذا پر بمجبوری ضروری ٹھہرے اور غذای اختیاری وہ کہ جسکے کھانے مین
اضطرار کو دخل نہو یعنی بسبب مقدر و مقرر ہونے چند قسم غذا کے کھانا اونکا
ہر ایک قسم کا محض اختیاری ہو نہ اضطراری پس معلوم کرنا چاہیے کہ بعض
حیوانات کے واسطے تو صرف غذاے اضطراری ہی مقدر اور مقرر کیگئی ہی

جس طرح غذای شیر کہ سوا گوشت کے اور کچھہ مقرر نہین ہوئی اور بعض کے
واسطے کئی کئی اقسام اغذیہ اختیاریہ مقرر ہین لیکن جس قدر جاندار غذا خوار کہ
ساتھہ اقسام اغذیہ اختیاریہ کے مخصوص کیے گئے ہین افضل و اکمل اون سبکا
باعتبار کمال شرافت اور جامعیت اپنے کی انسان ہی چنانچہ معائنہ انحای نعمای
مخصوصہ نوع انسانی اور ملاحظہ انواع تراکیب عجیبہ اور صنائع غریبہ مخترعات انسانی
سے بیچ انحای نعمای مذکور کے افضلیت اور اکملیت اسکی باین اعتبار پر ظاہر
و آشکار ہی اور بھی جاننا چاہیے کہ غذا سے لحم اول تو بسبب اغزو الذ اغذیہ ہونے
کے مناسب تر ہی ساتھہ انسان اشرف مخلوقات کے دوسرے کمال درجہ
مرغوب طبعی انسان واقع ہوئی ہی تیسرے انفع اور اصلح ہی واسطے مزاج
انسانی کے چوتھے ساتھہ نافع ہونے کے نقصان و ضرر سے بھی دور تر ہی
پانچوین کثیر الوجود ہی چھٹے متعذر الحصول بھی نہین ہی ساتوین اسکے حاصل
کرنے کے سبب سے کوئی مصیبت یا فتنہ یا شر بھی متصور نہین ہو سکتا آٹھوین
یہ لحم کچھہ لحم انسان تو ہوتا نہین کہ جزء بدن بنی نوع ہونے کے سبب سے
عقل اوسکے کھانے سے آبی ہو اور کھانا اوسکا تہذیب و انسانیت کے
حق مین باعث نقصان و خرابی ہو بلکہ یہ لحم جزء بدن ہوتا ہی اون انواع حیوانات
کا جنکے اور بعض اجزا یعنی شیر و روغن وغیرہ بھی نوع انسان کے واسطے
باتفاق جملہ عقلا و ارباب ادیان شتی مجوز و مباح ثابت ہو چکے ہین اور اصل
پیدائش اونکی صرف واسطے کارروائی اور صرف ضرورات نوع انسان ہی
کے ثابت کی گئی ہی اور رخصت اور اجازت انواع تکلیف دہی اون حیوانات

کی واسطے نوع انسان کے ازجملہ مسلمات یقینی مان لیگئی ہی پس ان تمام
وجوہ مذکورہ مسطورہ کی نظر سے بحکم وتقدیر خداوند قدیر مقرر ومقدر ہونا اس
غذا کا واسطے نوع انسان کے بالیقین ثابت ومتحقق کس واسطے کہ مقدر
ومقرر ثابت ہونے کسی غذا کے واسطے جو جو شرائط ولوازم واسباب
عقلاً درکار ہین وہ سب شرائط ولوازم واسباب تو وجوہ مذکورہ بالا مین
بالبداہہ حاصل وموجود ہین بلکہ شرائط ولوازم واسباب مطلوبہ ضروریہ سے
بھی کسیقدر زائد تر خصوصیات ومناسبات ان وجوہ مذکورہ بالا مین ایسی
پائی جاتی ہین جن خصوصیات ومناسبات سے علاوہ منجملہ اغذیہ مقدرہ مقررہ
ہونے کے افضل واکمل اور انسب واصوب اغذیہ ہونا بھی اس غذا کا واسطے
نوع انسانی کے ثابت ومتحقق ہی یہان تک کہ اگر یہ دعوی کیا جاے کہ سوا
لحم کے اور کوئی غذاے حقیقی انسان کی ہی نہین اور جسقدر اغذیہ
اسکی ہین وہ سب اغذیہ غیر حقیقیہ ہین تو یہ دعوی بھی غالباً بلکہ یقیناً
مسلم ہوسکتا ہی کسواسطے کہ اول تو جو کچھہ نتیجہ اکل غذا کا ہی یعنی تغذیہ بدن
الیق واوفق اور اقرب وانسب ہونا اس غذا کا واسطے حصول اوس
نتیجہ کے بسبب مجانست لحمی بالبداہہ ثابت ہی دوسرے غایت مرغوب
طبع انسانی ہونا اس غذا کا اوس درجہ متحقق ہی کہ گوشت کے سامنے اور
کوئی غذا بھی پسند ومرغوب طبع انسان نہین ہوتی رہی اور اغذیہ
اون اغذیہ کو انسان نہین کھاتا مگر بسبب مجبوری یا کسی مانع ضروری کے
الحاصل غذاے لحم کا واسطے انسان کے جملہ اغذیہ اختیاریہ مقدرہ مقررہ

سے ہونا بلکہ افضل و اکمل جملہ اغذیہ اختیاریہ مقدرہ مقررہ سے ہونا تو
بخوبی ثابت و متحقق ہی لیکن جاننا چاہیے کہ ہر غذاے اختیاری جاندار
کی بعض مواقع اور حالات مین اضطراری بھی ہوجایا کرتی ہی مثلاً اگر ایک
جاندار کے واسطے تین قسم غذا کی اصل خلقت سے مقرر ہین تو حالت
دستیابی ہر سہ اقسام مقدرہ مقررہ مین تو وہ جاندار اختیار رکھتا ہی جسکو
چاہے کھائے اور جسکو چاہے نہ کھائے لیکن جس وقت ان تینون
اقسام مین سے فقط ایک ہی قسم موجود ہوا اور سب اقسام معدوم و مفقود
ہون تو اوس وقت وہ قسم موجود خاص غذای اختیاری اوسکی غذاے
اضطراری ہوجایا کرتی ہی کہ بدون اوسکے کھانے کے چارہ اور گذارہ
ہی نہین ہوتا پس غذاے گوشت بھی واسطے انسان کے اگرچہ غذاے
اختیاری ہی نہ اضطراری لیکن بعض مواقع اور حالات مین یہی غذای
اختیاری غذای اضطراری بھی واسطے انسان کے ہوجایا کرتی ہی جسطرح
مثلاً ایام قحط سالی مین یا حالت محبوسی مین کسی جہاز کے اندر جسوقت خدانخواستہ
اناج بالکل دستیاب ہی نہوا اور سوا جانورون کے اور کوئی غذا مل نسکے
اور نوبت گرسنگی کی اس درجہ تک پہونچے کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کے
کھانے کا قصد کرے تو اوسوقت تو یہ غذای اختیاری اس مرتبہ اشد
اضطراری ہوجاتی ہی کہ اگر اوسوقت انسان اس غذاے اضطراری کو نکھائیگا
اور شدت جوع سے تڑپ تڑپ کر مرجائیگا تو عقلاً نقلاً دونون طرح گنہگار
و خطاوار ہوگا غرضکہ اس مقصد یازدہم کے جملہ وجوہ مصرحہ سے یہ بات

بخوبی ثابت ہی کہ ذبح کرنا اور کھانا جانورون کا انسان کے واسطے جائز کیا بلکہ بعض مواقع اور حالات مین تو واجب بھی ہوجایا کرتا ہی اور بالضرور غذای خلقی مقرری ہونا حیوانات کا واسطے انسان کے ثابت اور متحقق ہی پس اگر کوئی شخص یہ اعتراض کرے کہ جو بعض بعض مواقع ضرورت ذکر کیے گئے ایسے مواقع ضرورت مین تو جان بچانے کی نظر سے جانوران حرام اور مردار کا کھانا بھی بحکم عقلی و شرعی جائز ہوجایا کرتا ہی ایسے وجوب حالت مجبوری سے غذای خلقی مقرری ہونا ان جانورون کا کسطرح ثابت ہوا جواب اس اعتراض کا یہ ہی کہ اگر صرف جان ہی بچانے کی نظر سے ان مواقع خاصہ مین تجویز ذبح اور اکل لحم جانوران مذکور کے ہوا کرتی اور غذای خلقی مقرری ہونا انکا ثابت نہوتا تو بتقدیر مضطر ہونے محبوسان جہاز اور مبتلایان بلاے قحط کے اگرچہ محبوس و مبتلا اوس حالت اضطرار مین بعض مردہ لاشین اپنے ہمجنس آدمیون کی پاتے تو لازم یہ تھا کہ جان بچانے کے واسطے اول فقط اون لاشہاے مردم ہمجنس ہی کو کھاتے اور زندہ جانورون کو ہرگز ہاتھ نہ لگاتے علی الخصوص درحالت موجود ہونے گاہ وغیرہ خوراک ضروری جانوران مذکور کی تو اونکی جان کا حتی الامکان بچانا اور مردہ لاشونکو واسطے حفاظت اپنی جان کے کھانا اور بھی زیادہ تر ضرور تھا لیکن ایسی حالت مین جو عقل نے مردہ آدمی کے کھانیکو باوجود عدم ظلم و تکلیف کے کسیطرح جائز نہین رکھا اور زندہ جانورون کے کھانے کو باوصف تکلیف ذبح جائز رکھا اس سے بالبداہہ غذای خلقی مقرری ہونا حیوان کا واسطے انسان کے ثابت ہی علاوہ اسکے اور

بھی بعض صورتین تجویز عقلی ذبح جانور اور اکل لحم کی ایسی پائی جاتی ہین کہ جنسے
یہ بات بخوبی ثابت ہوسکتی ہے کہ واجب ہونا ذبح جانور اور اکل لحم کا کچھ جان
بچانے ہی کیصورت ضرورت پر موقوف و منحصر نہین ہوتا بلکہ بدون اس
ضرورت کے بھی بعض مواقع و حالات مین عقل انسانی اسکو واجب جانا
کرتی ہے مثال اون بعض مواقع کی یہ کہ اگر ایک جہاز کہین پھنس گیا ہو یا
عین وسط دریای ناپیدا کنار مین غلہ ضروری اوسکا قریب اختتام کے پہونچ گیا
ہو اور سو دو سو آدمی اوس جہاز مین محبوس ہون اور ہمراہ آدمیون کے
سو پچاس جانور بھی محبوس ہون اور خوراک جانورون کی بالکل تمام ہو چکی ہو
اور آدمیونکی خورش بھی سوا قدر غیر کافی چند روزہ کی باقی نرہی ہو تو اوس
موقع پر اگر یہ مردمان محبوس جہاز اوس غلہ سے ان جانوران محبوس کو کھلائین
تو کھلانا جانورون کا ایسی حالت مین اوس غلہ قلیل قوت لایموت مردم
محبوس و مایوس سے توکیسطرح عقلاً جائز ہی نہین رہی یہ صورت کہ اون
جانوران محبوس کو بالکل بے آب و دانہ چھوڑ دین اور تڑپا تڑپا کر مارین
یہ صورت تو صورت اول سے بھی بحکم عقل و نظر اشنع اور اقبح تر ہے پس اس
موقع پر حکم عقلی سوا اسکے اور کچھ نہین ہوتا کہ اول یہ مردم محبوس چند روز
انھین جانورون کو ذبح کرکرکے کھائین اور تا وقت تمام ہوجانے جانوران مذکور
کے کسیقدر قوت لایموت اس غلہ قلیل خوراک خاص اپنی سے جانوران
مذکور کو بھی کھلائین حتی الامکان خبر اونکی قوت لایموت کی لیتے رہین جسوقت
جانوران مذکور ختم ہوجائین اوس وقت یہ مردم محبوس بقیہ غلہ اپنا کھائین

پس اس صورت مجوزۂ عقلی سے یہ بات بخوبی ثابت ہی کہ کھانا جانورون
کا اس صورت مین کچھ بضرورت کسی جان بچانے کے نہین تجویز کیا گیا
کس واسطے کہ بالفعل تو غلہ جان بچانے کے لیے اوس جہاز مین موجود ہی
تھا اگر صرف بضرورت جان بچانے کے یہ ذبح کرنا اور کھانا جانوران مذکور
کا تجویز کیا جاتا تو بعد ختم غلہ کے یہ تجویز کرنا لازم تھا نہ یہ کہ باوجود موجود ہونے
غلہ کے اسکو جائز جانا بلکہ واجب گردانا پس واجب عقلی ہونا ذبح جانور
اور اکل لحم کا بعض مواقع مین بلا وجہ ضرورت جان بچانے کے اس مثال
سے بخوبی ثابت ہی اور یہ بات بھی بخوبی متحقق ہی کہ عقل نے جو حکم ان
جانورون کے ذبح کا حالت موجودگی غلہ ضروری مین کیا تو یہ حکم نہین کیا
مگر بسبب صالح ہونے ان جانورون کے غذای انسانی کے واسطے
کیونکہ اگر یہ جانور صالح واسطے غذاے انسانی کے نہوتے تو عقل
ان کے کھانیکا حکم بدون تمام ہوجانے غلہ ضروری اور ظہور حالت مجبوری
کے ہرگز ندیتی کس واسطے کہ جان بچانے کی غرض سے جو حکم کھانے
اشیاے ناجائز غیر صالح للغذا کا دیا جایا کرتا ہی تو در حالت متفقود ہونے
رزق ضروری کے بمجبوری دیا جایا کرتا ہی نہ بحالت موجود ہونے غذاے
ضروری کے رہا یہ امر کہ اگر عقل انسانی تا انتظار تمامی غلہ ضروری کے حکم
انکے ذبح اور اکل لحم کا ندیتی تو اوس وقت تک تو یہ جانور مر مر کر ضائع
ہوجاتے اور بھوک سے تڑپا تڑپا کر قتل کرنا بھی انکا لازم آتا انھین وجوہ
سے عقل نے قبل اتمام غلہ ضروری کے حکم ان کے ذبح کا دیا پس ان

دونون وجھون کے ثابت و متحقق ہونے کے ساتھہ حکم عقلی مذکور سابق سے
صالح للغذا ہونا انکا ہرگز ثابت نہین ہوتا جواب اسکا یہ کہ وجہ اول یعنی
سٹرنے اور ضائع ہونے کی ضرورت تو منافی ثبوت صالح للغذا ہونے
ان جانورون کے ہو ہی نہین سکتی بلکہ یہ وجہ تو عین مطابق اور موافق
اس ثبوت کی ہی کس واسطے کہ اغذیہ متعددہ مین دستور عقلی یہی جاری
رکھا گیا ہی کہ جو غذا جلد فاسد و خراب ہونے والی ہوا وسکے کھانے
اور صرف کر لینے کو ہمیشہ عقل انسانی تقدیم ہی دیا کرتی ہی رہی وجہ دوم
یعنی تڑپ تڑپ کر مرنے کی ضرورت وہ ضرورت اگر باعث تقدیم ہوئی ہی
تو بسبب تحقق صالح للغذا ہونے ان جانورون کے باعث تقدیم ہوئی ہی نہ بدون اسکے کیونکہ اگر
بدون لحاظ صالح للغذا اور غیر صالح للغذا کے صرف تڑپکر مرنیکے لحاظ سے اسطرح ذبح کرنا
جاندار کا ضرور ہوتا تو چاہیے تھا کہ جسوقت خدا نخواستہ بباعث قحط اور فقدان محض اذوقہ
کے آدمی بھی اسیطرح تڑپ تڑپ کر مرنے لگتے تو اوسوقت بھی اس اذیت
سے نجات دینے کے واسطے اونکے ذبح کر کے کھا لینے ہی کا حکم دیا جاتا
لیکن اس حکم و تجویز کو عقل نے صرف اسی سبب سے جائز نہین رکھا
کہ گوشت آدمی صالح واسطے غذاے انسانی ہونے کے ہرگز نہین پیدا
کیا گیا اور حکم ذبح و قتل انسان کا واسطے اکل لحم کے کسی صورت اور
ضرورت مین بھی نہین دیا گیا **مقصد دوازدہم** جو جو مستلذات
جسمانی کہ نوع انسان کو مثل اور حیوانات کے خواہش اونکی اصل اقتضاے
خلقت سے دیگئی ہی اور طبیعت انسانی طالب غالب اون مستلذات

کی پیدا کی گئی ہی کارخانہ حکمت و معدلت خداوندی مین رخصت دینا انسان ضعیف البنیان کو مطلقًا خواہ کسی نہج خاص پہ واسطے تحصیل تمتع اور دفع تقاضا ہے طلب مستلذات مذکورہ کے ایک امر ضرور قرار پایا ہی اور وجہ ضرورت اس رخصت کی ظاہر و باہر ہی کس واسطے کہ باوجود پیدا کر دینے رغبت و اقتضا کسی شئے کی اصل طبیعت انسانی مین اگر عدم رخصت اور امتناع طلب تمتع شئی مذکور واسطے انسان کے تجویز کیا جاتا تو درصورت مرتکب طلب تمتع شئے مذکور ہونے اشخاص مغلوب الطبیعت کے مواخذہ ارتکاب طلب منہی عنہ سے الزام تکلیف مالایطاق بلکہ اکثر فرق کے نزدیک الزام ظلم صریح نسبت خداوند احکم الحاکمین خلاق حقیقی کے لازم آتا پس چونکہ ذات اقدس خداوند اکرم وارحم الزام تکلیف مالایطاق اور الزام ظلم و ناانصافی سے ستر تا سر بری ہی لہذا رخصت دینا واسطے استلذاذ ہر مرغوب و مطلوب خلقی طبعی کے عین و اسکا اقتضاے معدلت گستری ہی ہان جو قیود اور رعایت خاصہ کہ نظر باقتضاے مرتبت و شان نوع اشرف انسان ملحوظ ہونا اونکا طلب و تحصیل مستلذات مذکور مین ضرور چاہیے اون قیود و رعایات خاصہ کے لحاظ رکھنے کے واسطے البتہ انسان مکلف بالضرور مامور کیا گیا ہی مثل جانورون کے کچھ مطلق العنان محض چھوڑ نہین دیا گیا ہی ورنہ مطلق العنانی کے سبب سے انسان اور حیوان مین کچھ اصلا فرق باقی نہ رہتا اور ساتھ اس مرتبہ بے قیدی وحشیانہ کے انسان کو انسان کون کہتا غرض عدم مواخذہ نفس طلب و تحصیل تمتع مستلذات جسمانی مین تو انسان و حیوان ایک قطار

ہین شمار کیے گیے ہین لیکن فرق وتفاوت بیّن درمیان انسان اور
حیوانات کے یہ رکھا گیا ہی کہ حیوانات تو بسبب لایعقل اور غیر مکلف ہونے
کے مطلق العنان اور خلیع العذار محض چھوڑ دیے گئے ہین رہا انسان
کیفیت اوسکی یہ ہی کہ نہ تو خداوند حکیم بحق کریم مطلق نے باوجود عطا فرمانے
رغبت وشوق خلقی طبعی مشتہیات ومستلذات کے ممنوع محض رہنا انسان
کا طلب تمتع مشتہیات ومستلذات مذکور سے تجویز کیا ہی اور نہ دائرہ رخصت
اوسکے حق مین کلیتہً وسیع کر کے مطلق العنان محض اوسکو چھوڑ دیا ہی بلکہ
جو مرتبہ توسط اور درجہ بین بین افراط سے مامون اور تفریط سے مصون
کہ توسط واعتدال انسان معتدل المزاج کے شایان حال ہی اور نوع
اشرف انسان کے واسطے موجب ثبوت شرف وکمال ہی اوس مرتبے
کے لحاظ رکھنے کے واسطے انسان مکلف ضروری مامور ہی رخصت
ذوق رانی نفس انسانی کے حق مین لحاظ قیود ورعایات خاصہ ہی کے
ساتھ مقید ومحصور ہی دیکھو خواہش مجامعت جسمین حیوان اور انسان
دونون شریک ہین اس لذت کے طلب کے واسطے نہ حرمان محض انسان
کے حق مین تجویز کیا گیا ہی اور نہ مطلق العنان محض رہنا اوسکا اس طرحپر
جائز رکھا گیا ہی کہ مثل جانورون کے تفاوت وامتیاز درمیان مان اور
بی بی کے بھی ملحوظ نرہے بلکہ بلحاظ قیود ورعایات خاصہ کے ساتھ تمتع
استلذاذ مذکور عین اقتضاے عقل وشعور قرار پایا ہی اسیواسطے تمام
فرق وادیان جہان نے تحصیل استلذاذ مذکور کو بکیفیت خاص بالاتفاق

واسطے انسان کے جائز ٹھہرایا ہی بعد اتمام اس بحث و کلام کے معلوم کرنا چاہیے کہ غذاے لحم جسکا کمال درجہ مرغوب طبع انسانی ہونا ظاہر و باہر ہی اگر خداوند حکیم بحق کریم مطلق کی طرفسے انسان اس غذا کے کھانے کا مرخص و مجاز نکیا جاتا بلکہ عدم اکل و استعمال غذاے مذکور کا حکم اوسکو دیا جاتا تو باوجود خلق و اعطاے رغبت طبعی کے منع و مواخذہ اکل و استعمال ایسے مطلوب مرغوب سے خود جناب اقدس الہی کیطرف الزام تکلیف مالایطاق بلکہ ظلم صریح کا لازم آتا اور چونکہ صدور تکلیف مالایطاق یا ظلم کا اوس ذات مستجمع صفات سے محال ہی لہذا تجویز عدم تجویز ذبح کو نسبت خداوند حکیم بحق کریم مطلق جائز بلکہ واجب سمجھنا سراپا بیجا ایک وہم و خیال ہی ہان جو لوگ کہ دار آخرت کے بالکل قائل ہی نہین ہین اور عمل نیک کی جزا اور عمل بد کی سزا کو لا اصل محض سمجھتے ہین اونکے نزدیک تو کوئی تکلیف امر بالمعروف یا نہی عن المنکر کی خداوند خلاق حقیقی کیطرف سے کچھہ اصل و حقیقت ہی نہین رکھتی اگر وہ لوگ ضرورت تجویز ذبح و اکل لحم کو محض وہم و خیال احتمال کرین تو اپنے زعم و اعتقاد بے بنیاد کی بنا پر وہ لوگ البتہ ایسا خیال و احتمال کر سکتے ہین لیکن اون لوگون کے مذہب پر تو فعل ذبح کسیطرح مذموم و محذور اور خلاف عقل و شعور ہی نہین ہی کیونکہ دار آخرت کے مواخذے کی نظر سے تو اسکی قباحت اور وقاحت اونکے مذہب کی بنا پر ہو ہی نہین سکتی رہا دار دنیا دار جو دنیا مین خود اس فعل کے واسطے بجاے قباحت و وقاحت اعلے درجے کی

منفعت اور راحت ثابت ہی اور تتمۂ کلام اس مقام مین یہ ہی کہ عمل ذبح واکل لحم نظر
منکرین مین دو حال سے خالی نہین ہو سکتا کسواسطے کہ یہ عمل اونکے نزدیک مستوجب عقاب و
عتاب کا ہوگا یا نہوگا شق ثانی کی تقدیر پر تو کچھ برائی ہی درصل اس عمل کی ثابت نہین ہوتی
رہی شق اول یعنی مستوجب عقاب و عتاب ہونا اس عمل کا اسصورت مین ہم یہ پوچھتے ہین کہ عمل
ذبح کو جو تم مستوجب عقاب و عتاب سمجھتے ہو تو کلیۃً مستوجب عقاب و عتاب سمجھتے ہو یا بعض صورتہا
خاصہ کی تقدیر پر مستوجب عقاب و عتاب سمجھتے ہو اور بعض صورتہای خاصۂ دیگر کی تقدیر پر غیر مستوجب
عقاب و عتاب پس اگر کلیۃً اس عمل کو مستوجب عقاب و عتاب سمجھتے ہو تو کلیۃً تو یہ عمل مستوجب
عقاب و عتاب ہو ہی نہین سکتا ورنہ بنا بر باتبین و تقرر الزام تکلیف مالا یطاق بلکہ ظلم صریح کا ثبوت
خداوند ارحم الراحمین کے لازم آئے ہان اگر بعض صورتہای خاصہ کی تقدیر پر مستوجب
عقاب و عتاب اور بعض صورتہای خاصۂ دیگر کی تقدیر پر غیر مستوجب عقاب و عتاب سمجھتے
ہو تو یہ سمجھنا تمھارا درست لیکن عدم جواز ذبح و اکل لحم کلیۃً اس تقدیر پر
ثابت نہین ہو سکتا بلکہ بعض صور و تقادیر مین جواز ثابت ہوتا ہی اور بعض
مین عدم جواز اور اس طرح پر ثبوت جواز و عدم جواز عین مدعا حضرات مجوزین
ذبح کا ہی الحاصل جائز ہونا اور غیر مذموم ہونا اس عمل کا گو بتقادیر بعض صور
واشکال معینہ خاصہ ہی کے کیون نہو بالیقین ثابت لیکن اس مقام پر
بعض بعض اعتراضات اور توہمات بھی پیدا ہوتے ہین بیان توہم اول
کا یہ کہ غذاے لحم کی جو غایت درجہ مرغوب طبع انسانی ہونے کا دعوی
کیا گیا یہ دعوی کلیۃً صحیح و درست ہی نہین ہی کسواسطے کہ ایسے اشخاص
بھی دنیا مین موجود ہین کہ جنکو لحم سے نفرت کلی اور عدم رغبت جبلی

ہوا کرتی ہے جواب اس توہم کا یہ کہ اگر نفرت کلی اور عدم رغبت جبلی سے
نفرت کلی اور عدم رغبت جبلی اون افراد انسانی کی مراد لیگئی ہے کہ جنھوں نے
بنا بر پابندی مذہب کبھی لحم کو ہاتھ سے چھوا ہی نہین چہ جاے اکل تو
ایسے اشخاص کی نفرت کلی اور عدم رغبت جبلی تو اس جگہ پر کسیطرح معتبر ہی
نہین ہو سکتی کیونکہ یہ تنفر کلی ان اشخاص خاص کا کچھہ اصل اقتضای طبیعت
اور خلقت کے سبب سے ہرگز نہین ہوتا بلکہ صرف غلبۂ توہم کے سبب سے پیدا ہو جایا کرتا ہی
واہمہ تو خلاق ہی ہی احکام مذہبی کی رو سے ایک چیز کی برائی سنتے سنتے ایک واہمہ
سخت طبیعت پر حملہ ایسی نفرت کلی مشابہ تنفر جبلی وس چیز کیطرف سے مزاج انسانی مین
پیدا کر دیا کرتا ہی جس نفرت کلی کے سبب سے انسان اوس چیز ممنوع مذہبی سے غایت
درجہ منکر اور متنفر ہو جاتا ہی اور نہایت ہی اوس چیز کو برا جانتا ہی اور بسبب
کمال غلبۂ توہم کے دل اوسکا ایسی خلاف طبع اور مبغوض شی کے استعمال کے
واسطے کبھی کسی وقت اور کسی حالت مین بھی نہین مانتا ہی پس اس طرح
کی نفرت کلی ان اشخاص خاص کی نفرت کلی سمجھنے کے ساتھہ
کب سزاوار اور کس طرح لائق عقل و اعتبار ہو سکتی ہی
اس قسم نفرت عارضی محض کو تو نفرت طبعی سمجھنا ہرگز نہین چاہیے
باقی رہی نفرت کلی اور عدم رغبت جبلی اور بعض اشخاص کی جن اشخاص
کو بسبب پرہیز مذہبی اور عدم اعتیاد کے نفرت نہو بلکہ اصل خلقت ہی
سے نفور واقع ہوے ہون ایسے اشخاص جہان مین نہایت کم
کالعدم ہین لہذا ایسے اشخاص کے سبب سے جو کہ بحکم النادر کالمعدوم

ہوا کرتے ہین یہ دعوی ہمارا ہرگز باطل نہین ہوسکتا ورنہ لازم آئے کہ
کوئی چیز بھی اس جہان مین مرغوب طبع انسانی نپائی جاے کیونکہ اس طرح پر
شاذ نادر تو ہر ایک مستلذ سے نفرت کرنے والے اس جہان مین نکل سکتے
ہین علاوہ اسکے احکام آلہی مین کچھ ایسے خصوصیات شخصیہ کو دخل نہین
ہوتا بلکہ بنظر اکثر طبائع یا بعض طبائع کے بھی اکثر احکام بطور عام جاری
کیے گئے ہین تاکہ اہل ضرورت تو اوسکے سبب سے فائدہ ضروری اوٹھاوین
اور غیر ضرورت والے صرف قبول وتصدیق پر اکتفا کرکے اونکی اباحت
مین کوئی قباحت نہ ٹھہرائین توہم دوم یہ کہ اگر مرغوب طبع بعض افراد
یا اکثر افراد ہونے کے سبب سے اجازت اکل حکم کو ضروری ٹھہرایا ہے
تو چاہیے کہ شراب پینے کی اجازت بھی بسبب رغبت طبع بعض افراد
یا اقوام یا اہل ملک کے ضروری ٹھہرے جواب اس توہم کا یہ کہ مطبوع ہونا
کسی ماکول ومشروب کا دو قسم پر ہوا کرتا ہی ایک بنظر نفس تلذذ وذائقہ دوسرے
بسبب متاثر ہونے ساتھہ اثر وکیف حاصلہ کسی شے کے قطع نظر لذت
اور ذائقہ سے چونکہ مرغوبات قسم ثانی ذوقًا واکلًا ہرگز مطبوع نہین ہوا کرتے
بلکہ ذوقًا واکلًا تو کمال ناگوار اور نامرغوب طبع ہونا اونکا ہر ایک وقت اور
حالت مین ثابت ہی لہذا شراب وغیرہ جو اشیا اس جنس کی ہین کہ اکلًا اور
ذوقًا کسی وقت وحالت مین مطبوع طبع انسانی واقع نہین ہوئی اون
اشیا کا شمار اشیای مطبوع ومرغوب طبع انسانی مین کرنا ہی بیجا وناسزا
ہی اور اگر ایسا ہو تو چاہیے کہ سنکھیا وغیرہ سمیات قاتل جو کہ عادت

کرنے سے کمال محتاج الیہ اور پسند طبع اہل اعتیاد ہو جایا کرتے ہین
اور اون کے استعمال سے انسان کو کسیطرح پر مضرت نہین ہوتا چاہیے
کہ وہ تمام سمیات قاتلہ بھی داخل مرغوبات انسانی کیے جائین علاوہ
اسکے شراب مضر عقل ہے اور انسان کو مرتبہ انسانیت سے نکالکر مرتبہ
حیوانیت کے ساتھہ متصف کرتی ہے پس چونکہ انسان مکلف ہے واسطے
حفظ و تکمیل مراتب انسانیت کے لہذا استعمال شراب واسطے انسان
کے کسیطرح مرخص و مباح نہین ہو سکتا توہم سوم یہ کہ خواہش مجامعت
کو جو مقیس علیہ خواہش اکل لحم قرار دیا اور بذریعہ اس قیاس کے تمتع اکل
لحم کو مثل تمتع لذت مجامعت کے ضروری الرخصت خیال کیا یہ قیاس
اس جگہ محض قیاس مع الفارق ہے کس واسطے کہ خواہش مجامعت
تو مثل خواہش جوع کے اقسام خواہشہای مولدہ جسمانی سے ثابت ہے بخلاف
خواہش اکل لحم کہ یہ خواہش خواہش مولدہ نہین ہے پس قیاس اس خواہش
غیر مولدہ کا اوپر خواہش ہای مولدہ کے کرکے اجازت شرعی و عقلی کا اسکے
واسطے ضروری سمجھنا محض خلاف عقل ہے علی الخصوص اوس وقت مین کہ لذت
اکل لحم اون اقسام لذائذ سے واقع ہوئی ہے جنکے مزے سے بدون
چکھنے اور زبان پر رکھنے کے اصلا واقفیت و اطلاع ہی انسان کو
نہین ہوتی جو جاے رغبت و خواہش بلکہ تاوقتیکہ خوب طرح یعنی بکمال
اہتمام و تکلفات تمام اسکو نہ پکائین اور اجزا و اشیای مصلحہ ملاکر قابل
کھانے کے نہ بنائین تب تک باوجود چکھنے کے بھی اصلا لذت اوسکی

انسان کو حاصل نہین ہوتی لحم خام کیطرح توحیوانات درندہ ہی کی رغبت ہوتی ہوگی انسان لطیف المزاج توکیسا ہی عاشق غذای لحم کیون نہو بچے گوشت سے اوسکو نفرت طبعی ہوا کرتی ہی نہ رغبت اگر آدمی پر ایک دو روز کا فاقہ بھی گذر جاے توبھی غالبا کچا گوشت نہ کھائے پس ان حالات کی نظر سے یہ بات پر ظاہر ہی کہ مزہ لحم کا محض وابستہ صنع وترکیب ہوا کرتا ہی قطع نظر صنائع وتراکیب خاصہ کے فی حد ذاتہ لحم مین کوئی تلذذ مرغوب پایا ہی نہین جاتا اوراس صورت مین نفس ذات لحم کا خود لذائذ ومرغوبات بالذات نوع انسان ہی سے سمجھنا سراسر خلاف عقل وشعور ہی ایسی شی نامرغوب ذاتی کے طلب تلذذ کا واجب الرخصت ہونا کب ضرور ہی جواب باصواب اس توہم کا باین طور سمجھنا چاہیے کہ کمال مرغوب ہونا کسی شی کا باین درجہ کہ باوجود منع وتخویف وتاکید وتہدید مزید بھی اندیشہ اوسکے طلب تلذذ مین مبتلا ہونیکا پیدا ہو کچھہ فقط اونھین مستلذات خاصہ کے ساتھہ جو کہ فقط وابستہ خواہش مولمہ جسمانی کیے گئے ہون لازم نہین ہوتا بلکہ اور بہت سے مستلذات اور مرغوبات نفس انسانی اس طرح پر واقع ہین کہ باوجود وابستہ خواہش مولمہ جسمانی نہونے کے کمال درجہ شوق دلی اور رغبت نفسانی اونکی طرف جبلت انسان ضعیف البنیان مین پیدا ہی حتے کہ پرہیز کرنا اون سے بسبب غلبہ رغبت وشوق کے نہایت درجہ نفس انسانی پر شاق اور تکلیف مالایطاق ہوا کرتا ہی بلکہ مرتبہ غلبہ خواہش شوق دلی اور رغبت نفسانی کا تو مرتبہ خواہش مولمہ جسمانی سے بھی بمدارج بالاتر

گذرتا ہی چنانچہ خواہش اکل و خواہش مباشرت ہی مین فرق و امتیاز
ان دونون مراتب کا بخوبی تمام موجود ہی یعنی مرتبہ خواہش مولمہ جسمانی
اور مرتبہ شوق دلی اور طلب نفسانی دونون مراتب ہر ایک مین ان
دونون مستلذات سے پائے جاتے ہین اصل مقصود اور نفس مطلوب
مرتبہ خواہش مولمہ جسمانی کا نفس وجود ماکول اور نفس وجود کسی مدخولہ کا
ہوا کرتا ہی طعام کیسا ہی بدمزہ اور مدخولہ کیسی ہی نامقبولہ کیون نہو خواہش
مولمہ جسمانی کا منہ ان دونون مطلوب ضروری کے ملجانے سے بخوبی
تمام بھرتا ہی رہا مرتبہ شوق دلی اصل مقصود اور نفس مطلوب اوسکا سوا طعام
مرغوب اور صورت پاکیزہ و خوب کے اور کچھہ نہین ہوتا پس یہ دونون
مراتب تو ہر ایک مین ان دونون لذات سے بالضرور پائے جاتے ہین
لیکن غلبہ تقاضا اوس مرتبہ شوق و طلب کا ذات انسان مین اس قدر
زائد تر خلق کیا گیا ہی کہ جسکے سامنے مرتبہ خواہش مولمہ جسمانی کو بھی نہایت
مغلوب بلکہ مسلوب سمجھنا چاہیے الحق جو نفوس کہ غلبہ شوق ماکول لذیذ
یا کسی مدخولہ مقبولہ کے ساتھہ پابند و خوگر واقع ہوے ہین اگر طعام ناپسند اور
مدخولہ نامقبولہ ہر وقت اونکے واسطے حاضر و موجود بھی رہے تب بھی عدم و
وجود ان دونون کا اون کے نزدیک برابر ہوا کرتا ہی یہان تک کہ باوجود
موجود ہونے خواہش مولمہ جوع و شہوت کے بھی اکل طعام بدمزہ اور مباشرت
مدخولہ نامقبولہ سے صرف باشتیاق طعام مرغوب و محبوب مطلوب دور
و نفور ہی رہا کرتے ہین اور بھی فرط اشتیاق طعام مرغوب اور محبوب مطلوب

سے باوجود موجود ہونے غلبۂ خواہش مولمہ جسمانی کے بھی اکثر اوقات
بھوکون مرتے ہین الغرض کمال مرغوب ہونا لذائذ عمدہ نفسانی کا باین
درجہ کہ صبر وتحمل کرنا اونکی طلب سے کسی طرحپر متصور ہی نہو کچھ خواہش مولمہ
جسمانی ہی پر منحصر نہین ہوتا بلکہ باز رہنا اکثر لذائذ مرغوب دلی اور مطلوب نفسانی
سے باوجود انعدام خواہش مولمہ جسمانی کے بھی نہایت مشکل دشوار ہی علی الخصوص
اوس وقت مین کہ منع اونکے استعمال اور مستلذ ذ سے کیا جاے کسواسطے
کہ منع کرنے سے تو حرص نفس اور بھی زیادہ تر ہوجایا کرتی ہی باقی رہا یہ امر
کہ رغبت لحم کی بدون چکھنے اور زبان پر رکھنے کے تو اصلا معلوم ہی نہین
ہوتی اور تقدیر چکھنے اور زبان پر رکھنے کے بھی لذت اسکی موقوف ہوا کرتی
ہی اوپر عمدہ پکانے اور ترکیب و ترتیب خاص کے ساتھ بنانے کے پس اس
صورت مین غذاے لحم کوئی شے فی نفسہ مرغوب و مطلوب بالذات
نہین ہی جواب اسکا یہ کہ ایسے خیالات سے کمال مرغوب و مستلذ ہونا
لحم کا اور بھی اس قبیل سے ہونا اوسکا کہ انسان کمال خواہش اوسکی کرے
اور اوسکے طلب کرنے مین منع و تخویف سے بھی نہ ڈرے ہرگز باطل و
نامسموع نہین ہوسکتا کسواسطے کہ ہرگاہ بعد وقوع صنع و ترکیب و ترتیب
خاصہ اور چکھنے اور زبان پر رکھنے کے کمال درجہ مرغوب و مطلوب طبع انسانی
ہونا غذاے لحم کا بالیقین ثابت ہوا تو شرط وقوع صنع و ترکیب خاصہ اور شرط
وقوع ذوق و استعمال تو کچھ ایسی شرائط نہین ہین جنکے اشتراط سے کمال
رغبت و شوق انسانی کا ظہور دور سمجھا جاے اور بسبب حائل اور عائق ہونے

شرائط مذکورہ کے مرغوب ومطلوب بالذات ہونیکا حکم کا یقینی خیال نکیا جاے
کیونکہ خداوند حکیم یحق خلاق مطلق نے ورا ے قوت حسیہ قوت عقلیہ کے ساتھہ
بھی انسان کو مشرف کیا ہی اور مادہ فہم حقایق اشیا اور صنائع وتراکیب عجیبہ کا
اسکو دیا ہی لہذا اسقدر لذائذ اس نوع اشرف کے قسم محسوسات یعنی ذوقیات
ومرئیات ومشمومات ومسموعات وملموسات سے واقع ہوئی ہین صرف
درک حسی ہی پر مثل مستلذات حیوانات کے مدار کار اون مستلذات حسیہ کا
رکھا نہین گیا بلکہ عمدہ ترین لذائذ ومرغوبات اسکے انھین مستلذات حسیہ سے
وہ لذائذ ومرغوبات واقع ہوے ہین جن لذائذ ومرغوبات کو اسکے ایجاد
واختراع عقلی نے پیرایہ صنع وترکیب عجیب پہنا کر بطرز جدید آراستہ کیا ہی
اور ازبسکہ مزاج انسانی کمال جامعیت کے ساتھہ متصف واقع ہوا ہی لہذا
اکثر مرغوبات طبعی بھی اسکی تراکیب وجامعیت ہی کے ساتھہ مخصوص ہین صنائع
وتراکیب خاصہ کو تو کمال رغبت نفس انسانی مین اسقدر دخل تمام ہی کہ
جو مطلوبات اور مرغوبات کہ صنع وترکیب انسانی کا درحقیقت اون مین
کچھہ دخل ہی واسطے مرغوب ومطلوب نفس انسانی ہونیکی نہین ہی اون مرغوبات
ومطلوبات کو بھی انسان نے دخل ومساس صنائع وتراکیب عجیب سے
باز نہین رکھا جس طرح مثلاً صورت محبوب ومرغوب باوجودیکہ اوسمین کچھہ
اصلا دخل صنع وترکیب انسانی کو نہین ہی لیکن اقسام زیورات اور لباسات
نوع بنوع رنگارنگ کی ایجاد سے اوسکے تزئین وتشئین مین بھی کس درجہ
دخل درمعقولات حضرت انسان نے دیا ہی اور مرتبہ اوسکے زیب وآرایش کا

کس درجہ بلند کیا ہی سعندا گوشت گھی نمک مٹھائی وغیرہ اکثر مستلذات
نوع انسانی تو اسیطرح پیدا کی گئی ہین کہ بدون مزج و ترکیب کے علیحدہ
علیحدہ تو ان مین قدر قلیل ہی مزہ معلوم ہوا کرتا ہی بلکہ بعض کا مزہ تو قدر
قلیل بھی بدون مزج و ترکیب کے محسوس نہین ہوتا ہے کہ بعض تو بدون
مزج و ترکیب کے محض بے لطف و بدمزہ ہی معلوم ہوتے ہین نہ لذیذ و
مرغوب لیکن بعد مزج و ترکیب کے وہی اشیا جنکا مزہ قبل مزج و ترکیب
نہایت کم بلکہ کالعدم معلوم ہوا کرتا ہی اس درجہ پسند و مرغوب و مطلوب
طبع انسانی ہو جایا کرتے ہین جسکا کچھ حد و حساب ہی نہین کسی شے
کے تلذذ کا درک صنائع و تراکیب خاصہ پر موقوف ہونے سے یہ لازم
نہین آتا کہ فی نفسہ وہ شی کمال مرغوب و مطلوب نفس انسانی قرار نہ دیجاے
اور خواہش و طلب انسانی اوس شی کے واسطے بسبب عائق ہونے
تکلفات صنائع اور تراکیب خاصہ کے خواہش و طلب معتبر خیال نکیجاے
کس واسطے کہ جو عقل و فہم اور مادہ صنعت اور کمال شوق صنائع کہ خداوند عالم
نے انسان کو عنایت فرمایا ہی اور جس عقل و فہم اور مادہ صنعت اور کمال
شوق صنائع سے جملہ تراکیب عجیب اطعمہ و اشربہ وغیرہ مستلذات نفس
انسانی کا ایجاد و اختراع خود ذات انسان سے بدون تعلیم و تفہیم کسی دوسرے
معلم و استاد کے ظہور مین آیا ہی وہ عقل اور فہم اور مادہ اور شوق صنائع
کسی حالت مین معطل نہین رہ سکتا اور کوئی شخص اوس عقل و فہم اور مادہ
و شوق صنائع کو طلب و تحصیل و ایجاد و اختراع انواع لذائذ و مرغوبات مین

علی الخصوص ایسے مرغوبات و مطلوبات بدیہیہ اقرب الی الفہم مین عاجز و مجبور اور کسی دوسرے کی تعلیم و تفہیم پر معلق و مقصور نہین کہہ سکتا بھلا یہ لذت ترکیبی تو بہت ہی اقرب الی الفہم واقع ہوئی ہی انسان نے تو ایسے ایسے لذائذ دقیقہ بعیدہ صناعیہ کو زور عقل سے تلاش کرکے نکالا ہی جنکی تراکیب عجیب مین خود عقل اکثر آدمیون کی بھی حیران ہوتی ہی الحاصل کمال درجہ مرغوب و مطلوب نفس انسانی ہونا غذاے لحم کا بالضرور ثابت اور اس ضرورت کی نظر سے ضرورت رخصت اکل لحم بعض حیوانات ماکول اللحم کی اور اونکے ذبح کی بنا بر وجہ مفسر بالا بالیقین متحقق بعد سننے اس دلیل جلیل کے اگر کوئی شخص یہ واہمہ کرے کہ مردہ جانورون کے گوشت کھانے سے بھی دفع تقاضاے خواہش نفس انسانی کا ہو سکتا تھا ذبح کرنا جانوران زندہ کا اس ضرورت سے کسواسطے تجویز کیا گیا تو دفع اوس توہم کا اسطرح پیش نظر رکھنا چاہیے کہ جو جانور کہ بلا ذبح امراض کے سبب سے مرجایا کرتے ہین گوشت اونکا واسطے انسان کے نہایت مضر اور باعث حدوث انواع امراض ہوا کرتا ہی لہذا استعمال گوشت جانوران مردہ کا عقلاً اور نقلاً دونون طرح اشد ممنوع ہی اور علاوہ ممنوع ہونے کے لذت بھی گوشت جانور مریض مین باقی نہین رہتی پس علاوہ خوف مضرت گوشت لذیذ ذبیحہ کے سامنے گوشت بدمزہ مردار کو کون کھاتا البتہ یقین تو یہ تھا کہ گوشت جانور صحیح المزاج چھوڑکر گوشت جانور مریض کو کوئی شخص ہاتھ بھی نہ لگاتا مقصد سیز دہم بعد دریافت کرنے

دلایل جواز و استحسان اور وجوب اکل لحم کے جو سر اعظم اور مقصد اتم تجویز اکل لحم مین رکھا گیا ہی اوس سر اعظم اور مقصد اتم کو بھی معلوم کر لینا چاہیے مخفی نرہے کہ تجربہ و استقصاے سوانح و وقایع روزگار اور تجسس و تفحص حالات کتب سیر و تواریخ ہر ملک و دیار سے یہ بات بخوبی ثابت و متحقق ہو چکی ہی کہ جملہ اصناف بنی آدم مین جو جو اصناف کہ غذا اونکی لحم ہی اون اصناف پر کہ جنکو اکل لحم سے احتراز و اجتناب ہوتا ہی ہمیشہ غالب و فتحمند ہی رہا کرتے ہین کبھی ایسا واقع نہین ہوا کہ صرف اناج کھانے والے گوشت کھانے والون پر غالب آئے ہون پس اس تجربے اور استقصاسے بخوبی ثابت ہوا کہ تقویت مادہ شجاعت کے واسطے کوئی شی مفید زیادہ اکل لحم سے نہین ہی اگرچہ شراب کے پینے والے شراب مین بھی یہ تاثیر بیان کرتے ہین لیکن اوّل تو شراب مخرب حواس اور مضر قوت عقلیہ واقع ہوئی ہی دوسرے شراب گوشت کے برابر مقوی مادہ شجاعت ہرگز نہین کیونکہ جو اقوام کہ گوشت نہ کھاتے ہون اور شراب پیتے ہون اون اقوام کو گوشت کھانے والون پر اگرچہ وہ گوشت کھانے والے شراب سے بالکل مجتنب ہون کبھی غلبہ اور تسلط نہین ہوتا پس یہ غلبہ و نصرت خاصہ اسی اکل لحم کا مقرر کیا گیا ہی ہرگاہ یہ خاصہ عظمی اور فائدہ کبرے اکل لحم کا معلوم کیا تو جاننا چاہیے کہ ازبسکہ صفت شجاعت عقلاً مرغوب و محبوب واقع ہوئی ہی اور صفت جبانت بخلاف اوسکے مکروہ و مبغوض لہذا استعمال اوس شی کا جو کہ صفت مرغوب و محبوب عقلی کے واسطے مفید موثر خلق کیگئی ہی

اور صفت مکروہ و مبغوض عقلی کے حق مین منفی اور مضر اس خاصہ عظمے اور
فائدہ کبرے کے سبب سے بحکم عقلی ممدوح و محبوب ضرور ہی اور سِر اعظم
اور مقصد اتم اسکے ممدوح و محبوب ہونے کا یہ ہی کہ ہرگاہ غلبہ و نصرت قوت
تاثیر غذای لحم ہی پر گویا منحصر کر دیا گیا ہی تو اگر حضرت شارع سے اہل حق کو
اجازت استعمال اس غذا کی حاصل نہوتی تو اور جملہ مخالفین آکلین لحم
کے مقابلے مین ہرگز اہل حق غالب اور فتحیاب نہو سکتے کیا قوت جسمی
کیا قوت شجاعت دونون مین ہمیشہ مغلوب ہی رہتی کس واسطے کہ جملہ کارخانے
اس عالم کے بحکم و حکمت آلہی منحصر انھین اسباب مقررہ پر رکھے گئے ہین اور
یہ اسباب مقررہ کسی فریق خاص کے ساتھہ مختص ہرگز نہین کیے گئے
بلکہ جملہ فرق حق و باطل ان اسباب مقررہ کے نفع و ضرر مین برابر متصور ہین پس
اگر حکم اکل لحم کا واسطے اہل حق کے ندیا جاتا تو جو جو مفاسد اور مظالم اور فتن
و قباحات کہ مغلوبی اہل حق اور غلبہ اہل باطل سے متصور اور بیقین پیش نظر
رکھے اون سب مظالم و آفات اور فتن و قباحات کو جائز و منظور رکھنا
بالضرور لازم آتا او بچانا خون ان جانورون کا خود آدمیون کے خون
ناحق کو کہان نہ بہاتا الحق عقلا او راہل حق اگر اپنے تئین اکل لحم سے
بچاتے تو جہلا او راہل باطل تو با قتضای طبع و خواہش نفسانی اس غذا کے
عمدہ و الذ کو اوس حالت مین بھی ضرور ہی کہاتے اور قوت تاثیر غذای
مذکور کے سبب سے عقلا او راہل حق پر لا محالہ غالب آتے پس جس قدر
مظالم و قباحات اور فتن و فسادات کہ غلبہ و تسلط جہلا او راہل باطل سے

لازم آیا کرتی ہین اون سب مظالم و قباحات اور فتن و فسادات کا
ظہور و صدور بلکہ شائع و ذائع ہونا اس صورت مین ضرور ہی لازم تھا
لہذا انھین سب مفاسد و مظالم و قباحات کے رفع اور دفع کی ضرورت سے
عقلا اور اہل حق کو کھانا لحم کا عقلاً اور شرعاً دونون طرح سے ضرور ہوا
اور بھی اکل لحم واسطے عقلا اور اہل حق کے بامر اللہ القدیر نہایت ہی
ایک عمدہ دستور ہوا والحمد للہ علے احسانہ **مقصد چہاردہم** اس
مقصد مین بیان ہی دلیل جواز و استحسان ذبح انواع خاصہ وحوش و طیور
کا اور وجہ علیحدہ ذکر کرنے دلیل جواز و استحسان ذبح وحوش و طیور
کی یہ ہی تاکہ کوئی معترض اس طرح پر اعتراض نکرے کہ جس قدر جانور
خاصتہً خدمتگاری اور کار برآری نوع انسان ہی کے واسطے پیدا کیے
گئے ہین صرف اونھین سب کے جواز و استحسان ذبح کے دلائل بیان
ماسبق تمہ سے واضح ہوئین پس اون سب کے ذبح مین تو البتہ کوئی
محل بحث و کلام نہین ہی لیکن اور بعض انواع وحوش و طیور جو کہ محض
متوحش و نفور نوع انسان سے پیدا کیے گئے ہین نہ نوع انسان کے
واسطے وہ انواع وحوش و طیور اصل اقتضای وضع خلقی سے کچھ بھی کسیطرح پر
مطیع و رام ہین نہ از جملہ اسباب راحت و آرام ایسے جانوران آزاد خلقی
کو گرفتار اور شکار کرنے کے واسطے کوئی توجیہ اور وجہ وجیہ بھی اس رسالہ
محالہ سے پائی نہین جاتی رہین بعض ادلہ ضرورت اکل نفس لحم کی عام
اس سے کہ وہ لحم لحم جانوران اہلی کا ہو خواہ جانوران صحرائی کا اون

ادلہ سے بھی ضرورت ذبح ان جانوران خاص کی بالاختصاص ہرگز
ثابت نہین ہوسکتی کس واسطے کہ درصورت کافی ووافی بل وافر وسکاثر
ہونے سحوم جانوران اہلی کے جانوران وحشی کو بلاضرورت گرفتار
اور شکار کرنا سوا فضولی اور کثرت نفس پرستی کے نہ اسکے واسطے
کوئی توجیہ پائی جاتی ہی نہ وجہ وجیہ خیال مین آتی ہی پس کیا سبب ہی
کہ جانوران آزاد کا شکار بلاحجت وتکرار اس دین متین مین مباح قرار
دیا گیا ہی بلکہ عمدہ اطعمہ اور احسن ماکولات سے تجویز کیا گیا ہی آیا خاصتہً
ان جانوران وحوش وطیور کے جواز ذبح کے واسطے بھی کوئی دلیل
وتوجیہ حضرات والامقام اہل اسلام کے پاس ہی یا نہین جواب اس
سوال ظاہر الاشکال کا اس مقصد چہار دہم سے دریافت کرنا چاہیے
واضح ہو کہ مقصود وجود انسان سے علم وتعقل ومعرفت ہی یعنے
انسان اشرف المخلوقات کھانے پینے جگنے سوتنے کے واسطے
یا اور کارہائے خسیس مین مشغول رہنے کے واسطے یا مثل جمادات
معطل محض پڑا رہنے کے واسطے پیدا نہین کیا گیا بلکہ جو جوہر شریف
ادراک وعقل کہ صرف اوسیکے سبب سے انسان ضعیف البنیان
اشرف المخلوقات کہلایا اوس جوہر شریف کا جو کام ہی وہی کام انسان
کے واسطے اصل مقصد ومرام ہی پس اصل کار مقصود انسان کا علم و
تعقل ومعرفت ہی خواہ وہ علم وتعقل ومعرفت ذات وصفات حضرت
خالق کائنات کے ہو خواہ اور باقی حقائق موجودات کے ہر چند اور

باقی حقائق موجودات کا علم علم معرفت ذات و صفات حضرت خالق کائنات
کے ساتھہ برابر تو کبھی ہرگز نہین ہو سکتا لیکن بعد علم معرفت ذات و
صفات حضرت خالق کائنات کے اور اکثر حقائق موجودات کے
علوم بھی انسان کے واسطے ایسے مقصود اور ضروری واقع ہوے
ہین کہ جنکے اوپر تمام انتظام کارخانہ عالم کا گویا معلق و مقصور ہی اور
جاننا اونکا ہر فرد بشر پر اگر فرض عین نہین تو فرض کفایہ تو ضرور ہی دیکھیے
منجملہ اقسام علوم حقائق موجودات کے ایک فن طبابت ڈاکٹری ہی
کیسا فن ضروری ہی اگر تحقیق و تدوین اس فن کی نہوئی ہوتی تو تمام افراد
انسان وقت لحوق امراض و عوارض کیسی کیسی مصیبتین اوٹھاتے اور
کن کن صدمات کے ساتھہ تکالیف جانگزا پاتے پس ایک یہی فن ہی
کہ گویا ایک حصہ انتظام عالم کا دارومدار صرف اسی پر قرار پارہا ہی اور
کمال ضرورت اس فن کی اس درجہ نوع انسان کے واسطے ثابت
ہی کہ درحقیقت پوچھیے تو ہر ایک نفس انسانی اس فن کیطرف محتاج
پیدا کیا گیا ہی لیکن چونکہ بعض افراد کے اوس سے واقف و ماہر ہوجانے
مین کارروائی کل اشخاص عام و خاص کی ہوجایا کرتی ہی اسی سبب سے
ہم ایسے فنون ضروریہ کو فرض کفایہ ہونے کے ساتھہ تعبیر کرتے ہین
الحاصل ہرگاہ کمال ضرورت اس قسم علوم و فنون کی معلوم کی تو اب
اس بات کو سمجھنا چاہیے کہ ان تمام علوم و فنون ضروریہ کی تحقیق
اور تدوین اسکے محققون اور موجدون کو گھر بیٹھے بٹھائے حاصل

نہین ہوگئی تھی بلکہ بہت کچھہ سیر وسفر اور جہان نوردیون اور دشت وصحرا گردیون
سے ان علوم وفنون کو اون حضرات نے حاصل کیا ہی تحقیق وتدوین
حقائق موجودات کے واسطے کن کن مصیبتون کو اپنے سر پر لیا ہی تب نوبت
تحقیق وتدوین ان علوم وفنون کی آئی اور اور تمام حاجتمندون نے
اوسکے بعد گویا مفت ایک دولت غیر مترقبہ گھر بیٹھے ہتھیا لئے اون علوم
مدوّنہ سے پائی الحاصل دراصل تحقیق اور تدوین ان تمام فنون ضروریہ
کی سیر وسفر اور جہان نوردیون اور کوہ وصحرا گردیون ہی کے ذریعے
سے حاصل ہوتی آئی ہی چنانچہ آج تک بھی سیر وسفر کرنا واسطے تحقیق حقائق
موجودات کے حکماے فرنگ با فرہنگ مین برابر جاری ہی کمال ضرورت
سیر وسفر سے اس وقت تک استغنا حاصل نہین ہوا اور نہ آیندہ غالبًا
کبھی ہوگا ساتھہ اسکے یہ بات بھی ظاہر ہی کہ ابتدا سے زمانہ مین حال اس
سیر وسفر کا کچھہ اور تھا اور اب بعد پیدا ہو نے ہزارہا اسباب وسامان
اور حکم علیہ کے کچھہ اور ہے جو ساز وسامان زمان سابق مین ایک بادشاہ
عظیم القدر کو میسر آنا ممکن نتھا اب اس زمانے مین ادنے ادنے محتاجون
کے واسطے وہ ساز وسامان بلا تکلف ہر جگہ موجود ہی پس جو سفر کہ پہلے
زمانے مین تحقیق وتدوین علوم وفنون کے واسطے حضرات حکماے
وقوع مین آئے کمال اشکال اور بے سروسامانی اون سفرون کی احتیاج
شرح وبیان ہرگز نہین رکھتی بعد اتمام اس تمام تمہید وکلام کے اب اصل
مطلب کو سمجھنا چاہیے یہ بات تو ظاہر ہی کہ حضرت خداوند خلاق حقیقی نے

اصل مدار تحقیق اور تدوین ان علوم وفنون ضروریہ کا صرف اور سیر وسفر بحر وبر اور کوہ وصحرا نوردی افراد بشر ہی کے مقرر فرمایا ہے سوا اس وسیلہ سیر وسفر اور کوہ وصحرا نوردی کے اور کوئی قدرتی وسیلہ اس علم وتحقیق وتدوین کے واسطے ابتدا ً ہرگز ظہور مین نہین آیا ہے پس ہر گاہ کمال ضرورت سیر وسفر اور دشت وصحرا نوردی کی انسان کے واسطے ابتدائے عہد عالم سے ثابت ہوئی تو جہان سیر وسفر کرنا ان علوم ضروریہ کی تحقیق اور تدوین کے واسطے انسان پر ضرور ٹھہرا وہان جواز شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا بھی بسبب موقوف علیہ سفر بحر وبر ہونے کے ازجملہ اہم امور ٹھہرا تشریح اس اجمال کی اور تفصیل اس مقال کی یہ کہ اشد شرائط وضروریات سفر سے کہ بدون اوسکے سفر کسیطرح پر متصور ہی نہو سکے دستیاب ہونا طعام کا ہے ہر ایک محل و مقام پر گو خواہش کھانیکی مسافر کو ہر محل ومقام پر نہو لیکن دستیابی آب وطعام کا ہر مقام پر اذعان واطمینان ہونا ضرور چاہیے اور اگر حقیقت پوچھیے تو سفر مین تو بھوک انسان کی اور بھی زیادہ ہوجایا کرتی ہے پس حالت سفر مین تو حالت حضر سے بھی زیادہ تر آب وطعام ہر محل ومقام پر مطلوب ہوتا ہے اور چونکہ سفر ایک بہت بڑی ریاضت ہے سرانجام اس ریاضت کا بدون دستیابی غذاے مرغوب اور قوی کے سخت عسیر بلکہ غیر امکان پذیر سمجھنا چاہیے الغرض دستیاب ہونا طعام کا ہر مقام پر مسافر کے واسطے اشد ضروریات سفر سے ہے پس دستیاب ہونا طعا

کا ہر ایک مقام پر ایسے جہان نوردون اور صحرا گردون کے واسطے جو کہ گروہ حکما سے فرض کیے گئیے ہین نہ طائفہ سلاطین و امرا سے بدون جانور رکھنے شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا کے کسیطرح پر متصور ہی نہین ہوسکتا الحق تحقیق اور تدوین تو ان علوم و فنون ضروری کی خداوند تعالے نے ابتدا سے متعلق ساتھ گروہ حکما ہی کے فرمائی ہی نہ ساتھ طائفہ سلاطین و امرا کے اور سابق زمانہ کی بے سروسامانی تو اس درجے تھی کہ ملوک و سلاطین بھی سفرون مین اکثر اوقات بالاضطرار محتاج اس قسم شکار کے ہوجایا کرتے تھے بلکہ اگر حق پوچھیے تو بعض مواقع ضرورت مین تو خود اسوقت تک بھی سلاطین و امرا کو احتیاج بالاضطرار اس قسم شکار سے چارہ نہین ہوسکتا پس اون حضرات حکما کے زمان بے سروسامانی کے سفر پر نظر کرنے سے تو اور بھی بالبداہہ ثابت ہی کہ اگر شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا ہر مقام پر میسر نہوتا تو جو سیر و سفر اون سے ظہور مین آیا و توع اوس سیر و سفر کا بھی ہرگز کسی طرح پر متصور نہوتا نہ تو ان حضرات حکما کے پاس سامان سلطنت و امارت تھا کہ سلاطین و امرا کی طرح ہر جگہ اپنے ساتھ ہر قسم کھانے پینے کا بار بلکہ انبار ہمراہ رکھتے اور طرح طرح کے اغذیہ لطیفہ جہان جس وقت چاہتے چکھتے نہ یہ ممکن تھا کہ مثل بعض ریاضت کشون کے صرف درخت کی پتیون پر یہ حضرات بسر اوقات کرتے اور باوجود آدمی ہونے کے جانورون کا کھانا کھا کر بلا موت مرتے ایسا کھانا تو حکمت کی رو سے درست ہی نہین ہی پھر کیونکر حضرات

حکما اوسکو کھاتے اور اگر کھاتے تو بار مشقت سفر کس بل بوتے سے
اپنے سر پر اوٹھاتے غذا تو سفر مین ایسی ملنا چاہیے جو کہ مقوی ہو اور
حافظِ صحت ہو اور اوفق اغذیہ سے ہو واسطے جسم انسان کے اس
قسم کی غذا سوا شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا کے ہر جگہ میسر
آنے والی کہان ہی جو ایسے جہان گردون اور دشت وصحرا نوردون کو
ہر ایک جگہ پر میسر آسکے پس ان تمام وجوہ و مقدمات سے یہ بات
بالبداہہ ثابت ہی کہ ہر قسم ترقی اور تحقیق علوم ضروری نوع انسان کی
موقوف تھی سیر و سفر پر اور سیر و سفر اسکا موقوف تھا ایسی غذاے
کثیر الوجود ہر جا موجود غیر وابستہ وجود سیم و زر پر غرض کمال ضرورت جواز
شکار وحوش وطیور کے اور شکار ماہیان دریا کے بلحاظ قدر ضرورت سیر و
سفر مذکور سے بخوبی واضح ہی پس جس قدر ترقیات علوم وکمالات نوع
انسان کے از عہد آدم تا ایندم صرف بذریعہ سیر و سفر ظہور مین آئین بغور
اونکو ملاحظہ کرنا چاہیے اور دریافت کرنا چاہیے کہ جن جن علوم وادراکات
عجیبہ اور فنون وکمالات غریبہ کو افراد انسانی نے بذریعہ سیر و سفر اور
جہان گردی اور دشت وصحرا نوردی کے حاصل کیا ہی آیا حاصل کرنا
اونکا کیسا ضروری تھا اور بدون اختیار جہان گردی اور دشت وصحرا نوردی
کے بھی حاصل کرنا اون علوم وکمالات عجیبہ کا کسی طرح ممکن ہو سکتا تھا
یا نہین اور جو کچھ سیر و سفر اور جہان نوردی اور دشت وصحرا گردی
برسون بلکہ قرنون ان حضرات سے وقوع مین آئی بدون جا بجا پہ میسر

آنی غذاے موافق اور مقوی اور مفید کے بھی یہ جہان گردی اور دشت وصحرا نوردی انسان ضعیف البنیان سے ممکن ہوسکتی تھی یا نہین اور اس قسم کی غذاے مفید ومقوی جا بجا میسر آنے والی سوا گوشت وحوش وطیور اور ماہیان دریا کے کوئی اور بھی خداوند خلاق نے پیدا فرمائی ہی یا نہین ان تمام وجوہ ومقدمات کے بغور نظر کرنے سے کمال ضرورت جواز شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا کے نوع انسان کے واسطے بداہت تمام بلا گنجایش بحث وکلام ثابت ومتحقق ہی اور تتمہ کلام اور خلاصہ مرام اس مقام مین یہ ہی کہ شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا دراصل واسطے نوع انسان کے اس نظر سے ضروری الرخصت تجویز کیا گیا کہ حاجت سفرون کی بھی انسان کے واسطے ضروری ہی پس اون سفرون کے واسطے مرخص ہونا ایسے رزق وسیع کثیر الوجود کا از جملہ اہم امور ہی الحق بہت سفر انسان کے تمام نوع انسان کے واسطے کمال ضروری اور متضمن انواع فیوض وانتفاع مقدر کیے گئے ہین اور اکثر اشخاص مفلس وبے زر ہی اون سفرون پر شیفتہ اور فریفتہ مقرر کیے گئے ہین امرا کو عیش امارت ایسے کامون سے کے واسطے کمتر رخصت سفر دیتا ہی علاوہ اسکے سنت قدیم خداوند علیم حکیم اس طرح پہ جاری ہی کہ ایسے مشکل اور بے طمع ارادون کا کام خداوند ملک علام اکثر مفلسون اور آزادون ہی سے لیتا ہی جسقدر علوم وفنون ضروری کہ تحقیق وتدوین اونکی ابتداے عہد عالم سے

آج تک وقوع مین آئی کچھہ سلاطین وامراسے اوسکا وقوع نہین ہوا
بلکہ اکثر جامعین اور محققین ان علوم وفنون کے محض مفلس وغربا تھے پس اس
صورت مین اگر شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا کا واسطے انسان
کے جائز اور مرخص قرار ندیا جاتا تو بار مشقت ایسے سفرون کا کس بل
بوتے سے کوئی شخص اپنے سر پر اوٹھاتا اور سچ تو یہ ہے کہ ضرورت ایسے
شکار کی حالت سفر مین کچھہ مفلسین وغربا ہی کے ساتھہ بالاختصاص
خاص نہین کی گئی بلکہ حقیقت پوچھیے تو خود سلاطین وامرا بھی ایسے
سفرون مین بعض مواقع پر بالاضطرار محتاج اس قسم شکار کے ہوجایا
کرتے ہین غرض امیر ہون یا فقیر ایسے آزادانہ سفرون مین بدون
جائز رکھنے شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا کے چارہ اور گذارہ
دونون کا سخت دشوار ہوتا ہے اگر غور کیجیے تو ایسے سفرون کا صرف
اسی قسم اغذیہ پر اکثر دار و مدار ہوتا ہے **فائدہ** ہرگاہ اصل وجہ ضرورت
شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا کی معلوم ہوئی تو جاننا چاہیے
کہ اصل علت اور کمال ضرورت تو جواز عام شکار وحوش وطیور اور
شکار ماہیان دریا کی یہی تھی جو کہ بیان کی گئی لیکن بعض مواضع
اور مقامات کی حالت خاصہ پر نظر کرنے سے ایک دوسری علت
اور بھی ایسی ہی قوی جواز شکار اقسام جانوران مذکور کے واسطے
ثابت ومتحقق ہوتی ہے بیان اوسکا یہ کہ جن جبال وصحاری غیر
ذی زرع مین قدرت خدا سے افراد نوع لبشر آباد ہین اون مواضع

غیر ذی زرع کے رہنے والون کے واسطے بھی احتیاج بالاضطرار ان دونون
قسم شکار کو جملہ مسلمات سے سمجھنا چاہیے کسواسطے کہ ایسے مواقع خاصہ
مین بسر بردا افراد نوع بشر کا دار و مدار توبسبب قلت ونایابی اجناس حبوب
وغلہ جات کے ابتدائے حالت خلقی سے صرف دو ہی قسم اغذیہ پر مقرر
رکھا گیا ہے ایک گوشت یا شیر یا روغن بھیڑون بکریون دنبون وغیرہ
کا دوسرے شکار وحوش وطیور اور شکار ماہیان دریا حاجت اس قسم
شکار کی اون مواضع خاصہ مین تا زمان عدم کثرت وعدم شیوع جہازات
وغیرہ اسباب وسامان حمل وحمال واثقال تو بہت ہی کچھہ تھے لیکن
اب تک بھی اکثر اس قسم مواضع پر ضرورت شکار مذکور سے فراغ واستغنا
حاصل نہین ہے اگرچہ بھیڑین اور دنبے وغیرہ جانوران خاص تو اون مقامات
کے باشندون کے واسطے خلق ہوئے ہین فاما ان جانوران خاص
کے گوشت اور شیر وغیرہ کا انتفاع عام تو گویا وہان کے ذی مقدرتون
کے ساتھہ اکثر مخصوص رہا کرتا ہے رہے مردمان مفلس وہان کے اونکا
پیٹ تو بہ نسبت اوس گوشت اور شیر کے ان دونون قسم شکار ہی سے
زیادہ تر بھرتا ہے لیں اون بیچارون کی زندگی کا زیادہ تر دار و مدار
انھین دونون قسم شکار پر مقرر سمجھنا چاہیے اور بھی مخفی نرہے کہ واسطے
جواز ان دونون قسم شکار کے علاوہ ان علل واسرار کے چند علل و
اسرار اور بھی پائے جاتے ہین بعد فکر وتامل خیال مین آتے ہین
منجملہ اون علل واسرار کے ایک یہ ہے کہ انسان بعض اوقات وحالات

مین نہایت نادار اور مصیبت فقر و فاقہ مین گرفتار اور کسی کار و خدمت
کے پانے اور بجالانے سے بھی سخت محروم و ناچار ہو جایا کرتا ہی یہانتک
کہ سوا بھیک مانگنے اور گدائی کرنے کے اور کوئی حیلہ اور وسیلہ ہی
اوس وقت خیال انسان مین نہین گذرتا ہی پس چونکہ بھیک مانگنا
اقتضاے ہمت و فتوت سے نہایت بعید ہی اور بسبب منافی شرم
و حیا ہونے کے دولت انسانیت کے واسطے سراسر موجب مضرت
شدید ہی لہذا اوس مضرت اشد اور بلاے بد سے محفوظ رہنے کے واسطے
رخصت اس غذاے بے منت خلق کی تمامی افراد نوع انسان ضعیف البنیان
کو علے العموم دی گئی بلکہ یہ رخصت اون کے حق مین گویا اہم ضروریات
سے تجویز کی گئی سر دوم یہ کہ چونکہ نوکری اور حرفت اور تجارت یعنے
جملہ وجوہ معیشت مین احتیاج تعلق اور تعلق احتیاج ہونا انسان کو طرف
اپنے ابناے جنس کے ضرور تھا اور یہ احتیاج و تعلق اسکا طرف ابناے
جنس کے ہر حالت کی نظر سے از جملہ اہم امور تھا لہذا رحمت عامہ الٰہی مقتضی
اس بات کی ٹھہری کہ کچھہ حصہ رزق بلا احتیاج و تعلق ابناے جنس سے
بھی انسان کو دیا جائے اور سائر حالات احتیاج اوسکی سے کسی ایک
حالت مین مرتبہ فراغ و استغنا بھی تمام ارباب دنیا سے اوسکے واسطے
عنایت و مرحمت کیا جاے تاکہ شان رزاقیت مطلقہ اور ربوبیت عامہ
الٰہی کو وہ اچھی طرح سے پہچانے اور قدر اس عنایت خاصہ اور بخشش
عامہ کی بخوبی تمام جانے علاوہ اسکے ایک سر اعظم اور حکمت اتم

اس رخصت سراپا منفعت مین یہ بھی ہی کہ اگر کوئی شخص باقتضاے للّٰہیت محضہ اور غلبہ شان استغنا کے جملہ ابناے جنس اور ارباب دنیا سے بے تعلق محض ہو کر بسر اوقات کرنا چاہے تو باہمہ بے تعلقی و استغنا اس خوان یغما کے سبب سے بسر اوقات اوسکی دشوار نہین ہو سکتی اگر سعیت اہل و عیال ہی تو بھی اوسکے واسطے موجب تشتت و انتشار نہین ہو سکتی الحق نوع انسان کو تو خداوند خلاق حقیقی نے صفت جامعیت کے ساتھہ خلق کیا ہی اور جملہ شیون و صفات کی منظہریت کے ساتھہ شرف اختصاص اسکو دیا ہی پس ایسی رزاقیت مطلقہ اور ربوبیت عامہ کا ظہور بھی انسان کی نسبت ضرور در کار تھا اسیواسطے انسان اشرف المخلوقات اس نعمت عظمی کے ساتھہ مشرف کیا گیا

## خاتمۃ الکتاب

دلائل جواز و استحسان و وجوب اور فواید و منافع و مصالح اکل لحم کے مقاصد مذکورہ بالا سے بخوبی واضح ہوے لیکن اتنا وسوسہ اس مقام پر البتہ باقی رہا کہ ذبح کرنے مین تکلیف تو جانور کو لامحالہ ہوتی ہی پس اس تکلیف کو خداوند ارحم الراحمین نے جاندار ضعیف و زار پر بلا جرم و خطا کس واسطے جائز رکھا اس وسوسہ کے دفع ہونے کیواسطے بہت سے جوابات ہین جواب اول یہ کہ جملہ مصالح الٰہی پر واقفیت انسان کی کچھہ ضرور نہین دیکھو اطفال خورد سال پر باوصف عاجز و معصوم و مرحوم محض ہونیکے جو جو تکالیف شدیدہ

امراض کی ہوا کرتی ہین اور بھی جانوران بے عقل وزبان پر جو جو شدائد
وتکالیف ذبح سے بھی زیادہ تر لاحق ہوتی ہین یہ جملہ شدائد وتکالیف
بھی آخر بامر وقدرت خداوندی ہی لاحق ہوا کرتی ہین بدون اوسکے
حکم اور مشیت کے توکسیطرح لاحق نہین ہوسکتین پس اون سب شدائد
وتکالیف کے جائز رکھنے کی توجیہ اور وجہ وجیہ کب کسی عاقل کی عقل و
قیاس مین آسکتی ہے اور کونسا عاقل ان شدائد وتکالیف کے مصالح
اور اسرار کو بیان کرسکتا ہے اسی طرح تجویز تکلیف ذبح کے مصالح کا منکشف
ہونا بھی کچھ ضرور نہین اور جائز ہونا اس تکلیف کا بقیاس جواز شدائد
وتکالیف مذکورہ بالا عقل وقیاس سے ہرگز دور نہین جواب دوم یہ کہ
اکثر تکالیف جو کہ انسانون کو پونہچا کرتی ہین بسبب شومی اعمال دافعال
کے پونہچا کرتی ہین پس حیوانات مین بھی تو اعمال ظلم وتعدی باہمدیگر
اکثر واقع ہوا کرتی ہین اور جو فرد حیوان ہے وہ اپنے ہمجنس کمزور کو ضرور
مارتا اور ستاتا رہتا ہے لہذا اگر یہ تکلیف ذبح حیوان کے حق مین سزائے
اعمال ظلم وتعدی ہی قرار دیجاے تو بھی ہوسکتا ہے جواب سوم یہ کہ
ہرگاہ خداوند عالم نے جانداروں کو علاوہ دولت وجود اور بھی ہزار ہا
نعمتون کے ساتھ بھی مشرف فرمایا ہے حالانکہ کوئی استحقاق انکا خداوند
عالم پر پہلا نتھا پس ایسے منعم بحق اور مربی بمطلق سے اگر رنج بھی پونہچے
تو اوس رنج رسانی سے قیاس رنج رسانی مادر مہربان پر نظر کرنا چاہیے
خیال کرو کہ مادر مہربان کے مارنے مین جو لذت بچے کو حاصل ہوا کرتی ہے

وہ لذت تو اوسکو کسی دوسرے کے پیار مین بھی حاصل نہین ہوتی
دوسرا آدمی بچے کو پیار کرتا ہی اور بچہ اوس سے بھاگتا ہی اور ڈرتا ہی
اور مادر مہربان اگر کسیوقت اوسکو مارتی بھی ہی تو بھی بچہ مان ہی مان
پکارتا ہی اور اوسیکی طرف ہاتھ پھیلاتا ہی اور بے اختیار ہوکر جاتا ہی
پس لذت ضرب وزد مادر مہربان کو اوس بچہ بے زبان کے دل سے
پوچھنا چاہیے اور بھلا وہ بچہ تو پھر بچہ آدمی ہی مربی اور پرورش کرنیوالے
کے احسانات بحید وعد کے کمال خیال مین تو جانورون تک کا یہ حال
ہی کہ اگر کوئی شخص اپنے پالے اور ہلائے ہوے جانور پر خفا ہوکر اوسکو
مارتا ہی تو کیسا ہی وہ جانور مہیب وخشمگین وزورآور کیون نہو پرورش
کرنے والے کی خشم وتعذیب کو دیکھکر نہایت ہی دب جاتا ہی اور کان
بھی اوسکے سامنے کبھی نہین ہلاتا ہی اوسکی رنج رسانی سے اصلا غصہ
اسکے دل مین نہین آتا کسیطرحکا خشم وملال طبیعت حیوانی مین ہرگز راہ
نہین پاتا پس معلوم ہوا کہ پرورش کرنے والے کی تعذیب سے اصلا
خیال ملال دل مین نہ لانا اور اوس تعذیب کو تعذیب نہ سمجھنا یہ ایک امر
فطری ہی کہ اطفال خورد سال اور حیوانات لا یعقل محض بھی اسمین ناچار
وبے اختیار ہوا کرتے ہین لہذا ایسے منعم حقیقی کی تعذیب کو مستوجب
شکوہ وشکایت جاننا خود اقتضاے فطرت انسانی بلکہ فطرت حیوانی
سے بھی بعید ہی ضرب الحبیب زبیب اسی نظر سے قول ارباب دید ہی
جواب چہارم یہ کہ ہرگاہ خداوند تعالے قادر مطلق ہی اور اوس قادر مطلق

کے حکم اور مشیت سے حکم ذبح کا تسلیم کیا گیا تو اس ذبح مین جو کہ حکم خداوندی
سے واقع ہوا کرتا ہی تکلیف ہونا جانور مذبوح کو کیا ضرور ہی اور نہ پہونچنا تکلیف
کا ایسی حالت مین اوس قادر مطلق اور کریم بحق کی قدرت اور رحمت
سے کیا دور ہی پس اگر ہم اپنے وہم وگمان مین ذبح کو تکلیف سمجھتے ہین
تو واقع مین اوسکا تکلیف ہونا موافق ہمارے وہم وگمان کی کچھہ ضروری
نہین دیکھو ایک کم سے کم مرتبہ کا ڈاکٹر جو کہ اضعف مخلوقات خداوند عالم
سے ہی زخم چیرنے اور قطع برید اجزاے جسم کرنے مین ایسی ایک دوا سنگھا
دیا کرتا ہی کہ جسکے سبب سے اصلا تکلیف قطع برید کی مریض کو معلوم نہین
ہوتی گو دیکھنے والے اوس قطع برید کو نہایت درجہ تکلیف اوس رنجور
ضعیف پر گمان کرتے ہون پس ہرگاہ خداوند حکیم بحق قادر مطلق نے
ایک اپنے اونے مخلوق کو یہ عقل اور طاقت عطا فرمائی ہی تو کیا خود
خداوند حکیم وکریم بحق قادر مطلق ایسا نہین کر سکتا کہ اصلا تکلیف ان
جانورون کو قطع وبرید ذبح سے معلوم ہی نہو گو بظاہر ہم اپنے وہم
فہم سے اشد تکلیف گمان کرین اور اس قطع وبرید سے ڈرین رہا تڑپنا
ان جانورون کا ہنگام ذبح جائز ہی کہ یہ تڑپنا عین تلذذ کے سبب واقع
ہوا کرتا ہو نہ بسبب تالم کیونکہ وجد کرنا اور تڑپنا بعض کیفیات استلذاذی
مین بھی ہوا کرتا ہی علاوہ اسکے ہم یہ کہتے ہین کہ جو جنبش روح حیوانی کے
وقت بدن سے نکلنے کے باعث ہلانے اور تڑپانے جسم ذی روح
کے ہوا کرتی ہی وہ جنبش خواہ مخواہ دلیل اوپر رنج رسانی جسمانی ہی کے

ہو یہ کچھ ضرور نہین دیکھو چھپکلی کی دُم جس وقت قطع ہو کر علیحدہ ہو جایا کرتی
ہی تو تحریک ہواے روح حیوانی کے سبب سے کس قدر جنبش اور طپش تا دیر
اوس پر طاری ہوتی ہی پس اوس جنبش و طپش سے خود وہ دُم بریدہ تو
صلاحیت ادراک تکلیف کی رکھتی ہی نہین رہی چھپکلی ظاہر ہی کہ چھپکلی کو
اوس وقت سوا کسی قدر اذیت موضع قطع ذنب کے جنبش و تحریک
ذنب سے ایک ادنے تکلیف خفیف بھی نہین ہوتی دم کا تڑپنا
اس چھپکلی کے رنج و تکلیف مین کچھ اصلا موثر نہین ہوتا اور ساکن ہو جانا
بھی اوسکا کچھ تکلیف جراحت منقطع ذنب کو نہین کھوتا پس اس بات سے
بخوبی واضح ہی کہ نکلنے کے واسطے جو تحریک ہواے روح حیوانی کی ہوا کرتی ہی
اوس تحریک کے واسطے کچھ خواہ مخواہ رنج و تکلیف ہی کا لازم ہونا ضرور
نہین ہی جواب پنجم یہ کہ ساتھہ تکلیف دینے کے خداوند خلاق حقیقی قادر
ہی کہ اس تکلیف آنی کے عوض مین نعم البدل اوسکا ہمیشہ کے واسطے
دار آخرت مین ان حیوانات مذبوح کو عنایت فرماے جیسا کہ بعض روایات
کتب دینی اہل اسلام سے اسکا ثبوت بھی ہوتا ہی یعنے وارد ہوا ہی کہ جانوران
مذبوح کو خاک جنت ہو جانے کا صلہ ملیگا لیکن اس مضمون روایت پر
ایک شبہہ عقلی بھی وارد ہو سکتا ہی بیان اوسکا یہ کہ اگر یہ جانوران ذبیح
خاک ہو گئے گو خاک جنت ہی کیون نہون تو خاک ہونے پر قسم جماد بےحس
و درک سے ٹھہرے لہذا جماد بےحس ہو کر داخل جنت ہونے سے فائدہ
انکو کیا ہوا اور صلہ کیا ملا جواب اس شبہہ کا یہ ہی کہ خداوند تعالے قادر ہی

کہ اوسی خاک مین تلذذ کا ادراک پیدا کر دے اور بذریعۂ خاک ہی کے
لطف و تلذذ جزاے قربان ہونے کا نفوس حیوانیہ کو پوہنچا ئے
جیسا کہ عذاب قبر ہین بذریعۂ عظام بالیہ خاک شدہ کے ایصال کیفیت
تعذیب و ایلام ہونا حضرات محققین نے تسلیم کیا ہے اور با دلّہ صحیح اس
تعذیب و ایلام کا حکم و قدرت خداوندی سے ممکن الوقوع ہونا یا یہ
ثبوت کو پوہنچا دیا ہے جواب ششم یہ کہ ہرگاہ امراض وغیرہ کے سبب سے
بلا ذبح مرنے مین بھی اشد تکلیف کا ان حیوانات کو پہونچنا بالبداہۃ ثابت
ہے اور تکلیف موت ذبح بسبب تکلیف دفعی آنی ہونے کے بمقابلہ تکلیف
استدادی زمانی موت امراض کے اخف تکلیف ہے نہ اشد پس اس صورت
مین اگر وسوسۂ مذکورہ بالا پیدا ہو سکتا ہے تو شدائد تکالیف موت امراض
مین خاصتہً بدرجۂ اولی پیدا ہونا اس وسوسہ کا چاہیے نہ یہ کہ تکلیف دفعی
آنی موت ذبح مین تو یہ وسوسہ پیدا ہو اور تکلیف امتدادی زمانی موت
امراض مین نہو حال آنکہ کمال خفت و آسانی تکلیف موت ذبح کی تو بسبب
دفعی جشیم زدنی ہونے کے مقتضی اس بات کی ہے کہ اگر اسی کمال سہولت
و آسانی کو ایک توجیہ وجیہ تجویز حکم ذبح کی جانین اور محل جوابات وسوسہ
مذکورۂ بالا مین جواب ہفتم اس توجیہ وجیہ کو گردانین تو بھی سزاوار تسلیم
ارباب عقل سلیم ہو سکتا ہے

تمت

فالحمد للہ حمد الشاکرین و آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

| | |
|---|---|
| لله الحمد که این نسخهٔ خاطر مینحواستا | آمد آخر ز پس پردهٔ تقدیر پدید |

الحمد لله وسلام علی عباده الذین اصطفی ✦ اما بعد عاجز سراپا عیوب **محمد یعقوب** منصرم مطبع نظامی نامی ، بر ضمائر خورشید نظائر ارباب فهم و ذکا انصاف پیرا مبرهن و هویدا میسازد که درین زمان سعید و آوان حمید نسخهٔ نو آئین مشعر مضامین رنگین بجواز و استحسان ذبیحه مسمی به **برهان لائح فی تحقیق امر الذبائح** که فی الواقع در تحقیق جواز ذبائح و ازالهٔ اوهام قبائح حجتی ست قاطع و برهانی ست ساطع تصنیف لطیف و تالیف شریف نحریر شهیر لبیب ادیب واقف رموز خفیه و جلیه ماهر علوم عقلیه و نقلیه مهر سپهر مجد و جلال مولنا سید **قمر الدین احمد** صاحب لازال شموس افاداته طالعة ما طلع الهلال بتوجه خاص حضرت مولنا المکرم و مخدومنا الاعظم المعی لوذعی منبع فیوضات الٰہ مولنا مولوی **محمد شاه** صاحب عمت افاضتهم باین عاجز بهر سیدن بمقتضای فور خواهش ارباب صدق و صفا و احباب پرتو انطباعش ذریعهٔ سعادت دارین خود انگاشته دست استمداد بدامان عالیشان حضرت آقای نامدار فرد المجد والوفا مظهر الجود والاحسان ملجای ماوای بیکسان **جناب محمد عبد الرحمن خان صاحب** مالک مطبع نظامی نامی که عالمی از فیض عام آن منبع الفضل والامتنان کامیاب است و ذات بابرکاتش در انجاح مرام خسته دلان ناکام مرهمی ست نایاب زدم از آنجا که توجه خاص حضرت ممدوح باین عقیدت اختصاص بیرون از احصای قیاس است ملتمس خادم دیرین بپایهٔ اجابت رسید اعنی بتفضل ایزد منان آن نسخهٔ غریبه و عجالهٔ عجیبه در اندک زمان بحسن اهتمام حضرت آقای ممدوح بین الانام بتصحیح تمام بعد نظر ثانی جناب مصنف علام بر کاغذ خوب و تقطیع خوش اسلوب حلیهٔ انطباع در برکشیده نضارت بخش دیدهٔ نظارگیان انصاف آئین گردید

## قطعهٔ تاریخ طبع کتاب هذا

| | | | |
|---|---|---|---|
| این کتاب نو منور شد چو از نور قمر | صاحبان علم و دانش را بدل مطبوع شد | خامهٔ یعقوب سال طبع با طبع سلیم | زد رقم برهان لائح مستند مطبوع شد ۱۲۹۲ھ |

## اشتهار

جو که حق تصنیف اس کتاب لاجواب کا حضرت مصنف صاحب نے اس عاجز کو عطا فرمایا ہے لہذا بدون اجازت احقر کوئی صاحب قصد طبع نفرماوین اور جسقدر کتابین مطلوب ہون مطبع نامی نظامی سے طلب فرماوین وماعلینا الا البلاغ ✦

المشتهر
محمد یعقوب منصرم مطبع نظامی کانپور

محمد روشن خان حنفی سنه ۱۲۸۳
محمد عبد الرحمن خان

## وجه ختم بر خاتمه

برای سند آنکه این کتاب مطبوع مطبع نظامیست مهر و دستخط مهتمم ثبت نموده شد